روزنامہ
تعمیر وطن کوئٹہ
★ ABC CERTIFIED ★
Member APNS
Daily Tameer-e-Watan Quetta

جلد نمبر 27 ...... شمارہ نمبر 303 بروز جمعہ 31 جولائی 2026ء 15 صفر 1448ھ ...... قیمت 7 روپے (صفحات 8) کوئٹہ اور اسلام آباد سے بیک وقت شائع ہونے والا قومی اردو روزنامہ چیف ایڈیٹر: محمد عاطف خان ...... ایڈیٹر: ایم ایس خان

نوتال کے قریب نامعلوم افراد نے فائرنگ کر کے ایک شخص کو قتل کر دیا

کوئٹہ (آن لائن) نوتال کے قریب نامعلوم افراد نے فائرنگ کر کے ایک شخص کو قتل کر دیا پولیس کے مطابق گزشتہ روز نوتال کے علاقے میں نامعلوم افراد نے فائرنگ کر کے رحمت اللہ نامی شخص کو قتل کر دیا اور فرار ہوگئے۔ نعش ہسپتال منتقل کر دی گئی نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کر دی گئی تاہم قتل کی وجہ معلوم نہیں ہو سکی۔

پاک بحریہ کے جہاز تیمور کا شمالی بحیرہ عرب میں پھنسی ماہی گیر کشتی کے لیے کامیاب ریسکیو آپریشن

کراچی (آن لائن) پاک بحریہ نے شمالی بحیرہ عرب میں ماہی گیر کشتی الجلالی کو کامیابی سے بحفاظت ریسکیو کر لیا جو گوادر سے تقریباً 120 ناٹیکل میل جنوب میں انجن کی خرابی کے باعث پھنس گئی تھی۔ کشتی پر سوار کل 19 عملے کے افراد، جن میں 11 پاکستانی اور 8 ایرانی شہری شامل تھے، کشتی کا انجن خراب ہونے کی وجہ سے سمندر میں پھنسے ہوئے تھے۔ ڈائریکٹر جنرل پبلک ریلیشنز (نیوی) کے مطابق شمالی بحیرہ عرب میں جاری مون سون کے دوران موسمی خرابی کے باعث کشتی کے عملے کی جان کو فوری خطرہ لاحق تھا۔

بے گناہ مزدوروں کا قتل ایک ناقابل معافی جرم اور انتہائی بزدلانہ کارروائی ہے، ثمینہ زہری

اسلام آباد/کوئٹہ (آن لائن) چیئرپرسن سینیٹ فنکشنل کمیٹی برائے انسانی حقوق سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے ضلع کیچ میں فتنہ الہندوستان سے وابستہ دہشت گردوں کے ہاتھوں نہتے اور محنت کش مزدوروں کے سفاکانہ قتل کی شدید الفاظ (باقی صفحہ 2 نمبر 4)

رفیع اللہ جیسے باہمت نوجوان بلوچستان کا قیمتی سرمایہ اور روشن مستقبل ہیں، میر سرفراز بگٹی

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے دونوں ہاتھوں سے معذور مگر غیر معمولی عزم اور حوصلے کے حامل ہونہار طالب علم رفیع اللہ کو چیف منسٹر سیکرٹریٹ مدعو کرکے ان سے خصوصی ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران رفیع اللہ نے ڈاکٹر بننے کی خواہش کا اظہار کیا، جس (باقی صفحہ 2 نمبر 3)

میر ضیاء اللہ لانگو کی جانب سے ضلعی انتظامیہ سے رابطہ کے بعد خالق آباد بازار دوبارہ کھل گیا

قلات (خ ن) صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو کی جانب سے ضلعی انتظامیہ سے رابطہ کے بعد خالق آباد بازار دوبارہ کھل گیا۔ خالق آباد بازار میں تجارتی سرگرمیاں بحال ہوتے ہی شہریوں نے بازاروں کا رخ کیا اشیائے ضروریہ کی خریداری شروع کردی معمولات (باقی صفحہ 2 نمبر 2)

نہتے اور بے گناہ شہریوں کا قتل بلوچ روایات کا حصہ نہیں بلکہ فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں کی سفاک سوچ کی عکاسی کرتا ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی

معصوم شہریوں کو نشانہ بنانے والے عناصر انسانیت، بلوچستان اور پاکستان کے دشمن ہیں

وزیراعلیٰ بلوچستان

شہید ہونے والے مزدور کسی ایک قوم، زبان یا صوبے سے نہیں بلکہ پاکستان کے شہری تھے دہشتگردوں نے پنجابیوں کو نہیں بلکہ بے گناہ پاکستانیوں کو نشانہ بنایا ہے

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ضلع کیچ میں فتنہ الہندوستان سے وابستہ دہشتگردوں کے ہاتھوں چھ بے گناہ مزدوروں کے بہیمانہ قتل کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ معصوم شہریوں کو نشانہ بنانے والے عناصر انسانیت، بلوچستان اور پاکستان کے دشمن ہیں وزیراعلیٰ نے اپنے مذمتی بیان میں کہا کہ شہید ہونے والے مزدور کسی ایک قوم، زبان یا صوبے سے نہیں بلکہ پاکستان کے شہری تھے۔ دہشتگردوں نے پنجابیوں کو نہیں بلکہ بے گناہ پاکستانیوں کو نشانہ بنایا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس افسوسناک واقعے کو قومیت کا رنگ دینا دہشتگردوں کے مذموم عزائم کو تقویت دینے کے مترادف ہوگا میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچ قوم کی روایات مہمان نوازی، بھائی چارے، عزت اور انسانیت کے (باقی صفحہ 2 نمبر 1)

ہم جس سسٹم میں رہ رہے ہیں وہ تباہ ہو چکا، کوئی مانے یا نہ مانے موجودہ سسٹم گر چکا موجودہ نظام کی خرابی دور کرنے کیلئے تمام سیاسی جماعتوں کو مل بیٹھنا، ہمت سے خطاب

اختیارات کی نچلی سطح پر منتقلی، تاجروں، صنعتکاروں اور کاروباری طبقہ کو انتظامی سطح پر لانا ہوگا سسٹم ٹھیک نہ کیا تو دس سال بعد بھی اسی طرح بیٹھے رہیں گے، وفاقی وزیرداخلہ محسن نقوی

کوئی مانے یا نہ مانے موجودہ سسٹم گر چکا، انتظامی یونٹ کہیں یا صوبے بنانے کی طرف جانا ہوگا

محسن نقوی

کوئی کاکروچ پارٹی یہاں بھی سسٹم کو الٹنے کے لئے اٹھ کھڑی ہوگی اگر ہم نے اس حقیقت کو نہ سمجھا تو آپ دس سال بعد بھی ایسی ہی تقریر کر رہے ہوں گے ہم بجٹ منفی میں بناتے ہیں

اسلام آباد (آن لائن) وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کوئی مانے یا نہ مانے موجودہ سسٹم گر چکا ہے۔ موجودہ نظام کی خرابی دور کرنے کے لئے تمام سیاسی جماعتوں کو مل بیٹھنا، اختیارات کی نچلی سطح پر منتقلی، تاجروں، صنعتکاروں اور کاروباری طبقہ کو انتظامی سطح پر لانا ہوگا۔ سسٹم ٹھیک نہ کیا تو دس سال بعد بھی اسی طرح بیٹھے رہیں گے جبکہ کوئی کاکروچ پارٹی یہاں بھی سسٹم کو الٹنے کے لئے اٹھ کھڑی ہوگی۔ اکنامک سمٹ سے خطاب کرتے ہوئے وزیرداخلہ کا کہنا تھا کہ ساڑھے (باقی صفحہ 2 نمبر 5)

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے ہونہار طالب علم رفیع اللہ ملاقات کر رہے ہیں

پاکستان اور امریکا کے درمیان اقتصادی تعاون، تجارت اور سرمایہ کاری کے فروغ کی کوششوں میں اہم پیش رفت

دونوں ممالک کے درمیان اقتصادی تعلقات کو مزید وسعت دینے کی راہ بھی ہموار کرے گا

اسلام آباد (آن لائن) اسپیشل انویسٹمنٹ فیسلیٹیشن کونسل (ایس آئی ایف سی) کی سہولت کاری سے پاکستان اور امریکا کے درمیان اقتصادی تعاون، تجارت اور سرمایہ کاری کے فروغ کی کوششوں میں اہم پیش رفت سامنے آئی ہے۔ پاکستان کے دورے پر آئے امریکی کاروباری اور کمرشل وفد کو ایس آئی ایف سی کے زیراہتمام خصوصی (باقی صفحہ 2 نمبر 31)

6 مزدوروں کو بیدردی سے شہید کرنے والے درندے کسی رعایت کے مستحق نہیں، محسن نقوی

اسلام آباد/کوئٹہ (آن لائن) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے بلوچستان کے علاقے کیچ میں فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں کی جانب سے 6 مزدوروں کو شہید کرنے کے واقعہ کی پرزور مذمت اور غمزدہ خاندانوں سے دلی (باقی صفحہ 2 نمبر 30)

آزاد کشمیر انتخابات کے پہلے مرحلے میں کامیابی عوامی خدمت کا اعتراف ہے: نواز شریف

کشمیری عوام نے ترقی اور استحکام کی سیاست پر اعتماد کا اظہار کیا، منتخب نمائندے عوامی توقعات پر پورا اتریں

فیصل آباد (آن لائن) فیصل آباد پاکستان مسلم لیگ ن کے قائد و سابق وزیراعظم میاں محمد نواز شریف نے کہا ہے کہ ہم نے ہمیشہ عوام کی اور ملک کی خدمت کی ہے ملک کو ترقی کی راہ پر گامزن کیا جس کا نتیجہ آج کشمیر کی عوام نے مسلم لیگ ن کی قیادت پر اعتماد کیا ہے۔ انشاءاللہ دوسرے دونوں مرحلوں میں بھی مسلم لیگ ن کے امیدوار کامیاب ہوں گے، انہوں (باقی صفحہ 2 نمبر 7)

اوور لوڈنگ کے خلاف سخت اقدامات، ایکسل لوڈ مینجمنٹ پر عملدرآمد مزید موثر بنانے کا فیصلہ

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر مواصلات عبد العلیم خان کی زیر صدارت ایکسل لوڈ مینجمنٹ سے متعلق ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ملک بھر میں اوور لوڈنگ کی روک تھام اور ایکسل لوڈ قوانین پر موثر عملدرآمد کے لیے مختلف اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں وفاقی و(باقی صفحہ 2 نمبر 6)

معیشت کی بہتری کیلئے مقبول نہیں، درست فیصلے کرنا ہوں گے، احسن اقبال

پاکستان کی جی ڈی پی شرح نمو 3.7 فیصد رہی، عالمی ادارے معاشی بہتری کو تسلیم کر رہے ہیں

انہوں نے بتایا کہ 2017 میں 340 ارب روپے کا فلڈ پروٹیکشن پلان بنایا گیا تھا

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے کہا ہے کہ ملک کی معیشت کو مضبوط بنانے کے لیے حکومت کو مقبول فیصلوں کے بجائے درست اور ذمہ دارانہ فیصلے کرنا ہوں گے۔ پوری دنیا اس وقت سپلائی چین کے مسائل سے متاثر ہے اور پاکستان بھی عالمی حالات کے اثرات سے محفوظ نہیں، تاہم حکومت ملکی مفاد کو مدنظر رکھتے ہوئے (باقی صفحہ 2 نمبر 29)

لاہور، امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن منصورہ میں پریس کانفرنس کر رہے ہیں

گوادر کے ترقیاتی منصوبوں کے لیے مزید فنڈز کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے بھرپور اقدامات کیے جائیں گے

گوادر کے ترقیاتی منصوبوں کیلئے مزید فنڈز فراہم کیے جائیں گے، احسن اقبال کی یقین دہانی

مولانا ہدایت الرحمن کی احسن اقبال سے ملاقات، گوادر کے ترقیاتی منصوبوں، پانی اور عمانی گرانٹ پر تفصیلی تبادلہ خیال

صوبائی حکومت کو بھی سفارش کی جائے گی کہ وہ گوادر کے ترقیاتی منصوبوں میں اپنا بھرپور حصہ ڈالے، وفاقی وزیر منصوبہ بندی

کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے کی اسلام آباد میں وفاقی وزیر احسن اقبال سے ملاقات، گوادر کے ترقیاتی منصوبوں کے لیے مزید فنڈز کی یقین دہانی، چیف انجینئر جی ڈی اے کی منصوبوں پر تفصیلی بریفنگ۔ امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمن نے اسلام آباد میں وفاقی وزیر منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال سے ملاقات کی۔ ملاقات میں چیف انجینئر گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی حاجی سید محمد بھی موجود تھے۔ ملاقات میں گوادر کی مجموعی ترقیاتی صورتحال، جاری منصوبوں کی پیشرفت، آئندہ (باقی صفحہ 2 نمبر 8)

ہنگو: وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی ہنگو میں دہشت گردوں کے ساتھ جھڑپ میں پولیس شہداء کے درجات کی بلندی کے لئے دعا کر رہے ہیں

آزاد کشمیر کے انتخابات پر اٹھنے والے سوالات صرف ایک جماعت کا مسئلہ نہیں بلکہ پورے انتخابی نظام کی ساکھ کا معاملہ ہیں

کشمیر میں لیگ کی مبینہ دھاندلی عوامی مینڈیٹ کی پامالی ہے، علی حسن زہری

پاکستان پیپلز پارٹی کشمیری عوام کے ساتھ کھڑی تھی، کھڑی ہے اور ہمیشہ کھڑی رہے گی کشمیری عوام جانتے ہیں کہ الیکشن میں کیا ہوا

اسلام آباد/کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی سینئر رہنما، ترجمان صدر مملکت آصف علی زرداری اور پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے سینئر صوبائی نائب صدر میر علی حسن زہری نے آزاد جموں و کشمیر کے انتخابات میں مبینہ دھاندلی، عوامی مینڈیٹ کی پامالی اور دنا (باقی صفحہ 2 نمبر 9)

جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات حاجی سید عبدالستار شاہ چشتی، حاجی دولت خان سلیمانخیل، و دیگر قبائلی شخصیات سمیت سینکڑوں افراد حاجی حکیم خان سلیمانخیل کی رہائشگاہ شیخ ماندہ بابازیارت کوئٹہ میں شہید شیر محمد کے فیصلہ کے جرگہ میں شریک ہیں

عالمی اور مقامی مارکیٹس میں سونے کی قیمت میں اضافہ

کراچی (آن لائن) عالمی اور مقامی مارکیٹس میں سونے کی قیمت میں دو روز بعد پھر اضافہ دیکھنے میں آیا ہے۔ آل پاکستان صرافہ جیمز اینڈ جیولرز ایسوسی ایشن کے مطابق 24 قیر(باقی صفحہ 2 نمبر 10)

3 منزلہ مکان کی چھت گرنے سے ایک ہی خاندان کے 11 افراد جاں بحق

بارشوں سے بچنے کیلئے حال ہی میں سب سے اوپر کی چھت پر مٹی ڈلوائی گئی تھی

لاہور (آن لائن) ہرنس پورہ میں خستہ حال 3 منزلہ مکان کی چھت گرنے سے خواتین اور بچوں سمیت ایک ہی خاندان کے 11 افراد جاں بحق جبکہ 6 زخمی ہوگئے، حادثے کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو ٹیمیں اور اہل علاقہ موقع پر پہنچ گئے اور امدادی سرگرمیاں شروع کر کے (باقی صفحہ 2 نمبر 13)

پشتونخوا ملی عوامی پارٹی بھی الیکشن کمیشن کے ریڈار پر آگئی پارٹی کے سربراہ کو تسلیم کرنے سے انکار

اسلام آباد (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی بھی الیکشن کمیشن کے ریڈار پر آگئی۔ پارٹی کے سربراہ کو تسلیم کرنے سے انکار۔ (باقی صفحہ 2 نمبر 11)

وزارت صحت، خزانہ اور ماہرین کی مشاورت سے تیار کردہ ماڈل پر معاہدہ

اسپتالوں کیلئے نیا پائیدار انتظامی نظام متعارف، عوام کو بہتر طبی سہولیات ملیں گی، مصطفیٰ کمال

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ حکومت نے اسلام آباد کے وفاقی اسپتالوں کے موثر، شفاف اور طویل المدتی انتظام کے لیے ایک پائیدار نظام تشکیل دے دیا ہے، جس کے تحت متعلقہ معاہدے پر دستخط کر دیے گئے ہیں۔ نئے انتظامی (باقی صفحہ 2 نمبر 12)

4 کا تعلق پنجاب اور 2 کا خیبر پختونخوا سے تھا نعشیں ضروری کارروائی کے بعد ان کے آبائی علاقوں کو روانہ کر دی گئیں

کیچ ناصر آباد میں دہشتگردوں نے 6 مزدوروں کو شہید کر دیا

دہشتگردوں نے 6 غیر مقامی مغوی مزدوروں کو شہید کر دیا جن میں محمد ارشد، محمد تیمور، محمد پرویز، محمد وزیر، محمد امجد اور محمد یحییٰ شامل ہیں

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان کے علاقے کیچ ناصر آباد میں دہشتگردوں نے 6 غیر مقامی مزدوروں کو شہید کر دیا۔ نعشیں ہسپتال منتقل کر دی گئیں سکیورٹی ذرائع کے مطابق گزشتہ روز دہشتگردوں نے کلاتک کے علاقے سے غیر مقامی مزدور جاوید کو شہید کیا اور 6 مزدوروں کو اغوا کر کے لے گئے تھے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ دہشتگردوں نے تمام 6 غیر مقامی مغوی مزدوروں کو شہید کر دیا ہے جن میں محمد ارشد، محمد تیمور، محمد پرویز، محمد وزیر، محمد ا(باقی صفحہ 2 نمبر 25)

انسانی سمگلنگ کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر سختی سے عمل پیرا ہیں، وزیرداخلہ

یورپ جانے والی سمگلنگ میں 47 فیصد کمی آئی، انسانی سمگلنگ کے خلاف عالمی دن پر پیغام

اسلام آباد (آن لائن) وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ انسانی سمگلنگ ایک سنگین بین الاقوامی جرم اور انسانیت کے خلاف ظلم ہے، جس کے خاتمے کے لیے حکومت پاکستان (باقی صفحہ 2 نمبر 24)

شہباز شریف کا شمالی بحیرہ عرب میں 19 ماہی گیروں کی کامیاب ریسکیو پر پاک بحریہ کو خراج تحسین

کامیاب مشن سمندر میں انسانی جانوں کے تحفظ کیلئے پاک بحریہ کے عزم اور بروقت تیاری کا واضح ثبوت ہے

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے شمالی بحیرہ عرب میں سمندر میں پھنسے 19 ماہی گیروں کو کامیابی سے بحفاظت ریسکیو کرنے پر پاک بحریہ کو زبردست (باقی صفحہ 2 نمبر 23)

سوشل میڈیا پر بارہ سنگھا آٹے کے متعلق شہریوں کی جانب سے موصول ہونے والی شکایات پر نوٹس

سبی (آن لائن) سوشل میڈیا پر بارہ سنگھا آٹے کے متعلق شہریوں کی جانب سے موصول ہونے والی شکایات پر ڈپٹی کمشنر سبی میجر (ر) الیاس کبزئی نے فوری نوٹس لیتے ہو(باقی صفحہ 2 نمبر 22)

حکومت بلوچستان نے شہید ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج عبدالحکیم کاکڑ اور ہیڈ کانسٹیبل محمد زمان کو قرار دیدیا

کوئٹہ (خ ن) حکومت بلوچستان نے ضلع مستونگ میں 23 جولائی 2026 کو دہشت گردوں کی فائرنگ سے شہید ہونے (باقی صفحہ 2 نمبر 21)

صدر آصف زرداری سے محسن نقوی کی ملاقات، امن وامان کی صورتحال پر تبادلہ خیال

ملک میں پائیدار امن کے قیام کیلئے پوری قوم اپنی سکیورٹی فورسز کے ساتھ کھڑی ہے، صدر

کراچی (آن لائن) صدر مملکت آصف علی زرداری سے وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے ملاقات کی۔ ملاقات میں ملک کی مجموعی امن وامان کی صورتحال، خصوصاً خیبر پختونخوا اور بلوچستان کی سکیورٹی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے صدر مملکت کو خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں امن وامان کی موجودہ صورتحال اور دہشت گردی کے خلاف جاری اقدامات پر بریفنگ دی۔ صدر آصف علی زرداری نے دہشتگردی کے خلاف پاک افواج، قانون نافذ کرنے والے اداروں اور پولیس کی بہادری، پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور قربا(باقی صفحہ 2 نمبر 26)

نال اور گردونواح میں بھکاریوں کی تعداد میں ایک بار پھر اضافہ، شہری اور دکاندار پریشان

کوئٹہ (آن لائن) نال شہر اور گردونواح میں پیشہ ور بھکاریوں کی تعداد میں (باقی صفحہ 2 نمبر 20)

کراچی، خاتون اول، آصفہ بھٹو زرداری منعقدہ آم ڈپلومیسی فیسٹیول کے دوران مختلف سٹالز کا معائنہ کر رہی ہیں

معصوم شہریوں کو نشانہ بنانے والے عناصر انسانیت، امن اور بلوچستان کے روشن مستقبل کے دشمن ہیں

بلوچستان کے امن و استحکام کو سبوتاژ کرنے کی ہر سازش ناکام بنائی جائے گی، شاہد رند

بلوچستان کی ترقی، معاشی سرگرمیوں اور عوام کے روزگار کو نقصان پہنچانے کی مذموم کوشش بھی کی ہے، ترجمان

کوئٹہ (خ ن) معاون وزیراعلیٰ بلوچستان برائے اطلاعات وسیاسی امور شاہد رند نے ضلع کیچ میں بے گناہ مزدوروں کے بہیمانہ قتل کے واقعے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ معصوم شہریوں کو نشانہ بنانے والے عناصر انسانیت، امن اور بلوچستان کے روشن مستقبل کے دشمن ہیں اپنے ایک بیان میں شاہد رند نے کہا کہ دہشتگردوں نے نہتے مزدوروں کو شہید کرکے نہ صرف قیمتی انسانی جانیں ضائع کیں بلکہ بلوچستان کی ترقی، (باقی صفحہ 2 نمبر 15)

انٹرا پارٹی انتخابات میں ناکامی الیکشن کمیشن نے چار سیاسی جماعتوں کی رجسٹریشن منسوخ کردی

رجسٹریشن منسوخ ہونے کے بعد الیکشن کمیشن میں رجسٹرڈ سیاسی جماعتوں کی تعداد کم ہو کر 164 رہ گئی

اسلام آباد (آن لائن) انٹرا پارٹی انتخابات میں ناکامی الیکشن کمیشن نے چار سیاسی جماعتوں کی رجسٹریشن منسوخ کردی۔ الیکشن کمیشن کی جانب سے سیاسی جماعتوں کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے اور مزید چار سیاسی جماعتوں کی رجسٹریشن منسوخ (ڈی لسٹ) کر دی ہے اور اس حوالے سے باقاعدہ نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیے ہیں۔ ڈی لسٹ کی جانے والی جماعتوں میں وقار ذکاء کی ٹیکنالوجی موومنٹ پاکستان، عوامی جمہوری پارٹی پاکستان، ہم عوام پاکستان پارٹی اور پاکستان ریفارم پارٹی شامل ہیں۔ الیکشن کمیشن کے مطابق ان جماعتوں کو انٹرا پارٹی انتخابات، سالانہ گوشواروں اور دیگر قانونی تقاضے پورے نہ کرنے پر ڈی لسٹ کیا گیا۔ (باقی صفحہ 2 نمبر 16)

ورلڈ کپ میں خلاف ورزیاں، فیفا کا ارجنٹائن کیخلاف تادیبی کارروائی کا آغاز

واشنگٹن (آن لائن) فیفا نے ورلڈ کپ 2026 کے دوران ہونے والے ناخوشگوار واقعات پر ارجنٹائن کے خلاف تادیبی کارروائی کا آغاز کر دیا۔ بین الاقوامی میڈیا کی رپورٹ کے مطابق ارجنٹائن کے کھلاڑیوں کو ورلڈ کپ کے فائنل میں ہسپانوی کھلاڑیوں سے جھگڑا کرنے جب کہ ارجنٹائن کی فٹ بال فیڈریشن کو ورلڈ کپ (باقی صفحہ 2 نمبر 14)

گندھارا تہذیب پاکستان کا قیمتی ورثہ ہے، اورنگزیب خان کھچی

گندھارا حکمت عملی پر عملدرآمد کے لیے ٹاسک فورس کا افتتاحی اجلاس

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم کی ہدایت پر گندھارا حکمت عملی پر عملدرآمد کے لیے ٹاسک فورس کا افتتاحی اجلاس وفاقی وزیر اورنگزیب خان کھچی کی صدارت میں ہوا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ گندھارا تہذیب پاکستان کا قیمتی ورثہ ہے، دنیا کو بتانا ہوگا کہ پاکستان اس کا حقیقی محافظ اور امین ہے۔ اورنگزیب خان کھچی نے کہا کہ گندھارا ورثے کے تحفظ اور فروغ کے لیے وفاق اور صوبے مشترکہ حکمت عملی کے تحت کام کریں۔ وزیراعظم خود ہر ماہ گندھارا حکمت عملی پر ہونے والی پیش رفت کا جائزہ لیں گے۔ پنجاب اور خیبر پختونخوا گندھارا تہذیب کے اہم مر(باقی صفحہ 2 نمبر 27)

کوئٹہ کلی الماس کے رہائشی نجیب اللہ کرد کے اپنے بھائی سے اظہار لاتعلقی

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ کلی الماس کے رہائشی نجیب اللہ کرد نے کہا ہے کہ میرا بھائی 2 جولائی کو گھر سے بازار کیلئے گیا تھا تاحال واپس گھر نہیں آیا رابطہ کرنے اور تلاش کرنے کی بہت (باقی صفحہ 2 نمبر 19)

فلسطینی عوام کے جائز حقوق کی غیر متزلزل حمایت جاری رکھیں گے، پاکستان

سعودی عرب پر نان اسٹیٹ ایکٹرز کے حملے انتہائی قابل مذمت، ایران امریکا کشیدگی میں کمی اور مذاکرات کی بحالی کے حامی ہیں

مضبوط اور موثر، جوہری پروگرام سے متعلق جرمن نشریاتی ادارے کی دستاویزی فلم حقائق کو مسخ کرنے اور غلط فہمیاں پیدا کرنے کی کوشش ہے

اسلام آباد (آن لائن) دفتر خارجہ نے جرمن نشریاتی ادارے ڈی ڈبلیو کی پاکستانی جوہری پروگرام سے متعلق دستاویزی فلم کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ اس میں حقائق کو مسخ کرنے اور غلط فہمیاں پیدا کرنے کی کوشش کی گئی۔ پاکستان کا نیوکلیئر کمانڈ اینڈ کنٹرول سسٹم بین الاقوامی معیار کے مطابق محفوظ، مضبوط اور موثر ہے، جبکہ ڈی ڈبلیو کو بنیادی صحافتی اصولوں کی پاسداری کرنی چاہیے۔ فلسطینی عوام کے جائز حقوق کی غیر متزلزل حما(باقی صفحہ 2 نمبر 28)

پاکستان کی سمندری حدود کو پاکستان لائیڈز جوائنٹ وار کمیٹی کے لسٹڈ ایریاز سے نکال دیا گیا

کامیابی وزیراعظم کی ہدایت پر قائم کمیٹی کی چار ماہ کی مسلسل کوششوں کا نتیجہ ہے، جنید انوار چوہدری

شپنگ اخراجات میں کمی سے پاکستان کی درآمدات اور برآمدات کو براہ راست فائدہ پہنچے گا، بیان

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان کی سمندری حدود کو پاکستان لائیڈز جوائنٹ وار کمیٹی کے لسٹڈ ایریاز سے نکال دیا گیا ہے، جسے ملک کی بحری اور تجارتی تاریخ میں ایک اہم کامیابی قرار دیا جا رہا ہے۔ وفاقی وزیر بحری امور جنید انوار چوہدری نے کہا ہے کہ یہ کامیابی وزیراعظم کی ہدایت پر قائم کمیٹی کی چار ماہ کی مسلسل کوششوں کا نتیجہ ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ پاکستان کی سمندری (باقی صفحہ 2 نمبر 18)

حکومت نے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کا اختیار اوگرا کو دے دیا ہے، علی پرویز ملک

سینیٹ پٹرولیم کمیٹی کا پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کے تعین کے طریقہ کار پر تشویش کا اظہار

وزیراعظم کی ہدایت پر شفافیت کے لیے یہ طریقہ کار اردو زبان میں بھی شائع کیا جائے گا، وفاقی وزیر

اسلام آباد (آن لائن) سینیٹ پٹرولیم کمیٹی نے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کے تعین کے طریقہ کار پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔ کمیٹی برائے پٹرولیم کا اجلاس سینیٹر عمر فاروق کی عبوری صدارت میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں کمیٹی اراکین کے علاوہ وفاقی وزیر پٹرولیم سمیت دیگر حکام نے شرکت کی۔ کمیٹی کو وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک نے بتایا کہ حکومت نے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کا اختیار اوگرا کو دے دیا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ (باقی صفحہ 2 نمبر 17)

روزنامہ
تعمیر وطن
ABC CERTIFIED
TAMEER-E-WATAN

بنیادی سہولیات

وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کوئی مانے یا نہ مانے موجودہ سسٹم گر چکا ہے۔ موجودہ نظام کی خرابی دور کرنے کے لئے تمام سیاسی جماعتوں کو مل بیٹھنا، اختیارات کی نچلی سطح پر منتقلی، تاجروں، صنعتکاروں اور کاروباری طبقہ کو انتظامی سطح پر لانا ہوگا۔ سسٹم ٹھیک نہ کیا تو دس سال بعد بھی اسی طرح بیٹھے رہیں گے جبکہ کوئی کاکروچ پارٹی یہاں بھی سسٹم کو الٹنے کے لئے اٹھ کھڑی ہوگی۔ اکنامک سمٹ سے خطاب کرتے ہوئے وزیر داخلہ کا کہنا تھا کہ ساڑھے تین سال سے سیاست میں ہونے کے باوجود کبھی کوئی سیاسی تقریر نہیں کی لیکن آج تھوڑی سی سیاسی تقریر کرنا مجبوری ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج تمام صوبوں کی نمائندگی کرنے والے آپ بتا رہے ہیں کہ پاکستان میں یہ بھی ہوسکتا ہے وہ بھی ہوسکتا ہے۔ حالانکہ پاکستان جس حالت میں ہے اس کے ذمہ دار ہم سب ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کوئی مانے یا نہ مانے میں یہ کہوں گا کہ ملک کا موجودہ سسٹم گر چکا ہے۔ اگر ہم نے اس حقیقت کو نہ سمجھا تو آپ دس سال بعد بھی ایسی ہی تقریر کر رہے ہوں گے۔ اللہ نے کرم کیا ہے ہمارا نام بین الاقوامی طور پر ضرور ابھر رہا ہے۔ لیکن ہمارے اندرونی حالات ہرگز اچھے نہیں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہاں بیٹھے لوگ بھی اس نظام کی خرابی میں برابر کے شریک ہیں۔ کیونکہ حکومتیں بننے سے پہلے سیاستدانوں کو جو فنڈنگ بزنس کمیونٹی کی طرف سے کی جاتی ہے اس سے کوئی انکار نہیں کرسکتا۔ انہوں نے کہا اس نظام کو ٹھیک کرنے کے لیے جمہوریت کو ٹھیک کرنا ہوگا۔ جس دن آپ نے فیصلہ کرلیا کہ اس نظام کو ٹھیک کرنا ہے اس دن یہ نظام ٹھیک ہوگا۔ اس نظام میں ہر چیز خراب بھی نہیں ہے۔ انہوں نے کہا عام آدمی کی غرض بنیادی سہولیات کی فراہم تک ہوتی ہے۔ جو ان تک نہیں پہنچ پا رہی ہیں۔

بقیہ 01

احترام پر مبنی ہیں۔ نہتے اور بے گناہ شہریوں کا قتل بلوچ روایات کا حصہ نہیں بلکہ فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں کی سفاک سوچ کی عکاسی کرتا ہے، جن کا مقصد بلوچستان اور پاکستان میں نفرت، خوف اور انتشار پھیلانا ہے وزیر اعلیٰ نے واضح کیا کہ فتنہ الہندوستان کے دہشتگرد بلوچستان کی ترقی، امن اور قومی یکجہتی کے دشمن ہیں اور ریاست ایسے عناصر اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف پوری قوت کے ساتھ کارروائیاں جاری رکھے گی۔ انہوں نے کہا کہ معصوم پاکستانیوں کے خون کے ہر قطرے کا حساب لیا جائے گا اور دہشتگرد قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکیں گے میر سرفراز بگٹی نے شہداء کے لواحقین سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہداء کو اپنے جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے، زخمیوں کو جلد صحت یاب کرے اور سوگوار خاندانوں کو یہ صدمہ صبر و حوصلے کے ساتھ برداشت کرنے کی توفیق دے۔

بقیہ 02

وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو کی ہدایت پر سیکیورٹی اور دیگر انتظامات پر انتظامیہ نے کڑی نظر رکھنے اور ایس او پیز پر عملدرآمد شروع کردیا ہے شہریوں نے بازار کھلنے معمولات زندگی بحال ہونے پر ضلعی انتظامیہ سے اظہار تشکر کیا ہے۔

بقیہ 03

پر وزیر اعلیٰ نے ان کی ہمت، عزم اور خود اعتمادی کو سراہتے ہوئے ہر ممکن تعاون اور سرپرستی کی یقین دہانی کرائی۔ وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ رفیع اللہ جیسے باہمت نوجوان بلوچستان کا قیمتی سرمایہ اور روشن مستقبل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جسمانی معذوری کبھی بھی بلند حوصلوں اور بڑے خوابوں کی راہ میں رکاوٹ نہیں بن سکتی، اور رفیع اللہ نے اپنی جدوجہد سے یہ حقیقت ثابت کردی ہے۔ وزیر اعلیٰ نے رفیع اللہ سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ "آپ کا خواب اب حکومت بلوچستان کا عزم ہے۔ آپ کی تعلیم کے تمام اخراجات حکومت بلوچستان برداشت کرے گی تاکہ آپ اپنے خواب کو حقیقت میں بدل سکیں۔" انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ رفیع اللہ کو معیاری تعلیم کے ساتھ ساتھ ہر ممکن طبی سہولت بھی فراہم کی جائے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ جہاں بھی ان کے علاج کی بہتر سہولت دستیاب ہوگی، حکومت بلوچستان ان کے علاج کا مکمل انتظام کرے گی۔ انہوں نے رفیع اللہ کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ مایوس ہونے کی ضرورت نہیں، حکومت ہر قدم پر آپ کے ساتھ کھڑی ہے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ رفیع اللہ کی ہمت اور عزم پوری قوم، بالخصوص نوجوان نسل کے لیے ایک روشن مثال ہے۔ ایسے باصلاحیت اور پرعزم نوجوانوں کی سرپرستی حکومت کی ذمہ داری ہے تاکہ وہ اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لا کر معاشرے اور ملک کی خدمت کرسکیں۔ وزیر اعلیٰ نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ رفیع اللہ کی تعلیم، علاج اور دیگر ضروری سہولیات کی فراہمی کے لیے فوری اور موثر اقدامات کیے جائیں تاکہ انہیں کسی قسم کی دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے رفیع اللہ نے وزیر اعلیٰ بلوچستان کی جانب سے حوصلہ افزائی، سرپرستی اور مکمل تعاون کی یقین دہانی پر دلی تشکر کا اظہار کرتے ہوئے اس عزم کا اعادہ کیا کہ وہ اپنی محنت اور لگن سے ڈاکٹر بن کر ملک و قوم کی خدمت کریں گے۔

بقیہ 04

میں مذمت کرتے ہوئے اس اندوہناک واقعے کو انسانیت، قومی سلامتی اور معاشرتی اقدار پر کھلا حملہ قرار دیا ہے۔ اپنے مذمتی بیان میں سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے کہا کہ بے گناہ مزدوروں کا قتل ایک ناقابل معافی جرم اور انتہائی بزدلانہ کارروائی ہے، جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ شہید ہونے والے افراد کسی ایک قوم، زبان یا خطے کے نہیں بلکہ پورے پاکستان کے شہری تھے، اور ان پر حملہ درحقیقت پوری قوم پر حملہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گرد عناصر ملک میں خوف، انتشار اور بے یقینی کی فضا پیدا کرکے قومی اتحاد اور امن کو نقصان پہنچانا چاہتے ہیں، لیکن ایسی مذموم کارروائیاں پاکستانی عوام کے حوصلے ہرگز پست نہیں کرسکتیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی سرزمین محبت، رواداری، مہمان نوازی اور بھائی چارے کی عظیم روایات کی علمبردار ہے۔ معصوم انسانوں کا خون بہانا بلوچ معاشرتی اقدار، اسلامی تعلیمات اور انسانی اصولوں کے سراسر خلاف ہے۔ فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کا بلوچ عوام سے کوئی تعلق نہیں بلکہ وہ بیرونی دشمنوں کے آلہ کار بن کر پاکستان میں بدامنی پھیلانے اور قومی یکجہتی کو نقصان پہنچانے کی ناکام کوشش کر رہے ہیں۔ سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے پاکستان آرمی، فرنٹیئر کور سمیت پولیس، دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کی دہشت گردی کے خلاف بے مثال قربانیوں، پیشہ ورانہ صلاحیت اور جرات کو زبردست خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ قوم کو اپنے سیکیورٹی اداروں کی صلاحیتوں پر مکمل اعتماد ہے۔ انہوں نے یقین کا اظہار کیا کہ ہماری بہادر مسلح افواج اور تمام متعلقہ ادارے اس بزدلانہ حملے میں ملوث دہشت گردوں، ان کے سہولت کاروں اور سرپرستوں کو جلد قانون کے کٹہرے میں لا کر کیفر کردار تک پہنچائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان دشمن قوتیں مختلف قومیتوں اور علاقوں کے درمیان نفرت اور تقسیم پیدا کرنا چاہتی ہیں، مگر پاکستانی قوم ہر قسم کے لسانی، نسلی اور علاقائی تعصبات سے بالاتر ہو کر دہشت گردی کے خلاف متحد ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ ریاست کی عملداری، قومی سلامتی اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ آخر میں سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے شہداء کے درجات کی بلندی، زخمیوں کی جلد صحت یابی اور سوگوار خاندانوں کے لیے صبر جمیل کی دعا کرتے ہوئے کہا کہ پوری قوم دہشت گردی کے مکمل خاتمے اور ملک میں پائیدار امن کے قیام تک اپنی بہادر افواج اور سیکیورٹی اداروں کے ساتھ سیسہ پلائی ہوئی دیوار کی مانند کھڑی رہے گی۔

بقیہ 05

تین سال سے سیاست میں ہونے کے باوجود بھی کوئی سیاسی تقریر نہیں کی لیکن آج تھوڑی سی سیاسی تقریر کرنا مجبوری ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج تمام صوبوں کی نمائندگی کرنے والے آپ بتا رہے ہیں کہ پاکستان میں یہ بھی ہوسکتا ہے وہ بھی ہوسکتا ہے۔ حالانکہ پاکستان جس حالت میں ہے اس کے ذمہ دار ہم سب ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کوئی مانے یا نہ مانے میں یہ کہوں گا کہ ملک کا موجودہ سسٹم گر چکا ہے۔ اگر ہم نے اس حقیقت کو نہ سمجھا تو آپ دس سال بعد بھی ایسی ہی تقریر کر رہے ہوں گے۔ اللہ نے کرم کیا ہے ہمارا نام بین الاقوامی طور پر ضرور ابھر رہا ہے۔ لیکن ہمارے اندرونی حالات ہرگز اچھے نہیں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہاں بیٹھے لوگ بھی اس نظام کی خرابی میں برابر کے شریک ہیں۔ کیونکہ حکومتیں بننے سے پہلے سیاستدانوں کو جو فنڈنگ بزنس کمیونٹی کی طرف سے کی جاتی ہے اس سے کوئی انکار نہیں کرسکتا۔ انہوں نے کہا اس نظام کو ٹھیک کرنے کے لیے جمہوریت کو ٹھیک کرنا ہوگا۔ جس دن آپ نے فیصلہ کرلیا کہ اس نظام کو ٹھیک کرنا ہے اس دن یہ نظام ٹھیک ہوگا۔ اس نظام میں ہر چیز خراب بھی نہیں ہے۔ انہوں نے کہا عام آدمی کی غرض بنیادی سہولیات کی فراہم تک ہوتی ہے۔ جو ان تک نہیں پہنچ پا رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کاروباری طبقہ ایڈمنسٹریٹو یونٹ کو لیکر متحد نہیں کرے گا اس وقت تک مسائل حل نہیں ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ ملک کا نوجوان طبقہ صرف ایک چیز کا خواہاں ہے کہ اسے میرٹ پر روزگار ملے۔ اگر ہم اسکی یہ خواہش بھی نہیں پوری کر پائیں گے تو یہاں بھی کاکروچ اکھٹا ہوگیا تو سسٹم الٹنے میں دیر نہیں لگے گی نوجوان آپ سے کچھ نہیں مانگ رہے وہ خود دو ہزار ڈالرز کما لیں گے ان کو سمت دکھانی ہوگی۔ انہوں نے کہا وفاقی حکومت کا یہ حال ہے کہ ہم بجٹ منفی میں بناتے ہیں۔ ہم قرض لیں گے لیکن ملک کو ہم ٹھیک نہیں کر رہے یہ ملک ہم نے ٹھیک کرنا ہے۔ انہوں نے تمام سیاسی جماعتوں کو مل بیٹھنے کا مشورہ دیتے ہوئے کہا صوبوں کی سیاسی جماعتوں کو موجودہ سسٹم میں حقیقی تبدیلی کے لئے ایک کمرے میں مل کر بیٹھنا ہوگا۔ اگر سیاسی جماعتیں مسائل پر یکجا نہ ہوئیں تو اس ملک کے مسائل ختم نہیں ہوں گے۔ انہوں نے تاجر برادری کے سیاسی نظام میں آنے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا سیاسی نظام میں تاجر خود کیوں نہیں آرہے ہیں۔ آپ مطالبہ کریں ہمیں اپنے علاقے میں انتظامی یونٹ چاہئے۔ آپ کو اپنے لیے خود کھڑا ہونا ہوگا۔ جو صلاحیت آپ میں ہے بزنس میں ہے وہ کسی اور میں نہیں آپ 10 کو 100 کرنا جانتے ہیں۔ انہوں نے کہا ہمارا مسئلہ یہ ہے کہ ہم خوش ہونے کے بجائے کہتے ہیں اس گروپ نے اتنا پیسہ کیوں کمایا۔ ہم سب کہتے ہیں آبادی ٹائم بم ہے لیکن اس کو روکنے کے لیے ہم کیا کر رہے ہیں۔ اگر آپ کی گلی دس دس بار بن رہی ہے تو اس نظام کو ہم ٹھیک کیوں نہیں کر رہے۔ اس نظام میں بہت خوبیاں بھی ہیں ہم نے اس نظام کی خرابیوں کو دور کرنا ہے۔ انہوں نے کہا تمام سیاسی جماعتوں سے درخواست کرتا ہوں کہ ایک شخص فیلڈ مارشل آپ کے لیے بیس بیس گھنٹے محنت کرکے ملک کو اوپر لیجا رہا ہے آپ بھی اکٹھے ہوجائیں۔ انہوں نے کہا پی آئی اے بیرون ملک جارہی تھی آپ کے ملک کے انویسٹرز نے خریدی یہ تین سال بعد سوپر جائیگی۔ ہمیں انہوں نے کہا کہ ہمیں پارلیمنٹ، یونیورسٹیوں کالجز کی سطح پر اس نظام پر بحث کرانی ہوگی۔ عوام کی رائے لیں انہیں اپنے قریب یونٹ چاہئے یا نہیں۔ نوجوان کیا چاہتے ہیں ہمیں ان کا خیال کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے عام شہری کو بنیادی سہولیات، انصاف اور حکومت تک آسان رسائی چاہیے، مگر آج بھی کئی لوگ دور دراز علاقوں سے کئی گھنٹے سفر کرکے عدالتوں اور سرکاری اداروں تک پہنچتے ہیں۔ عوام کو ان کے علاقوں میں ہی سہولیات فراہم کرنا ہوں گی۔ انہوں نے کہا کہ انتظامی یونٹس کو عوامی سطح تک لے جانا ضروری ہے، کیونکہ جب تک مقامی سطح پر ذمہ داری اور اختیار نہیں ہوگا، مسائل کا موثر حل ممکن نہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی صنعت میں اربوں ڈالر کی برآمدات کی صلاحیت موجود ہے، لیکن نظام کی رکاوٹوں کے باعث اس صلاحیت سے مکمل فائدہ نہیں اٹھایا جا رہا۔ کاروباری طبقہ ملک کی معیشت کو آگے بڑھانے کی صلاحیت رکھتا ہے، اس لیے اسے قومی فیصلہ سازی میں اہم کردار دینا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف دن رات کام کر رہے ہیں اور حکومت مسلسل بحرانوں سے نمٹنے کی کوشش کر رہی ہے، لیکن مستقل بہتری کے لیے سیاسی جماعتوں کو مل بیٹھ کر بڑے فیصلے کرنا ہوں گے۔ سیاسی جماعتیں ایک جگہ بیٹھ کر ملک کے بنیادی مسائل پر اتفاق رائے پیدا کریں تو بہتری ممکن ہے۔ انہوں نے کاروباری برادری کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ کاروباری افراد کو صرف تنقید کا نشانہ بنانے کے بجائے معیشت کا اہم ستون سمجھنا چاہیے۔ دنیا بھر میں کاروباری طبقہ ترقی کا انجن ہوتا ہے، پاکستان میں بھی اسے مثبت انداز میں دیکھنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ کاروباری افراد میں محدود وسائل کو بڑھانے اور مواقع پیدا کرنے کی صلاحیت موجود ہے، اس لیے انہیں ملک کی قیادت اور پالیسی سازی کے عمل میں زیادہ شامل کیا جانا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی اور انتظامی نظام میں بھی بہتری کی ضرورت ہے، کیونکہ آبادی بڑھانے کے بجائے وسائل، اختیارات اور سہولیات کی منصفانہ تقسیم پر توجہ دینی ہوگی۔ خدارا اس ملک کے لیے اختلافات کو بھلا دیں۔ 10 بیس سال بعد ایک گھر کی مرمت کروانی پڑتی ہے ملک کو ہم ٹھیک کیوں نہیں کرتے۔

بقیہ 06

زیرو ایکسل لوڈ مینجمنٹ کے نفاذ سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ آئی جی موٹروے پولیس نے بتایا کہ موٹرویز پر ایکسل لوڈ مینجمنٹ کا نفاذ نسبتاً بہتر ہے، تاہم قومی شاہراہوں (ہائی ویز) پر اس نظام کو مزید موثر بنانے کی ضرورت ہے۔ وفاقی وزیر عبدالعلیم خان نے ہدایت کی کہ کراچی پورٹ سے نکلنے والی تمام گاڑیوں پر ایکسل لوڈ کی مقررہ حد کا ہر صورت نفاذ یقینی بنایا جائے تاکہ اوور لوڈنگ کے باعث شاہراہوں کو پہنچنے والے نقصانات سے بچا جا سکے۔ انہوں نے موٹروے پولیس، ٹریفک پولیس اور نیشنل ہائی وے اتھارٹی (این ایچ اے) کے ویٹ اسٹیشنز پر سخت نگرانی برقرار رکھنے کی ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ ایکسل لوڈ مینجمنٹ کے لیے شفاف، موثر اور جامع نظام احتساب قائم کیا جائے۔ وفاقی وزیر نے زور دیا کہ ایکسل لوڈ قوانین کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف بھاری جرمانے عائد کیے جائیں تاکہ ٹرک مالکان کو اوور لوڈنگ سے روکا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی اداروں کے ساتھ مشترکہ حکمت عملی اختیار کر کے ایکسل لوڈ کی خلاف ورزی سے متعلق مسائل موثر انداز میں حل کیے جا سکتے ہیں۔ عبدالعلیم خان نے سیکرٹری مواصلات کی سربراہی میں ایک ورکنگ گروپ قائم کرنے کی ہدایت بھی دی، جو ایکسل لوڈ مینجمنٹ کے نفاذ، قوانین میں موجود خامیوں اور قانونی خلا کا جائزہ لے کر فوری اصلاحات کی سفارشات پیش کرے گا۔ اجلاس کے دوران وفاقی وزیر کو آگاہ کیا گیا کہ اوور لوڈنگ کے باعث قومی شاہراہوں کو اربوں روپے کا نقصان پہنچتا ہے، جس سے سڑکوں کی عمر کم ہونے کے ساتھ ساتھ ٹریفک حادثات کے خدشات بھی بڑھ جاتے ہیں۔ اجلاس میں سیکرٹری مواصلات، ڈی جی ایف ڈبلیو او، ڈی جی این ایل سی، چیئرمین این ایچ اے، آئی جی موٹروے پولیس سمیت متعلقہ صوبائی اداروں کے نمائندوں نے شرکت کی، جبکہ تمام اہم اسٹیک ہولڈرز نے ایکسل لوڈ مینجمنٹ پر موثر عملدرآمد کے لیے اپنی تجاویز بھی پیش کیں۔

بقیہ 07

نے کہا کہ کشمیر کے غیور عوام نے عوامی خدمت اور ترقی کے ویژن پر بھرپور اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے مسلم لیگ کے امیدواروں کو منتخب کیا، یہ کامیابی مسلم لیگ ن کی عوام دوست پالیسیوں کا واضح ثبوت ہے۔ انہوں نے کہا کہ کشمیری عوام نے ثابت کردیا ہے کہ وہ ترقی، استحکام اور خوشحالی کی سیاست پر یقین رکھتے ہیں۔ انہوں نے منتخب ارکان کو مبارکباد پیش کی اور امید ظاہر کی کہ وہ عوامی توقعات پر پورا اترتے ہوئے دیانتداری، خدمت اور میرٹ کو اپنی ترجیح بنائیں گے اور آزاد کشمیر کی تعمیر و ترقی میں بھرپور کردار ادا کریں گے ان خیالات کا اظہار انہوں نے لیگ ن کے مرکزی رہنما بیرسٹر عمر احمد منے خان نے حاجی عمرو اور دیگر پارٹی رہنماؤں سے خصوصی ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ کہ عمر احمد منے خان نے آزاد کشمیر کے الیکشن کے پہلے مرحلہ میں واضح کامیابی پر میاں نواز شریف کو مبارکباد پیش کی اور کہا کہ ان کی ?وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سمیت پوری ٹیم کی جدوجہد سے کامیابی ملی 100 فیصد یقین ہے کہ 2 اور 10 اگست کو بھی مسلم لیگ ن کے امیدوار کامیاب ہوں گے۔ میاں نواز شریف اور عمر احمد منے خان کے درمیان ملکی سیاسی صورت حال ترقیاتی منصوبوں اور عوامی معاملات پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا

بقیہ 08

ترقیاتی منصوبہ بندی اور درپیش مالی ضروریات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر چیف انجینئر جی ڈی اے حاجی سید محمد نے وفاقی وزیر کو گوادر میں جاری ترقیاتی منصوبوں کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی، جس میں مختلف منصوبوں کی مالی اور فزیکل پیشرفت سے آگاہ کیا گیا۔ بریفنگ کے دوران بتایا گیا کہ رواں مالی سال میں گوادر کے ترقیاتی منصوبوں کے لیے مختص فنڈز ناکافی ہیں، جس کے باعث متعدد اہم منصوبوں کی بروقت تکمیل متاثر ہونے کا خدشہ ہے۔ اس صورتحال کے پیش نظر وفاقی وزیر نے یقین دہانی کرائی کہ گوادر کے ترقیاتی منصوبوں کے لیے مزید فنڈز کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے بھرپور اقدامات کیے جائیں گے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ صوبائی حکومت کو بھی سفارش کی جائے گی کہ وہ گوادر کے ترقیاتی منصوبوں میں اپنا بھرپور حصہ ڈالے۔ وفاقی وزیر کو گوادر میں اولڈ ٹاؤن بحالی منصوبہ، بزنس پلان، پورٹ ڈریجنگ، عمانی گرانٹ کے تحت جاری ترقیاتی اسکیموں سمیت دیگر اہم منصوبوں کی پیشرفت سے بھی آگاہ کیا گیا۔ وفاقی وزیر نے عمانی گرانٹ کے تمام فنڈز فراہم کرنے کی یقین دہانی کی۔ وفاقی وزیر کو جی ڈی اے کی جانب سے شہر میں پانی کی فراہمی کے نظام اور مینٹیننس آپریشنز کے لیے اضافی مالی وسائل کی ضرورت پر بھی تفصیلی بریفنگ دی گئی، جس پر وفاقی وزیر نے اس شعبے میں بھی خصوصی توجہ دینے کی یقین دہانی کرائی۔ وفاقی وزیر احسن اقبال نے اس عزم کا اظہار کیا کہ گوادر کی ترقی کی رفتار کو کسی بھی صورت کم نہیں ہونے دیا جائے گا بلکہ جاری ترقیاتی عمل میں مزید تیزی لائی جائے گی تاکہ قومی معیشت میں گوادر کی اسٹریٹجک اور معاشی اہمیت کے مطابق اس کی ترقی کو یقینی بنایا جا سکے۔ اس موقع پر ایم پی اے گوادر مولانا ہدایت الرحمن نے وفاقی وزیر کو گوادر کے دورے کی دعوت دی، جسے انہوں نے قبول کرتے ہوئے عنقریب گوادر کا دورہ کرنے اور ترقیاتی منصوبوں، فنڈز کی ضروریات اور دیگر امور کا موقع پر جائزہ لینے کی یقین دہانی کرائی۔ مولانا ہدایت الرحمن نے وفاقی وزیر کا وقت دینے، گوادر کے مسائل کو سنجیدگی سے سننے اور ان کے حل کے لیے مثبت یقین دہانی کرانے پر شکریہ ادا کیا۔

بقیہ 09

نتائج میں مبینہ ردوبدل پر مسلم لیگ (ن) کی قیادت کو شدید تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا ہے کہ آزاد کشمیر کے عوام کے ووٹ پر شب خون مار کر جمہوریت کا چہرہ مسخ کرنے کی کوشش کی گئی جسے کسی صورت قبول نہیں کیا جا سکتا۔ میر علی حسن زہری نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کے حق میں پڑنے والے ووٹوں کو مبینہ طور پر منظم انداز میں متاثر کرکے انتخابی نتائج تبدیل کرنے کی کوشش کی گئی۔ کشمیری عوام نے جس اعتماد کا اظہار اپنے ووٹ کے ذریعے کیا اسے اقتدار کی ہوس میں مبتلا عناصر نے طاقت، اثر و رسوخ اور مبینہ سیاسی انجینئرنگ کے ذریعے دبانے کی کوشش کی۔ یہ اقدام نہ صرف جمہوری اقدار بلکہ کشمیری عوام کے بنیادی حق رائے دہی پر بھی حملہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) کو عوامی فیصلے کا احترام کرنا چاہیے تھا مگر ایک بار پھر ایسے الزامات سامنے آئے ہیں کہ عوامی مینڈیٹ کو تسلیم کرنے کے بجائے اقتدار حاصل کرنے کو ترجیح دی گئی۔ تاریخ گواہ ہے کہ جب بھی عوام کا فیصلہ ان کے سیاسی مفادات کے خلاف آیا جمہوری اصولوں کو پس پشت ڈالنے کی کوشش کی گئی۔ اقتدار چند نشستوں سے حاصل کیا جا سکتا ہے، مگر عوام کے دل جیتے نہیں جا سکتے۔ میر علی حسن زہری نے کہا کہ عوام کے ووٹ کی توہین کرنے والے وقتی طور پر کامیابی کا جشن منا سکتے ہیں، لیکن تاریخ انہیں عوامی مینڈیٹ کے احترام کرنے والوں میں نہیں بلکہ اس کی پامالی کرنے والوں میں یاد رکھے گی۔ کشمیری عوام باشعور ہیں اور وہ جانتے ہیں کہ ان کے ووٹ کے ساتھ کیا سلوک کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ آزاد کشمیر کے انتخابات پر اٹھنے والے سوالات صرف ایک جماعت کا مسئلہ نہیں بلکہ پورے انتخابی نظام کی ساکھ کا معاملہ ہیں۔ اگر ووٹ کی عزت محفوظ نہیں رہے گی تو عوام کا جمہوری عمل پر اعتماد بھی متزلزل ہوگا۔ اس لیے ضروری ہے کہ انتخابی عمل پر لگنے والے تمام الزامات کی آزاد، غیر جانبدار اور شفاف تحقیقات کرائی جائیں تاکہ حقائق قوم کے سامنے آسکیں۔ میر علی حسن زہری نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کشمیری عوام کے ساتھ کھڑی تھی، کھڑی ہے اور ہمیشہ کھڑی رہے گی۔ ہم عوام کے ووٹ کی حرمت، آئین کی بالادستی اور حقیقی جمہوریت پر مکمل یقین رکھتے ہیں۔ عوامی مینڈیٹ پر مبینہ ڈاکہ ڈالنے والوں کو یہ نہیں بھولنا چاہیے کہ اقتدار ہمیشہ عوام کے فیصلے سے ہی دوام پاتا ہے، جبکہ دھاندلی اور سازشوں کے سہارے حاصل ہونے والی کامیابیاں تاریخ کے کٹہرے میں زیادہ دیر کھڑی نہیں رہ سکتیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی ہر آئینی، قانونی اور جمہوری فورم پر کشمیری عوام کے حق رائے دہی، آزادانہ انتخاب اور حقیقی عوامی مینڈیٹ کے تحفظ کے لیے اپنی آواز بلند کرتی رہے گی۔ کشمیری عوام کے ووٹ کی توہین دراصل جمہوریت کی توہین ہے، اور اس کے خلاف خاموش رہنا تاریخ کے سامنے اپنی ذمہ داری سے فرار کے مترادف ہوگا۔

بقیہ 10

اضافہ فی تولہ سونا ایک ہزار روپے مہنگا ہوکر 4 لاکھ 27 ہزار 436 روپے کا ہوگیا، جبکہ دس گرام سونے کی قیمت 857 روپے بڑھ کر 3 لاکھ 66 ہزار 457 روپے ہوگئی ہے۔ اسی طرح فی تولہ چاندی کی قیمت 76 روپے کم ہوکر 6 ہزار 215 روپے ہوگئی ہے۔ دوسری جانب انٹرنیشنل مارکیٹ میں 10 ڈالر مہنگا ہوکر فی اونس سونا 4050 ڈالر کا ہوگیا۔

بقیہ 11

کیس کی مزید سماعت 19 اگست کو ہوگی۔ جمعرات کو الیکشن کمیشن نے پشتونخوا ملی عوامی پارٹی (پی کے میپ) کے انٹرا پارٹی انتخابات، آئین میں تبدیلی اور پارٹی اکاؤنٹس سے متعلق کیس کی سماعت کے دوران محمود خان اچکزئی کو پارٹی سربراہ تسلیم کرنے سے انکار کردیا۔ چیف الیکشن کمشنر کی سربراہی میں پانچ رکنی کمیشن نے کیس کی سماعت کی، جس میں پی کے میپ کے وکیل پیش ہوئے۔ چیف الیکشن کمشنر نے وکیل سے پاور آف اٹارنی پر دستخط کرنے والے شخص سے متعلق استفسار کیا، جس پر وکیل نے بتایا کہ اس پر پارٹی چیئرمین کے دستخط ہیں۔ چیف الیکشن کمشنر نے ریمارکس دیے کہ چونکہ انٹرا پارٹی انتخابات نہیں ہوئے، اس لیے اس وقت کوئی پارٹی چیئرمین موجود نہیں ہے۔ کمیشن نے پاور آف اٹارنی ریکارڈ پر لینے اور اس کی حیثیت سے متعلق الگ حکم جاری کرنے کا عندیہ دیا۔ پی کے میپ کے وکیل کی استدعا پر مزید دلائل کے لیے سماعت 19 اگست تک ملتوی کردی گئی

بقیہ 12

ماڈل کے نفاذ سے وفاقی اسپتال پہلے سے زیادہ بہتر انداز میں کام کریں گے اور عوام کو معیاری طبی سہولیات مستقل بنیادوں پر فراہم کی جا سکیں گی۔ اسلام آباد میں میڈیا سے گفتگو اور تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اس نظام کی تشکیل سے قبل وزارت خزانہ، وزارت صحت، متعلقہ حکام اور طبی ماہرین نے تمام مالی و انتظامی امور کا تفصیلی جائزہ لیا اور مختلف پہلوؤں کا تجزیہ کرنے کے بعد اس ماڈل کو حتمی شکل دی گئی۔ مصطفیٰ کمال نے کہا کہ آج اس حوالے سے باضابطہ معاہدے پر دستخط کیے گئے ہیں، جس کے بعد وفاقی اسپتال ایک مضبوط اور پائیدار انتظامی ڈھانچے کے تحت خدمات انجام دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ اگر ماضی میں ایسا نظام قائم کرلیا جاتا تو کئی اہم منصوبے طویل عرصے تک تاخیر کا شکار نہ ہوتے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ آر بی سی ایک جدید اور اہم طبی مرکز ہے، جہاں اسلام آباد کے تمام سرکاری اسپتالوں کی بلڈ اسکریننگ کی جا سکے گی۔ حکومت کا مقصد آر بی سی کو بلڈ اسکریننگ کے شعبے میں سینٹر آف ایکسیلنس بنانا ہے تاکہ بیماریوں کی بروقت تشخیص اور روک تھام کو یقینی بنایا جا سکے۔ انہوں نے معروف ماہر ڈاکٹر باری کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ اگر ملک میں صاف پانی کی فراہمی اور خون کی موثر اسکریننگ کو یقینی بنالیا جائے تو تقریباً 80 فیصد بیماریوں میں نمایاں کمی لائی جا سکتی ہے۔ اسی لیے حکومت ان دونوں شعبوں کو ترجیحی بنیادوں پر مضبوط بنا رہی ہے۔ مصطفیٰ کمال نے کہا کہ یہ نیا نظام قومی مفاد اور عوامی فلاح کو مدنظر رکھتے ہوئے تشکیل دیا گیا ہے، جس سے اسلام آباد کے علاوہ خیبر پختونخوا، گلگت بلتستان، آزاد کشمیر، راولپنڈی اور دیگر علاقوں سے علاج کے لیے آنے والے لاکھوں مریض بھی مستفید ہوں گے۔ انہوں نے وزیراعظم شہباز شریف کا خصوصی شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعظم نے ذاتی دلچسپی لیتے ہوئے منصوبے کی راہ میں آنے والی رکاوٹوں کو دور کرنے میں اہم کردار ادا کیا، جس کے باعث یہ اہم معاہدہ ممکن ہو سکا۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ نئے انتظامی نظام کے نفاذ سے وفاقی اسپتالوں کی کارکردگی، طبی سہولیات کے معیار اور مریضوں کی دیکھ بھال کے نظام میں نمایاں بہتری آئے گی۔

بقیہ 13

جاں بحق ہونے والوں کی لاشیں اور زخمیوں کو ملبے کے نیچے سے باہر نکالا، حادثے کے باعث علاقے میں سوگ کی فضاء پھیل گئی، وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے واقعہ پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے تفصیلی رپورٹ طلب کرلی۔ بتایا گیا ہے کہ ہربنس پورہ کے علاقے بھٹہ محمد دین کالونی سکھ نہر کے قریب تین بھائی ایک ہی مکان کی تین منزلوں پر رہائش پذیر تھے جبکہ ان کی بہن بھی بچوں کے ساتھ رہنے کے لئے آئی ہوئی تھی۔ مکان کچا اور ٹی آر گارڈر سے بنا ہوا تھا، بارشوں سے بچنے کے لیے حال ہی میں سب سے اوپر کی چھت پر مٹی ڈلوائی گئی تھی، سب سے اوپر کی چھت دوسری منزل پر جبکہ دوسری چھت نیچے کی منزل پر آ گری۔ جس کے نتیجے میں تینوں خاندانوں کے افراد اور گھر آئے مہمان ملبے تلے دب گئے۔ اطلاع ملتے ہی اہل علاقہ فوری جائے حادثہ پر پہنچ گئے اور امدادی سرگرمیوں کا آغاز کردیا جبکہ ریسکیو 1122 اور دیگر رضاکار تنظیموں کے اہلکار بھی موقع پر پہنچ گئے۔ کئی گھنٹے جاری رہنے والے آپریشن کے بعد ملبے کے نیچے سے خواتین اور بچوں سمیت 11 لاشیں نکال لی گئیں جبکہ 6 افراد کو زخمی حالت میں ہسپتال منتقل کیا گیا۔ ریسکیو حکام کے مطابق جاں بحق ہونے والوں میں 50 سالہ شاہدہ، 22 سالہ احد علی، 12 سالہ حسنین، 60 سالہ ثمینہ، 24 سالہ کومل، 23 سالہ مجاہد، 7 سالہ نیلم اور 8 سالہ حماد سمیت دیگر شامل ہیں۔ ڈپٹی کمشنر لاہور کیپٹن (ر) محمد علی اعجاز ریسکیو آپریشن کی نگرانی کرتے رہے۔ انہوں نے بتایا کہ افسوسناک واقعے میں مجموعی طور پر 11 افراد جاں بحق اور 6 زخمی ہوئے، تمام زخمیوں کو علاج کے لیے فوری طور پر متعلقہ ہسپتال منتقل کردیا گیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ متاثرہ مکان کا ملبہ ہٹانے کے لیے بھاری مشینری اور ٹیکنیکل ٹیمیں استعمال کی گئیں۔ بتایا گیا ہے کہ اسسٹنٹ کمشنر شالیمار واقعے کی وجوہات پر تفصیلی انکوائری رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ دوسری جانب وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے واقعے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے جاں بحق افراد کے لواحقین سے تعزیت کی ہے۔ وزیر اعلیٰ کی ہدایت پر ڈپٹی کمشنر لاہور اور دیگر انتظامی افسران فوری طور پر جائے حادثہ پہنچ گئے، جبکہ زخمیوں کو بہترین طبی سہولیات فراہم کرنے کی ہدایت بھی جاری کی گئی۔

بقیہ 14

کے سیمی فائنل میں انگلینڈ کو شکست دینے کے بعد ارجنٹائن کی ٹیم کی جانب سے گراؤنڈ میں فاک لینڈ جزائر کے بارے میں سیاسی بینر دکھانے اور متعدد مبینہ خلاف ورزیوں پر تادیبی کارروائی کا سامنا کرنا پڑے گا۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ ورلڈ کپ کے دوران ارجنٹائن کی جانب سے کی گئی دیگر مبینہ خلاف ورزیوں میں شائقین کی جانب سے گراؤنڈ میں لگائے گئے امتیازی نعرے، دیر سے کک آف، سیکیورٹی پروٹوکول کی ناکامی اور ورلڈ کپ کے دوران کئی میچز میں شائقین کی طرف سے اشیا پھینکنا شامل ہیں۔ رپورٹ کے مطابق ارجنٹائن کے لینڈرو پریڈس کو ورلڈ کپ کے فائنل میں اسپین سے شکست کے بعد ہسپانوی کھلاڑیوں سے جھگڑنے پر 3 تادیبی مقدمات، ناہوئل مولینا کو 2 تادیبی مقدمات اور اسسٹنٹ کوچ رابرٹو آیالا کو ایک تادیبی مقدمے کا سامنا ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ تھیاگو الماڈا کو بھی نامناسب رویے پر تادیبی کارروائی کا سامنا کرنا پڑے گا۔ رپورٹ کے مطابق فیفا نے تمام فریقین کو اپنا موقف پیش کرنے کا موقع دیا ہے، فیفا کی ڈسپلنری کمیٹی تمام فریقین کا موقف سامنے آنے کے بعد مقررہ وقت پر اپنا فیصلہ جاری کرے گی۔

بقیہ 15

معاشی سرگرمیوں اور عوام کے روزگار کو نقصان پہنچانے کی مذموم کوشش بھی کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایسے بزدلانہ افعال سے دہشتگردوں کے مکروہ عزائم کبھی کامیاب نہیں ہوں گے اور ریاست پوری قوت کے ساتھ ان کا مقابلہ کرتی رہے گی معاون وزیر اعلیٰ نے کہا کہ معصوم مزدوروں کے خون سے ہاتھ رنگنے والے دہشتگرد کسی رعایت کے مستحق نہیں۔ قانون نافذ کرنے والے ادارے اور سیکیورٹی فورسز دہشتگردوں اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف بھرپور کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہیں اور انہیں انجام تک پہنچایا جائے گا شاہد رند نے کہا کہ دہشتگردی کے ذریعے عوام کے حوصلے پست کرنے اور بلوچستان کے امن و استحکام کو سبوتاژ کرنے کی ہر سازش ناکام بنائی جائے گی۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ریاست دشمن عناصر کے ناپاک عزائم عوام، سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے باہمی اتحاد اور مشترکہ کوششوں سے خاک میں ملا دیے جائیں گے انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان صوبے میں امن و امان کے قیام، عوام کے جان و مال کے تحفظ اور ترقیاتی عمل کے تسلسل کے لیے ہر ممکن اقدامات جاری رکھے گی اور دہشتگردی کے خلاف کارروائیاں پوری قوت، عزم اور تسلسل کے ساتھ جاری رہیں گی معاون وزیر اعلیٰ شاہد رند نے شہداء کے لواحقین سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ حکومت بلوچستان دکھ کی اس گھڑی میں غمزدہ خاندانوں کے ساتھ کھڑی ہے۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہداء کو اپنے جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے، سوگوار خاندانوں کو صبر جمیل دے اور زخمیوں کو جلد صحت یاب کرے۔

بقیہ 16

جاری تین جماعتوں کی رجسٹریشن منسوخ ہونے کے بعد الیکشن کمیشن میں رجسٹرڈ سیاسی جماعتوں کی تعداد کم ہو کر 164 رہ گئی ہے، جبکہ تازہ فہرست میں پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) اور تحریک لبیک پاکستان (ٹی ایل پی) بغیر کسی تنظیمی ڈھانچے کے درج ہیں۔ الیکشن کمیشن اس سے قبل پاک سرزمین پارٹی، استحکام پاکستان پارٹی سمیت پاکستان جسٹس اینڈ ڈیموکریٹک پارٹی اور آٹھ سے زائد دیگر سیاسی جماعتوں کو بھی ڈی لسٹ کر چکا ہے۔

بقیہ 17

ریگولیٹر کی ذمہ داری ہے کہ قیمتوں پر تمام شراکت داروں کو اکٹھا کر کے فیصلہ کرے۔ قیمتوں کا طریقہ کار جس انڈیکس پر مبنی ہے وہ اوگرا کی ویب سائٹ پر موجود ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم کی ہدایت پر شفافیت کے لیے یہ طریقہ کار اردو زبان میں بھی شائع کیا جائے گا۔ وفاقی وزیر پیٹرولیم نے واضح کیا کہ قیمتوں کے تعین کے لیے آج بھی سات دن کی رولنگ ایوریج لی جاتی ہے۔ عالمی منڈی میں پیٹرول اور ڈیزل کی قیمت پلیٹس سے لی جاتی ہے، جس میں حکومتی ٹیکسز اور کمپنیوں کا منافع شامل ہوتا ہے۔ جب چیئرمین اوگرا بریفنگ دیں گے تو مزید شفافیت سامنے آئے گی۔ سینیٹر سیف اللہ ابڑو نے قیمتوں کے روزانہ تعین کے طریقہ کار کو "مسلو پوائزن" قرار دیا، جبکہ رکن کمیٹی عامر چشتی نے زور دیا کہ اس معاملے میں مڈل مین کو پیسے نہ بنانے دیے جائیں۔ چیئرمین اوگرا کی تعیناتی کے بارے میں علی پرویز ملک نے بتایا کہ کابینہ میں اس کا عمل بروقت شروع کیا گیا تھا، انٹرویو بھی ہوئے تھے مگر کوئی مناسب امیدوار نہیں ملا۔ اب یہ عمل دوبارہ شروع کردیا گیا ہے۔ جنٹ کمیٹی میں سینیٹر ہدایت اللہ نے الزام لگایا کہ کرک میں تین ارب روپے کا خام تیل چوری ہوا ہے۔ وزیر پیٹرولیم نے تفصیلات مانگتے ہوئے کہا کہ اس کی انکوائری کرلی جائے گی۔ جن او ایم سیز نے ٹیکس چوری کی ان کے بارے میں پوچھے جانے پر حکام نے بتایا کہ سسٹم متحرک نہیں تھے جبکہ ایف آئی اے اس معاملے کی تحقیقات کر رہی ہے۔ کمیٹی کے چیئرمین نے وزارت کے بعض ایم ڈیز پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ انہیں کال کرنے پر وہ فون ہی نہیں اٹھاتے۔ اس معاملے کو استحقاق کمیٹی میں لایا جائے گا۔ پاکستان ریفائنری لمیٹڈ (پی آر ایل) کے ایم ڈی کی اجلاس میں عدم شرکت پر کمیٹی نے برہمی کا اظہار کیا۔ پرائیویٹ کمپنیوں کے نمائندے موجود تھے جبکہ سرکاری کمپنی کا بندہ آن لائن تھا۔ کمیٹی چیئرمین نے پی آر ایل کے ایم ڈی کے خلاف استحقاق کی تحریک لانے کا اعلان کیا۔ قائم مقام چیئرمین اوگرا نے بتایا کہ اگر آج شام عالمی منڈی میں قیمت آدھی ہوجائے اور اگلے سات دن یہی رہیں تو ہمارے ہاں بھی سات دن بعد آئے گی۔ اضافے کا رجحان بھی اسی طرح ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ پہلے تیل بیچ کر ٹیکسز کے پیسے جمع ہوتے تھے مگر اس طریقہ کار کی کوئی قانونی حیثیت نہیں تھی اور کمپنیاں پیسے جمع کراتی تھیں جو غیر قانونی تھا۔ سینیٹر جان محمد نے کہا کہ عام آدمی اس سطح پر نہیں ہے کہ جا کر قیمتوں کا طریقہ کار دیکھے، جبکہ پورے معاشرے کو نفسیاتی مسئلے میں ڈال دیا گیا ہے۔

بقیہ 18

حدود کا لسٹڈ ایریاز سے اخراج ایک تاریخی پیش رفت ہے، جس کے نتیجے میں شپنگ لائنز پر عائد وار رسک انشورنس پریمیم اور اضافی سرچارجز کے خاتمے کی راہ ہموار ہوگی۔ انہوں نے کہا شپنگ اخراجات میں کمی سے پاکستان کی درآمدات اور برآمدات کو براہ راست فائدہ پہنچے گا، جبکہ عالمی شپنگ کمپنیوں اور سرمایہ کاروں کا پاکستان کی بندرگاہوں اور بحری شعبے پر اعتماد مزید مضبوط ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم کے وژن اور فیلڈ مارشل کی رہنمائی میں یہ کامیابی حاصل ہوئی، جس سے کراچی، پورٹ قاسم اور گوادر بندرگاہوں کی اہمیت میں مزید اضافہ ہوگا۔ اس پیش رفت کے باعث علاقائی تجارت، کارگو ٹرانزٹ اور بحری سرمایہ کاری کے نئے مواقع پیدا ہونے کی توقع ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ حکومت پاکستان بحری شعبے کی ترقی، بندرگاہوں کی استعداد میں اضافے اور ملک کو علاقائی تجارتی مرکز بنانے کے لیے اقدامات جاری رکھے گی۔

بقیہ 19

کوشش کی لیکن کوئی پتہ نہیں چل سکا اگر اس کا تعلق کسی مسلح تنظیم سے ہوا تو میرا اور میرے خاندان اس سے کوئی تعلق نہیں ہوگا۔ یہ بات انہوں نے جمعرات کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کہی۔ انہوں نے کہا کہ میرا بھائی عبیداللہ کرد 2 جولائی کو بازار کا کہہ کر گھر سے نکلا ہے تاحال اس کا کچھ معلوم نہیں کہ وہ کہاں ہے رابطہ کرنے اور ڈھونڈنے کی بہت کوشش کی مگر تاحال اس سے کوئی رابطہ نہیں ہوسکا اگر اس کا تعلق کسی مسلح تنظیم سے ہوا تو میرا اور میرے خاندان کا اس سے کوئی تعلق نہیں ہوگا۔

بقیہ 20

ایک بار پھر نمایاں اضافہ دیکھنے میں آرہا ہے، جس کے باعث دکانداروں اور شہریوں کو شدید پریشانی کا سامنا ہے۔ بھکاری بازار، دکانوں، ہوٹلوں، مساجد اور دیگر عوامی مقامات پر مسلسل لوگوں سے پیسے مانگتے ہیں، جبکہ بعض اوقات انکار کرنے پر بار بار اصرار کر کے دکانداروں اور خریداروں کو ذہنی اذیت میں مبتلا کرتے ہیں۔ پیشہ ور بھکاریوں کی بڑھتی ہوئی تعداد نہ صرف شہریوں کے لیے پریشانی کا باعث بن رہی ہے بلکہ شہر کا تاثر بھی متاثر ہو رہا ہے۔ عوامی کاروباری طبقوں نے ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ اداروں سے مطالبہ کیا ہے کہ پیشہ ور بھکاریوں کے خلاف موثر کارروائی کی جائے، جبکہ حقیقی مستحق افراد کی مناسب سرپرستی اور بحالی کے لیے بھی اقدامات کیے جائیں تاکہ اس مسئلے کا مستقل حل نکالا جا سکے۔

بقیہ 21

والے ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج (بی پی ایس-21) عبدالحکیم کاکڑ اور پولیس کے ہیڈ کانسٹیبل محمد زمان کو بلوچستان سول سرونٹس اینڈ ایمپلائز بینیفٹس اینڈ ڈیتھ کمپنسیشن پالیسی 2020 کے تحت باضابطہ طور پر شہید قرار دے دیا ہے محکمہ داخلہ بلوچستان کی جانب سے جاری کردہ علیحدہ علیحدہ نوٹیفکیشنز کے مطابق یہ اقدام بلوچستان سول سرونٹس اینڈ ایمپلائز بینیفٹس اینڈ ڈیتھ کمپنسیشن پالیسی 2020 کی دفعہ 17 کے تحت حاصل اختیارات کو بروئے کار لاتے ہوئے کیا گیا ہے نوٹیفکیشن کے مطابق ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج عبدالحکیم کاکڑ 23 جولائی 2026 کو ضلع مستونگ میں مین آر سی ڈی روڈ، ریلوے پھاٹک ولی خان کراس کے قریب دہشت گردوں کی فائرنگ میں شہید ہوئے تھے۔ اسی حملے میں ان کے ساتھ ڈیوٹی پر موجود پولیس کے ہیڈ کانسٹیبل محمد زمان نے بھی جام شہادت نوش کیا تھا محکمہ داخلہ کی جانب سے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق دونوں شہداء کو حکومتی کمپنسیشن پالیسی کے تحت تمام متعلقہ مالی اور سروس فوائد فراہم کیے جائیں گے حکومت بلوچستان نے اس عزم کا اعادہ کیا ہے کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے سرکاری اہلکاروں اور افسران کی قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا اور ان کے اہل خانہ کی ہر ممکن سرپرستی اور معاونت یقینی بنائی جائے گی۔

بقیہ 22

نے اسسٹنٹ کمشنر سیوی منصور علی شاہ کو کارروائی کی ہدایت جاری کی۔ ہدایات کی روشنی میں اسسٹنٹ کمشنر منصور علی شاہ نے مارکیٹ کا معائنہ کیا اور ریٹیلرز کے پاس موجود شکایت شدہ مخصوص بیچ کے بارہ سنگھا آٹے کو فوری طور پر فروخت سے رکوا کر مارکیٹ سے اٹھوا لیا۔ جہاں اسے متعلقہ قواعد و ضوابط کے مطابق تلف (Destroy) کیا جائے گا۔ ڈپٹی کمشنر سیوی میجر (ر) الیاس کبزئی نے کہا کہ عوام کی صحت کے تحفظ پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا اور ناقص یا مشتبہ اشیائے خورونوش کے خلاف کارروائیاں آئندہ بھی بلاامتیاز جاری رہیں گی۔

بقیہ 23

خراج تحسین پیش کیا ہے۔ وزیراعظم نے آپریشن میں حصہ لینے والے پاک بحریہ کے افسران اور جوانوں کی پیشہ ورانہ مہارت، بروقت کارروائی اور انسانی ہمدردی کو سراہتے ہوئے کہا کہ یہ کامیاب مشن سمندر میں انسانی جانوں کے تحفظ کے لیے پاک بحریہ کے عزم اور ہر وقت تیاری کا واضح ثبوت ہے۔ وزیراعظم آفس سے جاری بیان کے مطابق پاک بحریہ کے جنگی جہاز پی این ایس تیمور نے بروقت اور کامیاب آپریشن کے دوران سمندر میں پھنسے کشتی کے تمام 19 افراد کو بحفاظت ریسکیو کیا۔ ریسکیو کیے جانے والوں میں 11 پاکستانی اور 8 ایرانی شہری شامل تھے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے کشتی پر سوار تمام افراد کی جانیں بچانے پر آپریشن میں شریک پاک بحریہ کے افسران اور جوانوں کی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ ان کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں نے ایک ممکنہ انسانی سانحے کو ٹال دیا۔ انہوں نے کہا کہ پاک بحریہ کے جوانوں نے نہ صرف متاثرہ افراد کو محفوظ مقام تک پہنچایا بلکہ انہیں خوراک، پینے کا صاف پانی اور فوری طبی امداد بھی فراہم کی، جو ہماری مسلح افواج کی انسانی ہمدردی، خدمت خلق کے جذبے اور اعلیٰ پیشہ ورانہ تربیت کا عملی مظہر ہے۔ وزیراعظم نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پاکستان کی مسلح افواج ہر مشکل گھڑی میں انسانی جانوں کے تحفظ اور قومی ذمہ داریوں کی ادائیگی کے لیے ہمہ وقت تیار رہتی ہیں، جبکہ شمالی بحیرہ عرب میں کامیاب ریسکیو آپریشن پاک بحریہ کی استعداد، مہارت اور فرض شناسی کا ایک اور قابل فخر باب ہے۔

بقیہ 24

زیرو ٹالرنس پالیسی پر سختی سے عمل درآمد کر رہی ہے۔ مربوط حکمت عملی، بین الاقوامی تعاون اور موثر قانون نافذ کرنے والے اقدامات کے نتیجے میں یورپ جانے کے لیے انسانی سمگلنگ کی شرح میں ایک سال کے دوران 47 فیصد کی ریکارڈ کمی کی گئی ہے۔ انسانی سمگلنگ اور غیر قانونی نقل و حمل کی روک تھام کے عالمی دن کے موقع پر اپنے پیغام میں وزیر داخلہ نے کہا کہ انسانی سمگلنگ کی روک تھام کے لیے یورپی ممالک کے ساتھ تعاون کے مثبت اور حوصلہ افزا نتائج سامنے آئے ہیں، جبکہ یورپی یونین نے بھی وزارت داخلہ کی جانب سے کیے گئے اقدامات کو سراہا ہے۔ محسن نقوی نے واضح کیا کہ معصوم جانوں کا استحصال کرنے والے انسانی سمگلروں کے لیے کسی قسم کی رعایت کی گنجائش نہیں اور ان کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی۔ انہوں نے کہا کہ انسانی سمگلنگ کے نیٹ ورکس کے مکمل خاتمے کے لیے تمام متعلقہ ادارے مربوط اور موثر انداز میں کام کر رہے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ جدید ٹیکنالوجی کے استعمال سے سرحدی نگرانی اور امیگریشن نظام کو مزید مضبوط اور موثر بنایا گیا ہے، جبکہ بین الاقوامی شراکت داری کے ذریعے انسانی سمگلنگ کے خلاف کارروائیوں کو مزید تیز کیا جا رہا ہے۔ وزیر داخلہ نے اس بات پر زور دیا کہ انسانی سمگلنگ کے خلاف عوامی آگاہی وقت کی اہم ضرورت ہے تاکہ شہری غیر قانونی ذرائع سے بیرون ملک جانے کے خطرات سے آگاہ ہوں اور سمگلروں کے جھانسے میں نہ آئیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان انسانی سمگلنگ کے خاتمے کے لیے عالمی برادری کی کوششوں میں بھرپور کردار ادا کر رہا ہے اور اس عالمی دن کے موقع پر اس عزم کا اعادہ کرتا ہے کہ انسانی سمگلنگ کے خلاف متحد ہو کر ایک محفوظ، باوقار اور قانون پسند معاشرے کی تشکیل کے لیے ہر ممکن اقدامات جاری رکھے جائیں گے۔

بقیہ 25

مجید اور محمد یحییٰ شامل ہیں۔ واقعہ کی اطلاع ملنے پر مقامی پولیس اور انتظامیہ نے موقع پر پہنچ کر نعشوں کو تحویل میں لیکر ہسپتال منتقل کردیا سیکیورٹی ذرائع کے مطابق مزدوروں میں سے 4 کا تعلق پنجاب اور 2 کا خیبرپختونخوا سے تھا۔ چند روز قبل بلوچستان کے علاقے ماشکیل میں بھی 5 غیر مقامی مزدوروں کو شہید کیا گیا تھا، یہ تمام مزدور بلوچستان میں ترقیاتی منصوبوں پر کام کر رہے تھے۔ نعشیں ضروری کارروائی کے بعد ان کے آبائی علاقوں کو روانہ کردی گئیں۔

بقیہ 26

یوں کو خراج تحسین پیش کیا اور کہا کہ دہشت گردی کے خاتمے اور ملک میں پائیدار امن کے قیام کیلئے پوری قوم اپنی سیکیورٹی فورسز کے ساتھ کھڑی ہے۔ ملاقات کے دوران ملک کی موجودہ سیاسی صورتحال پر بھی تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا اور باہمی دلچسپی کے دیگر اہم قومی امور پر بھی گفتگو ہوئی۔

بقیہ 27

الخیر ہیں دونوں صوبوں سے بھرپور تعاون جاری رکھنے کی امید۔ میٹنگ میں ماکیالہ اسٹوپا کو نمایاں بدھ ورثہ مقامات میں شامل کرنے کی تجویز پیش کی گئی۔ بین الاقوامی بدھ زائرین کے لیے جامع سہولیات اور بین المذاہب ہم آہنگی کے فروغ پر زور دیا گیا۔

بقیہ 28

یت جاری رکھیں گے، ریاست جموں و کشمیر کے علاقوں پر بھارتی قبضے کو معمول کا حصہ ظاہر کرنے یا اسے قانونی جواز دینے کی کوئی کوشش ناقابل قبول ہیں۔ دفتر خارجہ کے ترجمان طاہر حسین اندرابی نے ہفتہ وار بریفنگ میں بتایا کہ نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے ترک وزیر خارجہ ہاکان فیدان سے ٹیلیفون پر رابطہ کر کے غزہ، مقبوضہ مغربی کنارے اور مشرقی یروشلم کی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا، جبکہ پاکستان نے فلسطینی عوام کے جائز حقوق کی غیر متزلزل حمایت کا اعادہ کرتے ہوئے فوری جنگ بندی اور انسانی امداد کی بحالی پر زور دیا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق اسحاق ڈار اور ترک وزیر خارجہ ہاکان فیدان نے غزہ اور مقبوضہ مغربی کنارے میں اسرائیلی فوجی کارروائیوں پر شدید تشویش کا اظہار کیا اور مقبوضہ مشرقی یروشلم میں مسجد اقصیٰ کمپاؤنڈ کی بار بار ہونے والی خلاف ورزیوں کی مذمت کی۔ دونوں رہنماؤں نے غزہ میں انسانی بحران پر بھی گہری تشویش ظاہر کرتے ہوئے فلسطینی عوام کے جائز حقوق کی مکمل حمایت جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کیا۔ ترجمان نے بتایا کہ گفتگو کے دوران اردن کی جانب سے عرب اور اسلامی ممالک کا مشترکہ اجلاس بلانے کی تجویز پر بھی تبادلہ خیال ہوا، جس کا مقصد فلسطینی عوام کی حمایت میں سفارتی کوششوں کو مزید موثر اور مربوط بنانا ہے۔ دونوں وزرائے خارجہ نے فلسطین کے معاملے پر قریبی رابطہ برقرار رکھنے پر اتفاق کیا۔ طاہر اندرابی نے بتایا کہ گزشتہ ہفتے وزیراعظم شہباز شریف نے سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان سے ٹیلیفونک گفتگو کی، جس کے بعد نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے سعودی وزیر خارجہ، اردنی ہم منصب، مصری وزیر خارجہ اور دیگر علاقائی رہنماؤں سے بھی رابطے کیے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان سمیت آٹھ عرب و اسلامی ممالک نے فلسطین کی تشویشناک صورتحال پر مشترکہ بیان بھی جاری کیا ہے۔ ترجمان کے مطابق پاکستان اور مصر کے وزرائے خارجہ نے غزہ میں انسانی امداد کی فوری بحالی کا مطالبہ کیا، جبکہ دونوں ممالک کے درمیان سالانہ دوطرفہ مشاورت کا اجلاس بھی ورچوئلی منعقد ہوا۔ اسی طرح کویتی وزیر خارجہ کے حالیہ دورہ پاکستان میں دوطرفہ تعلقات، دفاعی تعاون اور اقتصادی روابط کے فروغ پر اتفاق کیا گیا، جبکہ پاکستان نے کویت کی جانب سے دفاعی معاہدے کی توثیق کا خیر مقدم کیا۔ ترجمان دفتر خارجہ نے جرمن نشریاتی ادارے ڈی ڈبلیو کی پاکستانی جوہری پروگرام سے متعلق دستاویزی فلم کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ اس میں حقائق کو مسخ کرنے اور غلط فہمیاں پیدا کرنے کی کوشش کی گئی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کا نیوکلیئر کمانڈ اینڈ کنٹرول سسٹم بین الاقوامی معیار کے مطابق محفوظ، مضبوط اور موثر ہے، جبکہ ڈی ڈبلیو کو بنیادی صحافتی اصولوں کی پاسداری کرنی چاہیے۔ ترجمان نے بھارتی حکومت کی جانب سے پاکستانی سوشل میڈیا اکاؤنٹس پر پابندیوں کو عدم برداشت کا مظہر قرار دیتے ہوئے کہا کہ ریاست جموں و کشمیر کے علاقوں پر بھارتی قبضے کو معمول کا حصہ ظاہر کرنے یا اسے قانونی جواز دینے کی کوئی کوشش قابل قبول نہیں۔ انہوں نے کہا کہ مسئلہ کشمیر کا پائیدار حل اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں کے مطابق آزادانہ اور منصفانہ استصواب رائے میں مضمر ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ایران اور امریکا کے درمیان کشیدگی میں کمی اور مذاکرات کی بحالی کی حمایت کرتا ہے اور اس حوالے سے اپنا مثبت کردار جاری رکھے ہوئے ہے۔ ترجمان کے مطابق خلیج، آبنائے ہرمز اور بحیرہ احمر کی صورتحال بھی تشویشناک ہے، جبکہ پاکستان نے سعودی عرب پر نان اسٹیٹ ایکٹرز کے حملوں کی مذمت کرتے ہوئے سعودی عرب کے حق دفاع کی حمایت کا اعادہ کیا۔ ترجمان دفتر خارجہ نے مزید بتایا کہ پاکستان بطور میزبان آئندہ سال ہونے والے شنگھائی تعاون تنظیم (SCO) کے سربراہی اجلاس کے لیے تمام رکن ممالک کو دعوت دینے کا پابند ہے اور اس حوالے سے سفارتی تیاریاں جاری ہیں۔ افغانستان سے متعلق سوال پر ترجمان نے کہا کہ پاکستان کی کارروائیاں صرف دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف ہوتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ طالبان جنگجو وردی نہیں پہنتے، اس لیے زمینی حقائق کو نظر انداز کرتے ہوئے لگائے جانے والے الزامات درست نہیں۔ بدخشاں میں طالبان مخالف مزاحمت سے متعلق سوال پر انہوں نے کہا کہ اس حوالے سے ان کے پاس کوئی مصدقہ معلومات نہیں ہیں۔ ترجمان نے مزید بتایا کہ پاکستان نے سکھ یاتریوں کو بڑی تعداد میں ویزے جاری کیے ہیں، جبکہ آزاد جموں و کشمیر کے انتخابات معمول کا جمہوری عمل ہیں اور اس حوالے سے بین الاقوامی برادری کی جانب سے دفتر خارجہ کے سامنے کوئی باضابطہ تحفظات نہیں رکھے گئے۔ ترجمان دفتر خارجہ کا کہنا تھا کہ انڈیا کو آزاد کشمیر کے معاملات پر بات نہیں کرنی چاہیے جبکہ بھارتی کشمیر میں انسانی حقوق کی صورتحال انتہائی مخدوش ہے۔ پاکستان کشمیریوں کے حق خودارادیت کی بات کرتا ہے جبکہ بھارت کشمیریوں کے خودارادیت کے خلاف ہے۔ پاکستان اور بھارت کے درمیان یہ بنیادی فرق ہے۔

بقیہ 29

ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں نے بے گناہ مزدوروں کو شہید کرکے بدترین سفاکیت کا مظاہرہ کیا۔ 6 غیر مقامی مزدوروں کو بیدردی سے شہید کرنے والے درندے کسی رعایت کے مستحق نہیں۔ ایک بیان میں محسن نقوی نے کہا کہ دہشت گردوں نے مزدوروں کو نشانہ بنا کر نا صرف معصوم جانیں چھین لیں بلکہ بلوچستان کی ترقی اور عوام کے روزگار پر بھی حملہ کیا۔ فتنہ الہندوستان کے دہشت گرد اب معصوم نہتے شہریوں کو نشانہ بنا رہے ہیں جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ 6 غیر مقامی مزدوروں کو بیدردی سے شہید کرنے والے درندے کسی رعایت کے مستحق نہیں۔ ہماری تمام تر ہمدردیاں شہداء کے لواحقین کے ساتھ ہیں۔ دکھ کی گھڑی میں شہداء کے لواحقین کے ساتھ کھڑے ہیں۔

بقیہ 30

ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں نے بے گناہ مزدوروں کو شہید کرکے بدترین سفاکیت کا مظاہرہ کیا۔ 6 غیر مقامی مزدوروں کو بیدردی سے شہید کرنے والے درندے کسی رعایت کے مستحق نہیں۔ ایک بیان میں محسن نقوی نے کہا کہ دہشت گردوں نے مزدوروں کو نشانہ بنا کر نا صرف معصوم جانیں چھین لیں بلکہ بلوچستان کی ترقی اور عوام کے روزگار پر بھی حملہ کیا۔ فتنہ الہندوستان کے دہشت گرد اب معصوم نہتے شہریوں کو نشانہ بنا رہے ہیں جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ 6 غیر مقامی مزدوروں کو بیدردی سے شہید کرنے والے درندے کسی رعایت کے مستحق نہیں۔ ہماری تمام تر ہمدردیاں شہداء کے لواحقین کے ساتھ ہیں۔ دکھ کی گھڑی میں شہداء کے لواحقین کے ساتھ کھڑے ہیں۔

بقیہ 31

بریفنگ دی گئی، جس میں ملک میں سرمایہ کاری کے مواقع، ترجیحی شعبوں اور کاروباری ماحول سے متعلق تفصیلی آگاہی فراہم کی گئی۔ ذرائع کے مطابق امریکی وفد کا دورہ پاکستان اور امریکا کے درمیان اقتصادی روابط کو مزید مستحکم بنانے، تجارتی شراکت داری کو فروغ دینے اور نئی سرمایہ کاری کے امکانات کا جائزہ لینے کے سلسلے کی ایک اہم کڑی ہے۔ ایس آئی ایف سی کے زیر اہتمام منعقدہ خصوصی بریفنگ سیشن میں وفد کو پاکستان میں سرمایہ کاری کے لیے دستیاب مواقع، حکومتی پالیسیوں، کاروبار دوست ماحول اور سرمایہ کاروں کو فراہم کی جانے والی سہولتوں سے آگاہ کیا گیا۔ بریفنگ کے دوران امریکی سرمایہ کاروں کو توانائی، انفراسٹرکچر، ٹیکنالوجی سمیت دیگر ترجیحی شعبوں میں سرمایہ کاری کے امکانات پر تفصیلی پریزنٹیشن دی گئی، جبکہ پاکستان کی معاشی استعداد، کاروباری شراکت داری اور طویل المدتی اقتصادی تعاون کے مواقع پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس میں اس امر پر زور دیا گیا کہ ایس آئی ایف سی کی سرمایہ کار دوست پالیسیوں اور ون ونڈو سہولت کاری کے باعث غیر ملکی سرمایہ کاری کے فروغ اور بین الاقوامی کاروباری روابط کو مزید تقویت مل رہی ہے۔ حکام کے مطابق امریکی وفد کا یہ دورہ پاکستان میں سرمایہ کاری، عالمی اقتصادی شراکت داریوں اور پائیدار معاشی ترقی کے نئے امکانات کی عکاسی کرتا ہے، جبکہ دونوں ممالک کے درمیان اقتصادی تعلقات کو مزید وسعت دینے کی راہ بھی ہموار کرے گا۔

بقیہ 32

جاں بحق ہونے والوں کی لاشیں اور زخمیوں کو ملبے کے نیچے سے باہر نکالا، حادثے کے باعث علاقے میں سوگ کی فضاء پھیل گئی، وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے واقعہ پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے تفصیلی رپورٹ طلب کرلی۔

بقیہ 01

اور کارکنوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ مقررین نے شیر علی باچا کی پشتون قومی حقوق کیلئے غیر متزلزل عزم اور قوم دوست سیاست اور ان کے اعلیٰ قومی، سیاسی، جمہوری اور ادبی خدمات پر انہیں زبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ شیر علی باچا نے قومی سیاست کا آغاز 1963 میں کیا۔ انہوں نے پاکستان مزدور کسان پارٹی بنائی، 1986 میں برصغیر پاک و ہند اور پشتونخوا وطن کے آزادی کے قافلے کے عظیم سالار خان شہید عبدالصمد خان اچکزئی کی پارٹی پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی اور پشتونخوا مزدور کسان پارٹی کا باقاعدہ انضمام ہوا جس کے نتیجے میں پہلے پشتونخوا ملی عوامی اتحاد اور بعد میں اسے پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کا نام دیا گیا۔ شیر علی باچا کی اپنی وطن، مٹی، قوم اور ملت سے محبت اپنی جگہ لیکن ایک منظم تنظیم اور پارٹی ڈسپلن کے منشور و آئین اور پارٹی بانی خان شہید عبدالصمد خان اچکزئی کے سیاسی فلسفے اور وژن سے محبت کی مثال اپنی جگہ برقرار تھی۔ پشتونخوا ملی عوامی پارٹی شیر علی باچا کے نقش قدم پر چلتے ہوئے ملی ارمانوں کی تکمیل کرے گی۔ مقررین نے کہا کہ آج ملک پر کٹھ پتلی زر و زور اور فارم 47 کی غیر نمائندہ حکومت مسلط ہے۔ ملکی آئین کی بحالی، جمہوری حکمرانی میں رکاوٹیں ڈالنے، عدلیہ کے پر کاٹنے، صحافت کا گلا گھونٹنے اور سیاسی عدم استحکام بڑھنے کی وجہ سے ملک ہمہ جہت بحرانوں کا شکار ہو چکا ہے۔ پشتونخوا میپ کے چیئرمین و تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ اور قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی کی قیادت میں آئین کی بالادستی، پارلیمنٹ کی خودمختاری، قوموں کی برابری پر مبنی حقیقی جمہوری فیڈریشن کے قیام، جمہوریت، رول آف لاء اور آئین میں متعین کردہ دائرہ کار میں تمام اداروں کو اپنے فرائض کا پابند بنانے کیلئے جاری جدوجہد کو مزید تیز کرنے کی ضرورت ہے۔ ان حالات میں پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے کارکنوں اور پشتونخوا وطن کے عوام نے اپنا قومی سیاسی جمہوری فریضہ ادا کرنا ہوگا۔ مقررین نے کہا کہ صوبے میں بدامنی کی جاری لہر، دہشتگردانہ، سفاکانہ واقعات کا تسلسل دراصل حکومتی سرپرستی میں جاری ہے جس کے باعث بے گناہ نہتے انسانوں کا خون ناحق بہایا جارہا ہے۔ پشتونوں کے جائیدادوں، املاک، کروڑوں کی گاڑیوں کو جلانے، قتل و غارت، اغوا برائے تاوان کی وارداتوں میں ملوث کسی بھی واقعے کے ملزمان کو گرفتار نہیں کیا گیا۔ جبکہ حکومتی رٹ کے بیانات عوام کی آنکھوں میں دھول جھونکنے کے مترادف ہے۔ کوئٹہ کراچی، کوئٹہ تفتان، کوئٹہ سکھر اور کوئٹہ ڈیرہ غازی خان شاہراہیں یا تو بند ہے اور یا سفر کرنے کو انتہائی خطرناک بن چکے ہیں۔ صوبے کے کسی بھی ضلع میں امن نہیں رہا۔ شاہراہوں پر مسلح افراد کا شہریوں کو لوٹنا، گاڑیوں پر فائرنگ، گاڑیاں چھیننا، مال بردار لوڈ گاڑیوں کو خالی کرانا، ڈرائیوروں پر تشدد، اغوا کرنے کے واقعات سے تمام عوام بالخصوص پشتون شدید مالی و جانی نقصانات سے دوچار ہو رہے ہیں۔ پارٹی کے محبوب چیئرمین ملی مشر محمود خان اچکزئی کی جانب سے 29، 30، 31 اگست 2026 کو کوئٹہ میں ایک سہ روزہ جرگہ منعقد ہوگا اور اس جرگے میں شرکاء موجودہ حالات اور آئندہ کے لائحہ عمل کے حوالے سے اپنی قیمتی تجاویز باہمی مشاورت سے قوم کو آگاہ کرینگے اور پرامن خوشحال مستقبل کیلئے فیصلے ہوں گے اور نوجرگہ 2022 کے فیصلوں کی روشنی میں یہ جرگہ انتہائی اہمیت کا حامل ہوگا۔

بقیہ 02

ہے، تاہم باشعور عوام نے ایسے تمام بے بنیاد اور گمراہ کن ہتھکنڈوں کو مکمل طور پر مسترد کر دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام ایک نظریاتی، عوامی اور جمہوری جماعت ہے جس نے ہر دور میں آئین کی بالادستی، جمہوریت کے استحکام، پارلیمنٹ کی خودمختاری، دینی اقدار کے تحفظ اور عوام کے بنیادی حقوق کے لیے اصولی اور بے لوث جدوجہد کی ہے۔ جمعیت شہداء کی امین جماعت ہے، جس کے ہزاروں کارکنان اور قائدین نے وطن عزیز میں امن، مذہبی آزادی، جمہوری نظام اور قومی یکجہتی کے لیے لازوال قربانیاں پیش کی ہیں، جنہیں تاریخ کبھی فراموش نہیں کرسکتی۔ رہنماؤں نے کہا کہ قائد جمعیت حضرت مولانا فضل الرحمن کی سیاسی، پارلیمانی، آئینی اور قومی خدمات ایک روشن حقیقت ہیں، جن کا اعتراف نہ صرف ملک کے سنجیدہ سیاسی حلقے کرتے ہیں بلکہ عوام بھی ان کی بصیرت، تدبر اور اصولی سیاست پر مکمل اعتماد رکھتے ہیں، اور پاکستان کی موجودہ سیاست میں کوئی بھی شخصیت ان کی طویل، مؤثر اور بے مثال خدمات کا مقابلہ نہیں کر سکتی۔ انہوں نے کہا کہ مولانا فضل الرحمن نے ہمیشہ قومی مفاد، جمہوری روایات، اسلامی اقدار اور محروم طبقات کے حقوق کے لیے آواز بلند کی ہے اور ہر قسم کے دباؤ، لالچ اور سیاسی انتقام کے باوجود اپنے اصولی مؤقف پر ثابت قدم رہے ہیں۔ رہنماؤں نے مزید کہا کہ مخالفین اپنی سیاسی ناکامیوں کو چھپانے کے لیے جمعیت علماء اسلام اور اس کی قیادت کے خلاف جھوٹا پروپیگنڈا کر رہے ہیں، لیکن عوام اب حقیقت اور پروپیگنڈے میں فرق بخوبی سمجھتے ہیں۔ انہوں نے کارکنان سے اپیل کی کہ وہ صبر، تحمل اور نظم و ضبط کا مظاہرہ کرتے ہوئے جماعت کا مثبت پیغام گھر گھر پہنچائیں، عوام سے رابطہ مضبوط کریں اور ملک میں آئین، قانون، جمہوریت، امن اور عوامی حقوق کی جدوجہد کو مزید مؤثر انداز میں جاری رکھیں۔

بقیہ 03

نے کہا کہ موسمیاتی تبدیلیوں اور بڑھتی ہوئی ماحولیاتی آلودگی کے تناظر میں ای پی اے کی مؤثر کارکردگی ناگزیر ہے اور افسران کی ناقص کارکردگی یا غیر حاضری کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے فضائی آلودگی، پولٹری و ڈیری فارمز، سیوریج کے پانی سے کاشتکاری اور دیگر ماحولیاتی خلاف ورزیوں کے خلاف مؤثر کارروائی، فیکٹریوں اور صنعتی یونٹس کا مکمل ڈیٹا مرتب کرنے، عوامی شکایات پر ہونے والی کارروائی کی باقاعدہ نگرانی، ملازمین کی روزانہ حاضری چیک کرنے، غیر ضروری ایجنسیاں ختم کرنے اور ادارے کو درپیش سہولیات کی کمی دور کرنے کے لیے سفارشات تیار کرنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ماحولیات کے تحفظ اور عوامی مفاد کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے، جبکہ خواتین افسران اور ملازمین کو محفوظ اور سازگار ماحول فراہم کر کے انہیں بھرپور کردار ادا کرنے کے مواقع دیے جائیں گے۔

بقیہ 04

جنجوعہ کی نگرانی میں ڈی ایس پی ایئرپورٹ سرکل عبدالرب کاکڑ کی نگرانی میں ایس ایچ او تھانہ شہید جمیل کاکڑ کے عملے نے کارروائی کرتے ہوئے 4 ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضے سے ایس ایم جی 2 عدد، سنائپر رائفل ایک عدد، جی تھری رائفل ایک عدد برآمد کرکے قبضے میں لے لئے۔ اس کے علاوہ بروری پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے موٹر سائیکل سنیچر محمد لطیف کو گرفتار کرکے اس کے قبضے سے مسروقہ موٹر سائیکل اور پسٹل برآمد کرلی اس کے علاوہ عبدالشکور شاہد علی کو گرفتار کرلیا جو پولیس کو مطلوب تھی اس کے علاوہ ہزارہ ٹاؤن پولیس نے محمد علی کے قبضے سے 1230 گرام چرس برآمد کرکے قبضے میں لے لیا اس کے علاوہ سریاب پولیس نے ایس ایچ او فضل الرحمن نے کارروائی کرتے ہوئے داؤد کے قبضے سے 1010 گرام چرس برآمد کرکے گرفتار کرلیا جبکہ غیر قانونی طور پر رہائش پذیر 4 افغان باشندوں کو گرفتار کرکے متعلقہ حکام کے حوالے کردیا مزید کارروائی پولیس کررہی ہے۔

بقیہ 05

پر مؤثر عملدرآمد اور متعلقہ افسران و دستکاروں کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں اضافہ کرنا تھا۔ ٹریننگ میں زونل منیجر ڈاکٹر محمود خان نے شرکا کو آیوڈین کی انسانی صحت میں اہمیت، آیوڈین کی کمی سے پیدا ہونے والی بیماریوں، غیر آیوڈائزڈ نمک کے نقصانات اور معیاری آیوڈائزڈ نمک کے استعمال کے فوائد سے آگاہ کیا۔ انہوں نے سالٹ فورٹیفکیشن کے جدید تقاضوں، پوٹاشیم آیوڈیٹ کے درست استعمال، آیوڈین کی مطلوبہ مقدار برقرار رکھنے، پیداواری مراحل، پیکنگ، ذخیرہ، کوالٹی کنٹرول اور ریپڈ ٹیسٹنگ کٹ (RTK) کے مؤثر استعمال پر بھی تفصیلی عملی رہنمائی فراہم کی۔ اس موقع پر ڈائریکٹر ٹیکنیکل بلوچستان فوڈ اتھارٹی انور کاکڑ، ڈپٹی پروونشل کوآرڈینیٹر فیملی پلاننگ ڈاکٹر کامران الٰہی، ڈپٹی ڈائریکٹر نیوٹریشن ڈائریکٹوریٹ ڈاکٹر اویس ترین، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر ایمل مندوخیل اور پروونشل پروگرام منیجر سید شکیل آغا نے بھی خطاب کیا۔ مقررین نے غذائی کمیوں کے خاتمے، آیوڈین کی کمی سے بچاؤ، معیاری آیوڈائزڈ نمک کی دستیابی اور متعلقہ اداروں کے درمیان موثر تعاون، نگرانی اور استعداد کار میں اضافے کی ضرورت پر زور دیا۔ تربیتی پروگرام میں بلوچستان فوڈ اتھارٹی کے فوڈ سیفٹی افسران، سالٹ پروسیسرز اور متعلقہ اداروں کے نمائندوں نے شرکت کی۔ شرکاء نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ معیاری آیوڈائزڈ نمک کی پیداوار، موثر نگرانی اور عوام میں اس کے استعمال کے فروغ کے لیے اپنی ذمہ داریاں مزید موثر انداز میں انجام دیں گے۔ پروگرام کے اختتام پر ڈائریکٹر جنرل بلوچستان فوڈ اتھارٹی، حبیب اللہ خان نے شرکاء میں اسناد تقسیم کیں۔ انہوں نے نیوٹریشن انٹرنیشنل کی جانب سے سالٹ فورٹیفکیشن پروگرام کے تحت کی جانے والی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ غذائی قلت اور آیوڈین کی کمی جیسے صحت عامہ کے مسائل پر قابو پانے کے لیے ایسے تربیتی پروگرام نہایت اہم ہیں۔ انہوں نے یقین دہانی کرائی کہ بلوچستان فوڈ اتھارٹی نیوٹریشن انٹرنیشنل اور دیگر شراکت دار اداروں کے تعاون سے صوبے بھر میں معیاری آیوڈائزڈ نمک کی پیداوار، موثر نگرانی اور عوام تک محفوظ و معیاری خوراک کی فراہمی کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھے گی۔

بقیہ 06

کے مابین جاری دیرینہ تنازعات کو باہمی اتفاق رائے، روایتی قبائلی اقدار اور افہام و تفہیم کے ذریعے خوش اسلوبی سے حل کر دیا گیا۔ جرگے میں نوابزادہ میر شاہ دین خان شاہوانی کی امن پسند، مدبرانہ اور مخلصانہ قیادت میں اقوام "کرد، کلوئی اور محمد حسنی" کے درمیان جاری تنازعے کا مکمل اور مستقل تصفیہ کر دیا گیا۔ اسی طرح اقوام "شاہوانی اور مینگل" کے درمیان موجود اختلافات بھی خوش اسلوبی سے طے پا گئے، جبکہ "بنگلزئی اور شاہوانی" قبائل کے درمیان تنازعے کا فیصلہ کرتے ہوئے دونوں فریقین کو باہمی بھائی چارے، اتفاق اور محبت کے ساتھ شیر و شکر کر دیا گیا۔ جرگے کے شرکاء نے اس موقع پر نوابزادہ میر شاہ دین خان شاہوانی کی قیادت، دوراندیشی اور امن کے قیام کے لیے ان کی مسلسل کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ قبائلی جرگے بلوچستان کی روایات کا اہم حصہ ہیں، جو معاشرتی ہم آہنگی، بھائی چارے اور پائیدار امن کے فروغ میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں۔ اس اہم جرگے میں ٹکری ملک بیگ شاہوانی، ٹکری عبدالقیوم محمد شہی، ٹکری نور احمد قمبرانی، ٹکری محبوب احمد شاہوانی، ٹکری جہانزیب خان بنگلزئی، ٹکری عبدالحمید لہڑی، ٹکری بہار خان شاہوانی، ٹکری عبدالغنی محمد حسنی، ٹکری ظفر اللہ بنگلزئی، ملک فاضل شاہوانی، حاجی ریاض شاہوانی، چیئرمین عزیز شاہوانی، وڈیرہ محمد ابراہیم سالانی، حاجی سیف اللہ شاہوانی، میر مجید شاہوانی، ملک لطیف شاہوانی، ماسٹر لیاقت علی شاہوانی، حاجی عامر شاہوانی، نائب پابند شاہوانی، حاجی زر جان محمد شئی، حاجی محمد عثمان شاہوانی، حاجی دلیل شاہوانی، حاجی سمیع اللہ شاہوانی، بابو شاہوانی، منظور احمد شاہوانی، میر نادر مینگل، حاجی محمد رحیم شاہوانی، میر فوج علی بنگلزئی، ملک عطاء اللہ بنگلزئی، بابو ساول خان شاہوانی، میر سرور شاہوانی، عبدالصمد شاہوانی، اعجاز احمد شاہوانی، مختیار احمد شاہوانی، ماما جبار شاہوانی، غلام مرتضیٰ شاہوانی، رئیس خیر محمد شاہوانی، زبیر احمد بنگلزئی، ماما احمد جان شاہوانی، حکمت اللہ کاکڑ، بابل لہڑی، محمد عامر محمد حسنی، ارشاد احمد محمد حسنی، مفتی عبدالوحید شاہوانی، مقبول احمد شاہوانی، عبیداللہ شاہوانی، نور احمد شاہوانی، خلیل احمد شاہوانی، محمد عامر بنگلزئی، محمد عامر رئیسانی، حاجی نورالحق بنگلزئی، غلام فاروق کلوئی، ماسٹر کریم شاہوانی، بابل جان کلوئی، ماما اختر بنگلزئی، ولی محمد شاہوانی، ٹکری خیر جان شاہوانی، ماما عبدالواحد شاہوانی، حاجی عطاء اللہ شاہوانی سمیت مختلف قبائل کے معتبرین، عمائدین اور معززین کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ جرگے کے اختتام پر شرکاء نے اس عزم کا اظہار کیا کہ آئندہ بھی تمام قبائلی اور سماجی اختلافات کو باہمی مشاورت، رواداری اور روایتی جرگہ نظام کے ذریعے پُرامن انداز میں حل کیا جائے گا تاکہ علاقے میں امن، بھائی چارہ اور استحکام مزید مضبوط ہو۔

بقیہ 07

نصف حصہ مکمل ہو چکا ہے۔ تاہم، انتہائی افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ بعض نادیدہ قوتوں کی جانب سے اس عوامی فلاحی منصوبے کی تعمیر میں رکاوٹیں کھڑی کی جا رہی ہیں، جس کے باعث تعمیراتی کام متاثر ہو رہا ہے۔ یہ نہ صرف علاقے کے عوام بلکہ آنے والی نسلوں کے تعلیمی مستقبل کے ساتھ بھی ناانصافی ہے۔ پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ان عناصر کو متنبہ کرتی ہے کہ وہ دانش اسکول کی تعمیر میں کسی قسم کی رکاوٹ ڈالنے سے گریز کریں، کوئی رکاوٹ قابل قبول نہیں۔ اور اس اہم تعلیمی منصوبے کو بروقت اور مکمل طور پر پایہ تکمیل تک پہنچنے دیں۔ تعلیم ہر بچے کا بنیادی حق ہے، اور عوامی مفاد کے اس منصوبے کو کسی بھی قسم کی مداخلت یا تاخیر سے محفوظ رکھا جانا چاہیے۔ پارٹی نے حکومت بلوچستان اور متعلقہ حکام سے بھی مطالبہ کیا ہے کہ وہ اس معاملے کا فوری نوٹس لیں، تعمیراتی کام میں حائل رکاوٹوں کو دور کریں اور دانش اسکول کی تعمیر کو جلد از جلد مکمل کرنے کے لیے مؤثر اقدامات کریں تاکہ ضلع ژوب کے طلبہ و طالبات جدید اور معیاری تعلیمی سہولیات سے مستفید ہوسکیں۔

بقیہ 08

مختلف آسامیوں پر بلوچستان ہائی کورٹ کی جانب سے جاری کردہ حکم امتناع (اسٹے آرڈر) کے باوجود مبینہ طور پر تقرریوں کا عمل جاری رکھنے کا معاملہ شدت اختیار کر گیا ہے۔ متاثرہ امیدواروں کے مطابق، کیس اس وقت بھی بلوچستان ہائی کورٹ میں زیر سماعت ہے، تاہم ان کا دعویٰ ہے کہ ڈپٹی کمشنر خضدار اور ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر خضدار نے عدالتی حکم کے باوجود تمام آسامیوں پر کنٹریکٹ تقرری کے احکامات جاری کر دیے، جو عدالتی احکامات کی خلاف ورزی کے مترادف ہیں۔ متاثرہ امیدواروں کا کہنا ہے کہ اس مبینہ اقدام کے خلاف گزشتہ روز بلوچستان ہائی کورٹ میں ڈپٹی کمشنر خضدار اور ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر خضدار کے خلاف توہین عدالت کی درخواست بھی دائر کر دی گئی ہے۔ درخواست گزاروں نے عدالت عالیہ سے استدعا کی ہے کہ عدالتی حکم کی مبینہ خلاف ورزی کا نوٹس لیتے ہوئے ذمہ دار افسران کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کی جائے۔ واضح رہے کہ اس معاملے پر متعلقہ سرکاری حکام کا موقف سامنے آنے کی صورت میں اسے بھی خبر کا حصہ بنایا جانا چاہیے۔

بقیہ 09

ڈپٹی آرگنائزر شہباز خان بیرازئی اور زونل ڈپٹی آرگنائزر صدام خان اچکزئی نے خصوصی شرکت کی۔ اس کے علاوہ پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ضلع چمن کے ضلعی صدر حاجی جمال خان اچکزئی، ضلعی سینئر معاون شیر علی خان، ضلعی ڈپٹی سیکرٹری انجینئر جمعہ خان اچکزئی، تحصیل سٹی سیکرٹری اولس یار خان، سینئر معاون حاجی احمد شاہ، روغانی کے سینئر معاون احمد زئی صاحب اور بوغرہ کے سینئر معاون جمعہ خان صاحب بھی اجلاس میں شریک ہوئے۔ اجلاس میں ضلع بھر میں تنظیمی سرگرمیوں، بلنہ (رکنیت سازی) مہم، نئے یونٹس کے قیام اور ان کی فعالیت، تعلیمی اداروں میں تنظیم کو مزید فعال بنانے، طلبہ کو درپیش مسائل اور آئندہ تنظیمی پروگراموں کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ مقررین نے اس بات پر زور دیا کہ طلبہ کو منظم کرنا، تعلیمی شعور کو فروغ دینا، قومی فکر کو مضبوط بنانا اور تنظیم کو ہر تعلیمی ادارے اور ہر علاقے تک فعال انداز میں پہنچانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ اجلاس سے صدارتی خطاب کرتے ہوئے ضلعی سیکرٹری احسان اللہ اچکزئی نے کہا کہ پشتونخوا اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن ایک نظریاتی اور عوامی طلبہ تنظیم ہے، جس کا مقصد طلبہ کے تعلیمی، سماجی اور قومی حقوق کا تحفظ اور ان میں شعور و ذمہ داری پیدا کرنا ہے۔ انہوں نے تمام ضلعی، تحصیلی اور یونٹ ذمہ داران پر زور دیا کہ وہ تنظیمی ڈسپلن، اتحاد اور باہمی تعاون کے ساتھ بلنہ مہم کو مزید مؤثر بنائیں، نئے یونٹس کو فعال کریں اور طلبہ کے درمیان تنظیم کا پیغام عام کریں۔ اجلاس کے اختتام پر تنظیمی امور کو مزید منظم اور مؤثر بنانے، نئے یونٹس کی فعالیت میں تیزی لانے، رکنیت سازی مہم کو وسعت دینے اور آئندہ کے تنظیمی پروگراموں کو کامیاب بنانے کے عزم کا اظہار کیا گیا۔

بقیہ 10

ہمیں ڈرایا اور دھمکایا جس کی وجہ سے ہم بھی نقل مکانی کرکے کوئٹہ آکر کرایہ کے مکان میں رہنے لگے ہیں۔ سبی میں ہمارے ایک کروڑ روپے مالیت کے مکان پر پولیس حوالدار نے قبضہ کر رکھا ہے اور گھر سے قیمتی سامان جس میں پنکھے، الماریاں اور دیگر سامان نکال کر لے گیا ہے اس بارے ہم نے سبی پولیس کے اعلیٰ عہدیداروں کو آگاہ کیا لیکن کوئی شنوائی نہیں ہوئی۔ میری وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، آئی جی پولیس محمد طاہر اور ڈی آئی جی سبی رینج سمیت دیگر اعلیٰ حکام سے اپیل ہے کہ ہمارے گھر پر کئے گئے قبضے کو واگزار کرا کر گھر سے لے جائے گئے سامان کو واپس دلوا کر مذکورہ پولیس اہلکار کے خلاف قانونی کارروائی کرکے انصاف کے تقاضے پورے کئے جائیں اور ہمیں تحفظ دیا جائے۔

بقیہ 11

کی جائے گی کم ہے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں سردار عبدالرحمن کھیتران نے کہا کہ دشمن عناصر بلوچستان کے امن، خوشحالی اور ترقی کے سفر کو سبوتاژ کرنے کے لیے ایسی بزدلانہ کارروائیاں کر رہے ہیں، لیکن ان کے مذموم عزائم کبھی بھی کامیاب نہیں ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ نہتے شہریوں کا خون بہانے والے عناصر کسی قسم کی نرمی کے مستحق نہیں اور ریاست ایسے دہشت گردوں کو قانون کے کٹہرے میں لا کر قرار واقعی سزا دلانے کے لیے پرعزم ہے۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ حکومت بلوچستان غم کی اس گھڑی میں شہداء کے لواحقین کے ساتھ کھڑی ہے۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہداء کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے، سوگوار خاندانوں کو صبر جمیل دے اور صوبے میں امن وامان کو ہمیشہ قائم رکھے۔

بقیہ 12

دکانداروں، سبزی اور پھل فروشوں کا لاکھوں کے نقصانات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے جب کہ دیہاڑی دار طبقہ جو کہ روزانہ دیہاڑی کر کر کے اپنے بچوں کا پیٹ پالتے تھے کرفیو کی وجہ سے دو وقت کی روٹی کے لیے ترس رہے ہیں امن و امان کے قیام کے ساتھ ساتھ عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی بھی ہونی چاہئے بازار کی بندش مسائل کا حل نہیں کرفیو کے باعث لوگ گھروں میں محصور ہو کے رہ گئے ہیں کاروبار زندگی متاثر جبکہ نقل وحرکت پر پابندی عائد ہونے کی وجہ سے عوام ذہنی مریض بن چکے ہیں آخر میں نوشکی کے عوامی حلقوں نے ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ اداروں سے اپیل کی ہے کہ وہ نوشکی میں جاری کرفیو میں نرمی کر کے عوام کو ان مشکلات سے نجات دلائی جائے۔

بقیہ 13

مال بردار گاڑیوں کو جلانے، لوٹ مار حکومت کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے تاجروں اور ٹرانسپورٹرز نے گاڑیوں کو کھڑی کردی جس کی باعث بلوچستان میں خوردنی اشیا کی قلت پیدا ٹرانسپورٹرز، ڈرائیوروں اور تاجروں کو اربوں روپے کا نقصان پہنچ چکی ہے بلوچستان کے اندرون ملک سامان کی ترسیل، ہمسایہ ملک کے ساتھ تجارت رک گئی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی عدم سنجیدگی سے بلوچستان میں بدامنی کی آگ جل رہی ہیں بلوچستان نوگو ایریا بن چکے ہیں پورے صوبے میں کہیں بھی حکومت کی رٹ دکھائی نہیں دیتی۔ عوام کی عزتیں مال و جان سب کچھ داؤ پر لگ چکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سوچی سمجھی منصوبے کے تحت بلوچستان میں بدامنی، عدم استحکام پیدا کرنے کی مذموم کوشش کر رہا ہے بلوچستان میں عوام اب جینے کا حق مانگ رہی ہے انہوں نے کہا کہ قومی شاہراہوں پر شہریوں کا تحفظ یقینی بنانا ریاست کی اولین ذمہ داری ہے۔ بدامنی سے تاجر، ٹرانسپورٹر طبقہ صوبے کی اندرونی اضلاع میں تجارتی معاملات کے نقل و حرکت سے انکار کر چکی ہے شاہراہیں غیر محفوظ حکومتی و انتظامی اداروں کے قابو سے باہر ہو چکی ہے انہوں نے کہا کہ حکومت موجودہ حالات کی نزاکت کا ادراک کر کے صوبے کے سیاسی اور مذہبی جماعتیں کو اعتماد میں لے کر قیام امن کے لیا آگے بڑھے

بقیہ 14

گھر سے نکلا ہے تا حال واپس نہیں آیا رابطہ کرنے اور ڈھونڈنے کی بہت کوشش کی لیکن کچھ معلوم نہیں ہوسکا اگر اس کا تعلق کسی مسلح تنظیم سے ہوا تو میرا اور میرے خاندان کا اس سے کوئی تعلق نہیں ہوگا۔ یہ بات انہوں نے جمعرات کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کہی۔ انہوں نے کہا کہ میرا بھائی محمد عارف کرد 21 جولائی کو دوست کی شادی میں شرکت کیلئے گیا تھا تا حال واپس نہیں آیا جس کو ڈھونڈنے اور تلاش کرنے کی بہت کوشش کی لیکن کچھ معلوم نہیں ہوسکا اگر اس کا تعلق کسی سے مسلح تنظیم سے ہوا تو میرا اور میرے خاندان کا اس سے کوئی تعلق نہیں ہوگا۔

بقیہ 15

بحران کا اندیشہ۔ پی ایچ ای کے جانب سے جاری ایک پریس ریلیز میں شہریوں کو مطلع کیا جاتا ہے کہ غریب آباد عیدگاہ، شیر محمد غریب آباد، بی اینڈ آر کالونی غریب آباد اور وارڈ نمبر 5 کی واٹر سپلائی اسکیمیں بجلی کی وولٹیج میں مسلسل کمی بیشی کے باعث عارضی طور پر متاثر ہوئی ہیں۔ مزید برآں، کرفیو کے باعث بروقت مرمت کا کام بھی متاثر ہوا ہے، جس کی وجہ سے پانی کی فراہمی میں عارضی تعطل پیش آیا ہے۔ عوام سے گزارش ہے کہ پانی کا استعمال احتیاط اور کفایت سے کریں۔ محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کی ٹیم خرابی دور کرنے کے لیے مسلسل کوشش کر رہی ہے، اور ان شاء اللہ مرمت مکمل ہوتے ہی پانی کی فراہمی بحال کر دی جائے گی۔

بقیہ 16

اضافہ ہوگا۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ پاکستان اور امریکہ کے تعلقات ماضی میں زیادہ تر سکیورٹی اور جغرافیائی سیاست تک محدود رہے، تاہم اب دونوں ممالک کی توجہ تجارت، سرمایہ کاری، آئی ٹی، مصنوعی ذہانت (AI)، توانائی، زراعت، معدنیات اور جدید ٹیکنالوجی جیسے شعبوں کی جانب منتقل ہونا ایک مثبت اور دور رس پیش رفت ہے۔ سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا کہ حکومت کو چاہیے کہ امریکی کاروباری اداروں اور عالمی سرمایہ کاروں کیلئے پاکستان میں سرمایہ کاری کا ماحول مزید سازگار بنائے، غیر ضروری سرخ فیتہ ختم کرے، سرمایہ کار دوست قوانین متعارف کرائے اور ون ونڈو سہولت کو مؤثر بنائے۔ اگر امریکی کمپنیاں پاکستان میں بڑے پیمانے پر سرمایہ کاری کرتی ہیں تو اس سے لاکھوں روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے، جدید ٹیکنالوجی اور مہارت پاکستان منتقل ہوگی، صنعتی پیداوار میں اضافہ ہوگا اور ملکی معیشت کو درکار سرمایہ بھی میسر آئے گا۔ انہوں نے کہا کہ امریکہ کو بھی تقریباً 25 کروڑ آبادی پر مشتمل ایک بڑی، نوجوان اور تیزی سے ترقی کرتی ہوئی مارکیٹ تک رسائی حاصل ہوگی، جس سے دونوں ممالک کو یکساں اقتصادی فوائد حاصل ہوں گے۔ انہوں نے زور دیا کہ صرف امریکہ ہی نہیں بلکہ دیگر دوست اور ترقی یافتہ ممالک کے ساتھ بھی اقتصادی سفارت کاری کو وسعت دی جائے تاکہ پاکستان کے مجموعی تجارتی حجم، برآمدات اور غیر ملکی سرمایہ کاری میں کئی گنا اضافہ کیا جاسکے۔ چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار نے کہا کہ 20 ارب ڈالر کے تجارتی ہدف کے حصول کیلئے پالیسیوں کا تسلسل، سرمایہ کار دوست قوانین، توانائی کی بلاتعطل فراہمی، شفاف ریگولیٹری نظام، عدالتی نظام پر اعتماد، سیاسی و معاشی استحکام اور مؤثر ادارہ جاتی معاونت ناگزیر ہے۔ سرمایہ کار اسی وقت طویل المدتی سرمایہ کاری کرتے ہیں جب انہیں قانونی تحفظ، معاہدوں پر مکمل عملدرآمد اور محفوظ کاروباری ماحول کی یقین دہانی حاصل ہو۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان کی جانب سے امریکی سرمایہ کاروں کو دی گئی دعوت دونوں ممالک کے تعلقات کو اقتصادی بنیادوں پر مزید مستحکم بنانے کی مثبت پیش رفت ہے۔ اگر اس وژن کو عملی اصلاحات، باہمی اعتماد اور مؤثر حکومتی اقدامات کے ذریعے آگے بڑھایا جائے تو آئندہ چند برسوں میں نہ صرف دوطرفہ تجارت 20 ارب ڈالر سے تجاوز کر سکتی ہے بلکہ پاکستان علاقائی تجارت، صنعتی ترقی اور عالمی سرمایہ کاری کا ایک اہم مرکز بھی بن سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاک امریکہ تجارت کو 20 ارب ڈالر تک بڑھانا پاکستان کیلئے گیم چینجر ثابت ہوسکتا ہے، امریکی سرمایہ کاری سے روزگار، برآمدات، صنعت اور جدید ٹیکنالوجی کو نئی رفتار ملے گی، اقتصادی سفارت کاری اور سرمایہ کار دوست اصلاحات ہی پائیدار معاشی ترقی کی ضمانت ہیں۔

بقیہ 17

ملک گیر احتجاج عوامی حقوق کی جنگ ہے، مہنگائی، بجلی کے بھاری بلوں اور ظالمانہ ٹیکسوں کے ستائے لوگ مزید خاموش نہیں رہیں گے۔ حکمرانوں نے غریب پر تعلیم کے دروازے بند کردیے، بنو قابل ملک بھر کے نوجوانوں کے لیے امید کی کرن بن گیا۔ ان خیالات کا اظہار ملتان میں الخدمت فاؤنڈیشن کے بنو قابل پروگرام کی گریجویشن تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب سے امیر جماعت اسلامی پنجاب جنوبی سید ذیشان اختر، قیم پنجاب جنوبی ثناء اللہ، امیر ضلع صہیب عمار صدیقی، صدر الخدمت پنجاب جنوبی احمد عمار یاسر، صدر الخدمت ملتان سید عبدالقادر شاہ نے بھی خطاب کیا۔ کامیاب ہونے والے طلبہ و طالبات کی بڑی تعداد تقریب میں شریک تھی۔ امیر جماعت اسلامی نے طلبہ کے تیار کردہ مختلف منصوبوں کے سٹالز کا دورہ بھی کیا۔ حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ 7 اگست کو تمام اضلاع کو جوڑنے والی سڑکیں بند ہوں گی، لاکھوں نوجوان موٹر سائیکلوں کو سڑکوں پر لا کر بند کریں گے، انہوں نے واضح کیا کہ جماعت اسلامی کا احتجاج ہمیشہ کی طرح پرامن ہوگا، یہ جمہوری جدوجہد اور پرامن مزاحمت ہے، عوام گھروں سے نکل کر پٹرولیم لیوی کے خلاف تحریک کا حصہ بنے۔ حکومت پر ایک دفعہ پھر واضح کرنا چاہتے ہیں کہ آئینی حدود کے اندر ہماری پرامن مزاحمت کی راہ میں رکاوٹیں کھڑی نہ کی جائیں۔ امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ پٹرول پر عائد لیوی عوام سے جگا ٹیکس وصول کرنے کے مترادف ہے، ایک موٹر سائیکل سوار بھی ایک لیٹر پٹرول پر 125 روپے سے زائد ٹیکس ادا کر رہا ہے۔ پٹرولیم لیوی کا پٹرول کی قیمت سے کوئی تعلق نہیں بلکہ اسے ریفائنریوں کی بہتری کے نام پر نافذ کیا گیا تھا، مگر حکومت اس مد میں تقریباً ساڑھے آٹھ ہزار ارب روپے وصول کر چکی ہے۔ جن افراد پر براہ راست ٹیکس لاگو نہیں ہوتا، ان سے بھی بالواسطہ ٹیکس وصول کیا جا رہا ہے۔ عوام پہلے ہی پٹرول اور بجلی کے بھاری بلوں کے بوجھ تلے دبے ہوئے ہیں اور اب واسا کے بل بھی ان پر مسلط کیے جا رہے ہیں۔ امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ ملک کی 40 فیصد سے زائد آبادی غربت کی لکیر سے نیچے زندگی گزار رہی ہے جبکہ 18 ہزار ارب روپے کے قومی بجٹ میں سے آٹھ ہزار ارب روپے سودی ادائیگی پر خرچ ہو جاتے ہیں۔ اسلام کے نام پر قائم ہونے والے ملک کو سودی نظام کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا گیا ہے۔ حافظ نعیم الرحمن نے بنو قابل پروگرام سے فارغ التحصیل طلبہ و طالبات کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ اس منصوبے کا مقصد نوجوانوں کو جدید مہارتیں اور بہتر مواقع فراہم کرنا ہے۔ جو نوجوان مزید کورسز کرنا چاہتے ہیں، جماعت اسلامی انہیں بھی مفت تربیت فراہم کرے گی۔ تقریب میں نوجوانوں کے تیار کردہ منصوبے دیکھ کر خوشی ہوئی اور اس سے ثابت ہوتا ہے کہ اگر نوجوانوں کو مواقع فراہم کیے جائیں تو وہ اپنی صلاحیتوں کا بھرپور اظہار کرسکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک کا تعلیمی نظام صرف صاحب حیثیت طبقے تک محدود ہو کر رہ گیا ہے جبکہ غریب والدین اپنے پیٹ کاٹ کر بچوں کو تعلیم دلوانے پر مجبور ہیں۔ ملتان میں دو لاکھ ساٹھ ہزار بچے اسکولوں سے باہر ہیں، جو حکومتی ناکامی کا واضح ثبوت ہے۔ عوام کو مفت اور معیاری تعلیم، صحت اور بنیادی سہولیات فراہم کرنا ریاست کی آئینی ذمہ داری ہے، مگر حکمران عوام کے حقوق غصب کرنے میں مصروف ہیں۔ امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ گزشتہ 78 برس سے ایک مخصوص اشرافیہ اقتدار پر قابض ہے، جو صرف جماعتیں بدل کر حکومت کرتی رہی ہے۔ جاگیرداروں، وڈیروں اور جرنیلوں نے ایک ایسا گٹھ جوڑ قائم کر رکھا ہے جس نے تعلیم سمیت ہر شعبے کو عام آدمی کی پہنچ سے دور کر دیا ہے۔ ملک میں تعلیم کو طبقاتی بنیادوں پر تقسیم کر دیا گیا ہے اور 90 فیصد نوجوانوں کو پہلے ہی مقابلے کی دوڑ سے باہر کر دیا گیا ہے۔ انہوں نے بنو قابل پروگرام سے مستفید ہونے والے نوجوانوں پر زور دیا کہ وہ اپنی تعلیم اور مہارت دوسروں تک بھی منتقل کریں۔ حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ بنو قابل پروگرام کے تحت مفت تعلیم فراہم کر کے جماعت اسلامی نے کوئی احسان نہیں کیا بلکہ اگر ایک فلاحی ادارہ یہ کام کر سکتا ہے تو حکومت کیوں نہیں کر سکتی۔ انہوں نے کہا کہ مفت اور معیاری تعلیم ہر شہری کا بنیادی حق ہے، خیرات نہیں۔ انہوں نے پنجاب حکومت کی سکولوں کی فروخت کی پالیسی کو بھی تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ صوبے میں مزید 11 ہزار اسکول آؤٹ سورس کیے جا چکے ہیں جبکہ کالجوں اور بنیادی مراکز صحت کو بھی نجی شعبے کے حوالے کیا جا رہا ہے۔ جب حکومت عوام کو تعلیم نہیں دے سکتی تو پھر عوام ہی ایسے حکمرانوں کو "آؤٹ سورس" کر دیں گے۔ حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ ایک طرف لاکھوں بچے تعلیم سے محروم ہیں جبکہ دوسری طرف وزیر اعلیٰ پنجاب اربوں روپے کا نیا طیارہ خریدنے میں دلچسپی رکھتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکمران مسلسل عوام کا استحصال کر رہے ہیں، تاہم جماعت اسلامی گالی اور گولی کی سیاست پر یقین نہیں رکھتی بلکہ آئینی اور جمہوری جدوجہد کے ذریعے عوام کے حقوق کی جنگ لڑتی رہے گی

بقیہ 18

طویل لاک ڈاؤن نے تاجر برادری ٹرانسپورٹروں۔ عام عوام۔ مزدور کار۔ سرکاری ملازمین کو نان شبینہ کا محتاج کردیا انہوں نے کہا کہ نوشکی میں حالیہ چھ مہینوں کے جاری لاک ڈاؤن نے لوگوں کو نقل مکانی پر مجبور کر دیا افسوس اس بات پر ہے کہ اس طویل لاک ڈاؤن میں شہر کے چاروں اطراف میں چیک پوسٹ ہونے کے باوجود عوام اپنے موٹر سائیکلوں اور گاڑیوں سے محروم ہو گئے اس طرح کے لاک ڈاؤن اور کرفیو نے عوام کو تحفظ دینے کے بجائے نان شبینہ کے محتاج کر دیا انہوں نے مزید کہا کہ آج دو دن سے نوشکی مکمل کرفیو نافذ ہے وہاں کے شہریوں کو اشیا خورد و نوش اور اپنے شیر خوار بچوں کے دودھ کے لئے پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے تہاڑی دار طبقہ اپنے مزدوری سے گھروں کو چلا رہے ہیں آج دو دن سے مزدور طبقہ پریشانی کے عالم میں گھروں میں نکلتے ہوئے ہیں انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت کو چاہیے نوشکی میں حالیہ چھ مہینوں کے لاک ڈاؤن کو فوری ختم کرے اور چار روزہ کرفیو میں نرمی لائے جائے تاکہ نوشکی کے تاجر برادری۔ ٹرانسپورٹر مزدور طبقہ اور عام شہری سوک کا سانس لے سکے

بقیہ 19

سوالیہ نشان ہیں۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ جہاں بھی انتخابی بے ضابطگیوں اور دھاندلی کے ٹھوس شواہد موجود ہیں، وہاں نتائج روک کر فوری، شفاف اور غیر جانبدارانہ تحقیقات کرائی جائیں تاکہ عوام کا اعتماد بحال ہوسکے۔ محمد ہمایون خان نے اپنے بیان میں کہا کہ آزاد کشمیر کے انتخابات میں عوامی مینڈیٹ پر ڈاکہ کسی صورت قبول نہیں کیا جائے گا۔ پاکستان پیپلز پارٹی عوام کے ووٹ کے تحفظ کے لیے ہر آئینی اور قانونی فورم پر اپنا مقدمہ بھرپور انداز میں لڑے گی اور کسی کو عوامی فیصلے کو تبدیل کرنے کی اجازت نہیں دی جا سکتی۔ انہوں نے کہا کہ میرپور ڈویژن میں انتخابی بے ضابطگیوں کے سامنے آنے والے شواہد نے کئی سنجیدہ سوالات کو جنم دیا ہے، جن کا جواب الیکشن کمیشن کو دینا ہوگا۔ ان کا کہنا تھا کہ جن پولنگ اسٹیشنز پر غیر معمولی نتائج اور بے ضابطگیوں کے شواہد سامنے آئے ہیں، وہاں دوبارہ گنتی ناگزیر ہے تاکہ انتخابی عمل کی شفافیت پر عوام کا اعتماد بحال ہو سکے۔ مرکزی سیکرٹری جنرل نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی نے ہمیشہ ووٹ کی عزت، جمہوریت اور آئین کی بالادستی کے لیے جدوجہد کی ہے اور عوام کے ووٹ کا تحفظ پارٹی کی اولین ذمہ داری ہے۔ عوام نے جس امیدوار کے حق میں ووٹ دیا، نتائج بھی اسی عوامی فیصلے کے مطابق ہونے چاہئیں۔ انہوں نے کہا کہ آزاد کشمیر کے انتخابی عمل پر اٹھنے والے سوالات کو "اب کیا فائدہ" کہہ کر نظرانداز کرنا جمہوری اقدار کے منافی ہے۔ انتخابی شفافیت پر اٹھنے والے سوالات کا جواب سیاسی بیان بازی سے نہیں بلکہ شفاف تحقیقات اور حقائق عوام کے سامنے لا کر دیا جانا چاہیے۔ محمد ہمایون خان نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی میدان چھوڑنے والی جماعت نہیں بلکہ عوامی مینڈیٹ کے تحفظ کے لیے ہر قانونی اور آئینی راستہ اختیار کرے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ جمہوریت صرف انتخابات کا نام نہیں بلکہ عوام کے ووٹ کے احترام، شفاف نتائج اور مینڈیٹ کے تحفظ کا نام ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ پاکستان پیپلز پارٹی نے ہمیشہ ریاست، آئین اور جمہوری نظام کے استحکام کو ذاتی اور جماعتی مفاد پر ترجیح دی ہے، تاہم عوام کے ووٹ پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ آزاد کشمیر کے عوام کے حق رائے دہی کا تحفظ تمام سیاسی جماعتوں اور متعلقہ اداروں کی مشترکہ ذمہ داری ہے، کیونکہ شفاف انتخابات ہی جمہوریت پر عوام کے اعتماد کو مضبوط بنا سکتے ہیں

بقیہ 20

لیات کی فراہمی کے لئے اقدامات کئے جارہے ہیں۔ جس سے علاقے کے طلباء وطالبات و مجموعی طور پر پبلک لائبریری کے قارئین کے لئے مزید آسانیاں پیدا ہوں گی، ایڈیشنل ڈی سی لسبیلہ نے لائبریری میں قارئین کو علمی مواد تک آسان رسائی و نظم وضبط کے قیام کے لیے اسٹاف کی خدمات کو سراہا، انہوں نے کہا کہ موجودہ وقت میں قارئین کو درپیش بنیادی مشکلات و مسائل کے فوری حل کے لیے اقدامات کیے جارہے ہیں جس میں مسلسل بجلی کی فراہمی کے لیے سولر سسٹم کی تنصیب، خواتین کے لیے علیحدہ بلاک کی تعمیر اور موجودہ بلڈنگ و ریڈنگ ہالز کی مرمت و بہتری کو یقینی بنایا جائیگا، اس موقع پر لائبریری اسسٹنٹس و دیگر موجود تھے۔

بقیہ 21

ضلع حب عبدالوہاب زہری نے وفد کا استقبال کیا اور انہیں ضلع بھر میں جاری مختلف ترقیاتی منصوبوں کا معائنہ کرایا وفد نے گڈانی اور حب سٹی سمیت مختلف اہم ترقیاتی منصوبوں کا تفصیلی جائزہ لیا جہاں جاری تعمیراتی سرگرمیوں منصوبوں کی رفتار معیار اور مقررہ اہداف کے مطابق پیش رفت کا معائنہ کیا گیا اس موقع پر ایگزیکٹو انجینئر روڈز ضلع حب عبد الوہاب زہری نے منصوبوں کی موجودہ صورتحال تکمیل کی شرح درپیش چیلنجز اور آئندہ کے لائحہ عمل کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی انہوں نے بتایا کہ منصوبوں پر حکومتی ہدایات کے مطابق کام جاری ہے اور انہیں بروقت مکمل کرنے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں ڈائریکٹر پی اینڈ ڈی ایم اینڈ ای رفیق بلوچ نے مختلف منصوبوں پر ہونے والے کام کا باریک بینی سے معائنہ کیا اور تعمیراتی معیار تکنیکی تقاضوں اور منصوبوں کی مجموعی پیش رفت کا جائزہ لیا۔ انہوں نے جاری ترقیاتی منصوبوں پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے متعلقہ افسران کی کارکردگی کو سراہا اور منصوبوں کے معیار کو تسلی بخش قرار دیا انہوں نے ہدایت کی کہ تمام ترقیاتی منصوبوں کو مقررہ مدت کے اندر اعلیٰ معیار کے ساتھ مکمل کیا جائے تاکہ عوام ان منصوبوں کے ثمرات سے جلد از جلد مستفید ہو سکیں انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ ترقیاتی کاموں میں شفافیت معیار اور رفتار کو ہر صورت یقینی بنایا جائے تاکہ حکومتی وسائل کا موثر استعمال ممکن ہو اور عوام کو بہترین سہولیات فراہم کی جاسکیں۔

بقیہ 22

جنرل آف پولیس بلوچستان محمد طاہر اور ڈی آئی جی پولیس نصیرآباد رینج کامران نواز پنجوتھا کی ہدایات پر ایس ایس پی جعفرآباد محمد معروف عثمان کی نگرانی میں منشیات فروشوں کے خلاف جاری کریک ڈاؤن کے دوران خفیہ اطلاع پر پولیس نے ایک سوزوکی گاڑی کو روک کر اس کی تلاشی لی تلاشی کے دوران گاڑی میں مہارت سے چھپائی گئی 55 کلوگرام چرس برآمد کر لی گئی۔ پولیس نے کارروائی کے دوران محمد عدنان ولد حاجی عبدالحنان، محمد اسماعیل ولد جلال الدین اور شبیر احمد ولد علی احمد اقوام کاکڑ ساکنان نواں کلی کوئٹہ کو گرفتار کرلیا جبکہ اسمگلنگ میں استعمال ہونے والی گاڑی بھی تحویل میں لے لی گئی۔ پولیس کے مطابق ضلع جعفرآباد میں ماہ جولائی کے دوران منشیات فروشوں کے خلاف مختلف کارروائیوں میں مجموعی طور پر 65 کلو 810 گرام چرس برآمد کی جا چکی ہے پولیس کا کہنا ہے کہ منشیات فروشوں کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں آئندہ بھی جاری رہیں گی۔

بقیہ 23

دھماکہ ہوا اور آگ بھڑک اٹھی جس سے ایک شخص جھلس کر زخمی ہوگیا آتشزدگی کی اطلاع ملنے پر فائر بریگیڈ کے عملے نے موقع پر پہنچ کر آگ پر قابو پالیا آتشزدگی اور دھماکہ سے گھر کو شدید نقصان پہنچا۔

بقیہ 24

بڑی تعداد میں شرکت کرتے ہوئے پانی کی قلت، زرعی ٹیوب ویلوں کو درپیش مشکلات، بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ، زرعی ادویات اور کھاد کی دستیابی، مال مویشی کی ویکسینیشن، ویٹرنری سہولیات، زرعی قرضوں، فصلوں کے تحفظ اور دیگر زرعی و دیہی مسائل کے حوالے سے اپنے تحفظات، شکایات اور تجاویز پیش کیں۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر محمد اکرم خان حریفال نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ضلعی انتظامیہ عوامی مسائل کے بروقت اور موثر حل کو اپنی اولین ترجیح سمجھتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ زراعت اور لائیو اسٹاک سے وابستہ افراد کو درپیش مشکلات کے ازالے کے لیے تمام متعلقہ محکمے باہمی تعاون اور مربوط حکمت عملی کے تحت عملی اقدامات کریں گے۔ انہوں نے متعلقہ محکموں کے افسران کو ہدایت کی کہ عوامی شکایات کو ترجیحی بنیادوں پر نمٹایا جائے اور فرائض کی انجام دہی میں کسی بھی قسم کی غفلت یا غیر ضروری تاخیر ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی کرنل شاہد بلال نے اپنے خطاب میں شرکا کو یقین دلایا کہ عوام کے جائز مسائل کے حل اور علاقے کی ترقی کے لیے ہر ممکن تعاون جاری رکھا جائے گا، جبکہ ایس پی ڈی سی منصور احمد بزدار نے زمینداروں اور کاشتکاروں کو امن وامان اور سیکیورٹی کے حوالے سے مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ اس موقع پر مختلف محکموں کے افسران نے شرکاء کے سوالات کے تفصیلی جوابات دیتے ہوئے متعلقہ مسائل کے حل، جاری اقدامات اور آئندہ کے لائحہ عمل سے بھی آگاہ کیا۔ شرکاء نے ضلعی انتظامیہ کے اس اقدام کو سراہتے ہوئے کہا کہ کھلی کچہری جیسے عوامی فورمز عوام اور انتظامیہ کے درمیان موثر رابطے کا ذریعہ بنتے ہیں، جہاں شہری اپنے مسائل براہ راست اعلیٰ حکام کے سامنے پیش کرتے ہیں اور ان کے فوری حل کی امید بھی پیدا ہوتی ہے۔ تقریب کے اختتام پر ضلعی انتظامیہ نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ زراعت، لائیو اسٹاک اور دیہی ترقی سے متعلق مسائل کے پائیدار حل اور عوامی فلاح و بہبود کے لیے اس نوعیت کے عوامی رابطہ پروگرام آئندہ بھی باقاعدگی سے منعقد کیے جائیں گے تاکہ عوام اور انتظامیہ کے درمیان اعتماد، تعاون اور باہمی روابط کو مزید مستحکم بنایا جاسکے۔

بقیہ 25

قومی و جمہوری حقوق کی خاطر اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر کے تاریخ میں امر مقام حاصل کیا ان کی قربانیاں پوری قوم کے لیے مشعل راہ ہیں اور آنے والی نسلوں کو ظلم جبر اور دہشت گردی کے خلاف ڈٹ جانے کا حوصلہ اس سال شہدائے 8 اگست کی یاد ایسے انتہائی افسوسناک اور کربناک حالات میں منائی جا رہی ہے جب پورا پشتونخوا اور بلوچستان ایک مرتبہ پھر دہشت گردی بدامنی ٹارگٹ کلنگ اور تشدد کی نئی لہر کی زد میں ہے آئے روز بے گناہ شہری، مزدور، طلبہ، وکلا، قبائلی عمائدین، سیاسی کارکن اور مقامی سیکیورٹی اہلکار دہشت گردی کا نشانہ بن رہے ہیں جس سے پشتون بلوچ اقوام میں شدید بے چینی اور عدم تحفظ کا احساس بڑھتا جا رہا ہے مابت کاکا نے کہا کہ پشتون قوم کی قربانیوں کی داستان انتہائی طویل اور دردناک ہے جس کا تسلسل 1924 سانحہ سپین تنگی بنوں سے لے کر شہدائے بابڑہ چارسدہ، شہدائے سائنس کالج شہدائے چمن، شہید وکلا سول ہسپتال کوئٹہ شہید ملک عبیداللہ کاسی شہید خالق داد بابڑ شہید نوراللہ دوم شہدائے مانگی ڈیم اور دیگر بے شمار سانحات تک پھیلا ہوا ہے بدقسمتی سے آج بھی پشتون نسل کشی کا سلسلہ جاری ہے اور پشتون سرزمین مسلسل خون میں نہلا رہی ہے عوامی نیشنل پارٹی نے ہمیشہ دہشت گرد انتہاپسندی نفرت اور تشدد کی سیاست کی مخالفت کرتے ہوئے امن جمہوریت آئین کی بالادستی اور عوام کے بنیادی حقوق کی جدوجہد کو اپنا نصب العین بنایا ہے پارٹی اپنے شہدا کے خون سے کیے گئے عہد کی پاسداری کرتے ہوئے ہر سطح پر ان کے مشن کی تکمیل کے لیے سیاسی اور جمہوری جدوجہد جاری رکھے گی 8 اگست صرف ایک دن نہیں بلکہ قربانی مزاحمت حوصلے اتحاد اور قومی شعور کی علامت ہے اس دن پوری قوم اپنے ان عظیم سپوتوں کو یاد کرتی ہے جنہوں نے وطن کے روشن مستقبل کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا شہدائے اگست کی یاد میں 8 اگست کو چمن میں ایک عظیم الشان یادگاری اجتماع منعقد کیا جائے گا جس میں عوامی نیشنل پارٹی کی مرکزی صوبائی اور ضلعی قیادت کارکنان شہدا کے لواحقین سیاسی وسماجی شخصیات اور عوام کی بڑی تعداد شرکت کرے گی اجتماع میں شہدا کی قومی خدمات اور قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کرنے کے ساتھ ساتھ خطے میں امن استحکام اور دہشت گردی کے خاتمے کے لیے مشترکہ عزم کا اظہار بھی کیا جائے گا عوامی نیشنل پارٹی کے ذمہ داران وکارکنان سے اپیل کی کہ وہ اجتماع کی کامیابی کے لیے بھرپور تیاریاں جاری رکھیں عوام سے رابطہ مہم کو مؤثر بنائیں اور زیادہ سے زیادہ تعداد میں شرکت کو یقینی بنا کر اپنے عظیم شہدا کے ساتھ وفاداری اور ان کے مشن سے وابستگی کا عملی ثبوت دیں

بقیہ 26

کے اخراج کے لیے وہ پچھلے سات سال سے کوشش کر رہے ہیں۔ متعدد بار نادرا آفس سے رابطہ کیا اور کئی بار کمیٹیوں میں پیش ہوئے لیکن کوئی شنوائی نہیں ہوئی۔ بالآخر، مجبور ہو کر انصاف کے حصول کے لیے وفاقی محتسب کوئٹہ کے دفتر میں درخواست جمع کرائی۔ درخواست موصول ہوتے ہی وفاقی محتسب کوئٹہ نے بروقت انکوائری کا آغاز کیا اور متعلقہ محکمے کو طلب کر کے کیس کی فوری سماعت شروع کر دی۔ سماعت کے دوران متعلقہ محکمہ کوئی تسلی بخش جواب نہ دے سکا۔ لہٰذا، وفاقی محتسب نے احکامات جاری کیے کہ درخواست گزار کے خاندانی ریکارڈ سے غیر متعلقہ شخص کو فوری طور پر نکال دیا جائے۔ احکامات موصول ہوتے ہی متعلقہ محکمے نے درخواست گزار کے خاندانی ریکارڈ سے غیر متعلقہ شخص کو نکال دیا۔ اس بروقت اور منصفانہ فیصلے پر درخواست گزار نے وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ 27

کی پیدائش میں وقفہ بہت ضروری ہے محکمہ پاپولیشن بلوچستان بڑھتی ہوئی آبادی کو کنٹرول کرنے کیلئے شادی شدہ جوڑوں کو فیملی پلاننگ کے منصوبوں پر عملدرآمد کیلئے رہنمائی فراہم کر رہا ہے اور انہیں فیملی پلاننگ سے متعلق سامان کی مفت فراہمی یقینی بنائی جارہی ہے۔ یہ بات انہوں نے جمعرات کو ریجنل ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ نواں کلی میں عالمی یوم آبادی کے حوالے سے منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ مقررین نے کہا کہ بڑھتی ہوئی آبادی کو محض ایک مسئلہ سمجھنے کے بجائے تعلیم، مہارت اور بہتر صحت کی سہولیات کے ذریعے قومی ترقی کی طاقت میں تبدیل کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے پاکستان دنیا کے زیادہ آبادی والے ممالک میں شامل ہے، جہاں حالیہ مردم شماری کے مطابق آبادی 24 کروڑ سے تجاوز کر چکی ہے آبادی میں مسلسل اضافے کے باعث صحت، تعلیم، روزگار، رہائش، صاف پانی، ٹرانسپورٹ اور دیگر بنیادی سہولیات کی طلب میں نمایاں اضافہ ہو رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عالمی یوم آبادی اس حقیقت کی یاد دہانی کراتا ہے کہ مستقبل کی خوشحالی کا انحصار آبادی میں اضافے کو موثر منصوبہ بندی، انسانی ترقی، معیاری تعلیم، بہتر صحت اور مساوی مواقع کے ذریعے قومی طاقت میں تبدیل کرنے پر ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان دنیا کے ان ممالک میں شامل ہے جہاں آبادی میں تیزی سے اضافہ ہو رہا ہے جو ملک کے محدود وسائل، تعلیمی وطبی سہولیات، روزگار کے مواقع اور بنیادی خدمات پر اضافی دباؤ کا باعث بنتا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان مسائل کے حل کے لئے دوررس پالیسیوں، موثر اقدامات اور دستیاب وسائل کے بہتر استعمال کی ضرورت ہے تاکہ آبادی کو ملک کی ترقی کے لئے ایک مثبت قوت بنایا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ آبادی کے مسئلے سے نمٹنے کے لئے معاشرے کے تمام طبقات کو اپنا کردار ادا کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ پاپولیشن بلوچستان صوبے میں بڑھتی ہوئی آبادی کو کنٹرول کرنے کیلئے فیملی پلاننگ کے حوالے سے شعور و آگاہی کیلئے اپنے پارٹنرز کے ساتھ مل کر کام کر رہا ہے اور صوبے بھر میں شادی شدہ جوڑوں کو فیملی پلاننگ سے متعلق مفید معلومات کی فراہمی کو یقینی بنایا جا رہا ہے تاکہ بڑھتی ہوئی آبادی کو کنٹرول کرنے میں مدد مل سکے۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ پاپولیشن نے صوبے کے تمام علاقوں میں شادی شدہ جوڑوں کو فیملی پلاننگ سے متعلق سامان کی مفت فراہمی کو یقینی بنا رہا ہے اور فیملی پلاننگ پر عملدرآمد کرنے والے تمام جوڑوں کا ریکارڈ کمپیوٹرائزڈ کر دیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آبادی میں بے تحاشا اضافے کو کنٹرول کرنے کیلئے مزید اقدامات اٹھائیں جائیں تاکہ ہم پاکستان اور بلوچستان کی آبادی کو دیرپا امن، خوشحالی اور معاشی ترقی کے ایک طاقتور انجن میں تبدیل کریں اس موقع پر بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والوں میں شیلڈ اور سرٹیفکیٹس بھی تقسیم کیے گئے۔

بقیہ 28

لیے اقدامات کیے گئے۔ اس دوران طلبہ نے بھی ذمہ داری اور تعاون کا مظاہرہ کیا اور انتظامیہ کے ساتھ مل کر معاملے کو پرامن طریقے سے حل کرنے میں مثبت کردار ادا کیا۔ ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی کی کاوشوں کے نتیجے میں یہ طے پایا کہ ڈیجیٹل لائبریری خضدار اور عثمان عاشق لائبریری یعنی دونوں لائبریریز میں طلباء کی رجسٹریشن بحال ہوگی۔ دونوں لائبریریز میں طلباء و طالبات رجسٹریشن کرواسکیں گے۔ جس طالب سے جو لائبریری قریب ہوگی وہ وہاں مطالعے کیلئے رجسٹریشن کروائیگا۔ طلباء کے خلاف کوئی اقدام نہیں اٹھایا جائیگا۔ میل طلباء کو ڈیجیٹل لائبریری سے نکالنے اور دوسری لائبریری منتقل کرنے کے فیصلے کو واپس لیا گیا۔ خضدار کے طلبہ نے وزیر اعلیٰ بلوچستان اور ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی کے بروقت اقدام کو سراہتے ہوئے کہا کہ میانہ روی کی پالیسی نے اس مسئلے کو کشیدگی کے بغیر حل کرنے میں اہم کردار ادا کیا۔ طلبہ نے اس کامیاب جدوجہد میں تعاون کرنے والی سول سوسائٹی، وکلا برادری، اساتذہ کرام، سماجی و تعلیمی شخصیات اور میڈیا نمائندگان کا بھی شکریہ ادا کیا۔

بقیہ 29

منظم اور قومی جذبے کے ساتھ منانے کے لیے مختلف انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر سرکاری و نجی عمارتوں، اہم شاہراہوں اور عوامی مقامات کو قومی پرچموں اور سبز ہلالی پرچم کے رنگوں سے سجانے، پرچم کشائی، قومی ترانے، ملی نغموں، تقاریر، طلبہ کے پروگرامز اور دیگر تقریبات کے انعقاد کے حوالے سے امور زیر غور آئے۔ ڈپٹی کمشنر حبیب احمد بنگلزئی نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ 14 اگست کی تقریبات کے تمام انتظامات بروقت مکمل کیے جائیں اور اس قومی دن کو بھرپور جوش و جذبے، نظم و ضبط اور وقار کے ساتھ منانے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ یوم آزادی ہمیں پاکستان کی آزادی کی قدر، قومی یکجہتی، اتحاد اور ملکی ترقی کے عزم کی تجدید کا موقع فراہم کرتا ہے۔ تمام ادارے باہمی رابطے اور تعاون کو یقینی بناتے ہوئے تقریبات کو کامیاب بنانے میں اپنا موثر کردار ادا کریں۔ اجلاس میں امن وامان، سکیورٹی، ٹریفک مینجمنٹ، صفائی ستھرائی، بجلی و دیگر ضروری سہولیات سمیت یوم آزادی کی تقریبات کو کامیاب بنانے کے لیے دیگر انتظامی امور پر بھی تفصیلی غور کیا گیا۔

بقیہ 30

کا صفایا کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ رات کرفیو کے موقع پر نوشکی گوشت مارکیٹ میں چوروں نے دکان کا تالا توڑ کر اور قیمتی پرندے جیسے تیتر، بٹیر، چکور اور قیمتی مشہدی پرندے، لوہے کے پنجرے اور دیگر سامان سمیت تقریباً 7 سے 8 لاکھ روپے مالیت کا اپنے ساتھ لے گئے دکاندار مشتاق جمالدینی کا کہنا ہے کہ "یہ دکان ہی میرے بچوں کے رزق کا سہارا تھی۔ کئی سال کی محنت ایک رات میں لٹ گئی۔

بقیہ 31

اظہار خان ودان، صوبائی آفس سیکرٹری ملک عمر کاکڑ نے شرکت کی۔ اجلاس میں ضلع کوئٹہ کے تنظیمی سیاسی امور کا جائزہ لیا گیا اور انفرادی طور پر ضلع ایگزیکٹیوز کی سیاسی تنظیمی کارکردگی کی رپورٹ پیش کی گئی۔ اجلاس میں پارٹی کے صوبائی کمیٹی کے فیصلوں پر عملدرآمد کرنے، ضلع کوئٹہ کے زیر اہتمام تمام تحصیلوں، علاقائی یونٹس اور ابتدائی یونٹس کے زیر اہتمام عوامی رابطہ مہم شروع کرنے، شمولیتی پروگراموں کے انعقاد، پارٹی کے تنظیمی سیاسی امور کو بہتر بنانے کے تمام تحصیلوں میں پارٹی کے ضلع ایگزیکٹیوز، ضلع کمیٹی، تحصیل ایگزیکٹیوز، علاقائی ایگزیکٹیوز کے مشترکہ اجلاسوں کو زیر غور لایا گیا اور آئندہ کا لائحہ عمل طے کیا گیا۔ اجلاس میں پارٹی رہنماؤں نے پارٹی ممبر شپ کو جلد از جلد مکمل کرنے، اگست کے مہینے میں باقی ماندہ کانفرنسز مکمل کرنے پر زور دیا گیا۔ اجلاس میں صوبائی دارالحکومت ضلع کوئٹہ میں شدید بدامنی، چوری، ڈکیتی، بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ، گیس کی لوڈشیڈنگ و پریشر کی سخت کمی، فارم 47 کے جعلی نمائندوں کی لوٹ مار، شہر کو کھنڈرات میں تبدیل کرکے عوام کو مسائل سے دوچار کرنے کی دانستہ اقدامات، روزگار، امن کو ختم کرکے نوجوانوں کو بدامنی، منشیات کی جانب دھکیلنے جیسے نارواعملیات کی نشاندہی کی گئی اور اس پر نااہل، مسلط حکومت کے عوام دشمن اقدامات کی سخت الفاظ میں مذمت کی گئی۔ اجلاس میں ضلع کوئٹہ کے ضلع کمیٹی کا ماہانہ اجلاس یکم اگست 2026 بروز ہفتہ شام ساڑھے چار بجے پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ میں طلب کیا گیا ہے۔ اور تمام اراکین کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ اجلاس میں بروقت اور لازمی شرکت کو یقینی بنائیں۔

بقیہ 32

اپنی کارکردگی سے اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا ہے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے سائرہ عطاء نے کہا کہ بلوچستان حکومت نے پہلی بار کسی خاتون آفیسر کو کمشنر تعینات کیا ہے اور میں لسبیلہ میں بحیثیت ایک آفیسر کے خاتون کمشنر فرائض سرانجام دوں گی کیونکہ میرا تعلق پاکستان کے سب سے پسماندہ علاقے سے ہے اور میرے 8 بہن بھائی ہیں میرے والد نے کٹھن اور مشکلات حالات میں مجھے تعلیم سے روشناس کرایا اور میں اپنی قابلیت، محنت اور والدین کی دعاؤں سے بلوچستان کی پہلی سی ایس پی آفیسر کا اعزاز حاصل کرنے میں کامیاب رہی ہوں اور میری والدہ پی سی ایس آفیسر رہی ہیں۔ والد آڈٹ اینڈ اکاؤنٹس میں فرائض سرانجام دے چکے ہیں۔ اور میں نے ابتدائی تعلیم کے بعد جامعہ بلوچستان سے انٹرنیشنل ریلیشن میں ماسٹر کے بعد ایل ایل ایم ادارہ یو کے سے کیا اور سی پی ای کا من پروفیشنل کورس کنگسٹن یونیورسٹی یو کے سے کیا یہ تمام ڈگریاں حاصل کرنے کے بعد میرا تعلق پی سی ایس ایگزیکٹو گروپ سے ہے اور میں نے 2000 میں ملازمت اختیار کی اور مختلف عہدوں پر فرائض سرانجام دینے کے علاوہ سیکرٹری کے عہدے پر فرائض سرانجام دینے کے ساتھ ساتھ ایڈیشنل سیکرٹری کے طور پر بھی فرائض سرانجام دیے۔ اور نم میں بطور کوآرڈینیٹر کام کیا میں لسبیلہ میں بطور خاتون نہیں بلکہ ایک آفیسر کے طور پر کمشنر کے فرائض سرانجام دوں گی انہوں نے کہا کہ حالات صرف بلوچستان پاکستان میں نہیں پوری دنیا میں خراب ہیں ہم نے انہی صورتحال میں حالات اور چیلنجز کا مقابلہ کرتے ہوئے اپنے لوگوں کی مشکلات کو حل کرنے کے لئے کلیدی کردار ادا کرنا ہے انہوں نے کہا کہ ہم اپنے نوجوانوں اور خواتین کو مصروف رکھیں گے تو نوجوان غلط راستوں کا انتخاب نہیں کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی خواتین کو با اختیار بنانا چاہتے ہیں اس لئے بلوچستان کے صوبائی دارالحکومت کوئٹہ سمیت مختلف اضلاع میں متعدد خواتین کو ڈپٹی کمشنرز کے عہدے پر تعینات کیا گیا ہے۔ جس سے دنیا میں خواتین کو مردوں کے برابر حقوق اور اختیارات دینے کے حوالے سے مثبت پیغام جائے گا۔

بقیہ 33

خان پریس کلب قلات کے صحافیوں کے لئے ایک روزہ معلوماتی سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ سیمینار کا مقصد میڈیا کے ذریعے دور دراز علاقوں تک تعلیم کے فروغ اور یونیورسٹی کے تعلیمی پروگراموں کو عام کرنا ہے سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی قلات ریجن کے ڈائریکٹر حمل بلوچ نے یونیورسٹی کی خدمات پر تفصیلی روشنی ڈالی، انہوں نے کہا کہ علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی ملک بھر میں، خصوصاً بلوچستان کے پسماندہ اضلاع میں، گھر بیٹھے معیاری تعلیم کی فراہمی کے لیے اہم کردار ادا کر رہی ہے۔ انہوں نے صحافیوں کو ملک گیر نیٹ ورک اور قلات ریجن میں طلبہ کو دی جانے والی سہولیات سے آگاہ کیا، ڈائریکٹر قلات ریجن نے سیمینار کے دوران یونیورسٹی میں جاری نئے داخلوں کی مہم کے بارے میں بتاتے ہوئے کہا کہ مختلف شعبوں میں داخلے شروع ہو چکے ہیں۔ ان شعبوں میں میٹرک، انٹرمیڈیٹ، بی اے (ایسوسی ایٹ ڈگری)، بی ایڈ، بی ایس پروگرامز اور مختلف دورانیہ کے سرٹیفکیٹ کورسز شامل ہیں۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ یونیورسٹی غریب اور مستحق طلبہ کے لیے مختلف اسکالرشپس اور فیسوں میں رعایت بھی فراہم کر رہی ہے تاکہ کوئی بھی بچہ تعلیم سے محروم نہ رہے۔ انہوں نے پریس کلب کے صحافیوں سے اپیل کی کہ وہ اس داخلہ مہم کو عوام تک پہنچانے میں اپنا مثبت صحافتی کردار ادا کریں تاکہ قلات اور مضافاتی علاقوں کے نوجوان، خصوصاً خواتین، ان تعلیمی مواقع سے بھرپور فائدہ اٹھاسکیں سیمینار کے اختتام پر پریس کلب کے صحافیوں نے یونیورسٹی کی انتظامیہ کا شکریہ ادا کیا اور تعلیمی مہم میں مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی۔

بقیہ 34

اگست جمعہ ہفتہ کو کوئٹہ میں مکمل شٹر ڈاؤن ہڑتال کریں گے حکومت تاجروں کی جلائی گئی گاڑیوں کا معاوضہ ادا کرتے ہوئے شاہراہوں کو محفوظ بنائے ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعرات کو اپنے دیگر ساتھیوں سرپرست اعلیٰ حاجی اسلم ترین، حاجی داؤد خلجی، حاجی عبدالنافع نورزئی، ولی محمد، محمد ایوب گجر سمیت دیگر کے ہمراہ کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا کہ میٹروپولیٹن کارپوریشن کی شہر میں تقریباً 987 دکانیں ہیں جن سے انہیں کرایہ ملتا ہے

حکومت تاجروں کی جلائی گئی گاڑیوں کا معاوضہ ادا کرتے ہوئے شاہراہوں کو محفوظ بنائے، رہنماؤں کی مشترکہ پریس کانفرنس

میٹروپولیٹن کارپوریشن نے مسائل حل نہ کیے تو 7 اور 8 اگست کو کوئٹہ میں شٹر ڈاؤن ہڑتال ہوگا، رحیم آغا

2021ء میں تاجروں نے 8 کروڑ 44 لاکھ 36 ہزار روپے کرایہ جمع کرایا اور یکم جولائی 2024ء کو صوبائی محتسب نے فیصلہ دیا ہے

کوئٹہ (آن لائن) انجمن تاجران بلوچستان کے صدر رحیم آغا، جنرل سیکرٹری ولی افغان نے کہا ہے کہ میٹروپولیٹن کارپوریشن کی جانب سے شہر میں موجود 987 دکانوں سے تاجروں سے کیے گئے معاہدے کو پس پشت ڈال کر نئے معاہدے پر عملدرآمد کی بجائے پرانی تاریخوں سے کرایہ وصول کرنے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ اگر میٹروپولیٹن کارپوریشن حکام اور متعلقہ حکام نے اس مسئلے کو حل نہ کیا تو ہم 7 اور 8 (باقی صفحہ 3 نمبر 34)

بلوچستان بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ بھرپور کردار ادا کر رہا ہے، بلال کاکڑ

نجی شعبے کے کردار اور پائیدار اقتصادی ترقی کے لیے باہمی تعاون پر تفصیلی تبادلہ خیال

اسلام آباد/کوئٹہ (خ ن) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ نے اسلام آباد کنونشن سینٹر میں ایف پی سی سی آئی اور یونیفائیڈ بزنس فورم کے اشتراک سے پاکستان اکنامک سمٹ 2026 میں بلوچستان کی نمائندگی کی۔ سابق وزیراعلیٰ بلوچستان میر علاؤ الدین مری، فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری (FPCCI) کی قیادت اور بلوچستان بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ کے حکام بھی ان کے ہمراہ تھے۔ پاکستان اکنامک سمٹ 2026 میں وفاقی و صوبائی اداروں کے نمائندوں، کاروباری شخصیات، سرمایہ کاروں، صنعتکارو (باقی صفحہ 3 نمبر 36)

تربت یونیورسٹی میں رائز پروگرام کے تحت ڈیجیٹل و پیشہ ورانہ شارٹ کورسز کے امیدواروں کی اورینٹیشن تقریب

تربت (خ ن) یونیورسٹی آف تربت کے سٹی کیمپس میں پیشہ ورانہ اور ڈیجیٹل اسکلز شارٹ کورسز کے امیدواروں کے لیے ایک پروقار اورینٹیشن سیشن منعقد کیا گیا۔ یہ شارٹ کورسز حکومت بلوچستان کے رائز پروگرام کے مالی تعاون سے تربت یونیورسٹی کے سٹی کیمپس میں منعقد (باقی صفحہ 3 نمبر 35)

سندھ اور بلوچستان کی بین الصوبائی سرحد کی سیکیورٹی کے حوالے سے اہم اجلاس

دہشت گردی کے خاتمے کے لیے محکمہ انسداد دہشت گردی (سی ٹی ڈی) کی نگرانی میں مشترکہ انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز کیے جائیں گے

غیر قانونی تارکین وطن کی نقل و حمل اور دہشت گردی کے روک تھام کیلئے سندھ بلوچستان پولیس حکام کا اجلاس اور مشترکہ اقدامات کا فیصلہ

کوئٹہ (آن لائن) سندھ اور بلوچستان کی بین الصوبائی سرحدی سیکیورٹی کے حوالے سے حب میں اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں دونوں صوبوں کا معلومات کا تبادلہ اور جرائم پیشہ افراد کے خلاف مطلوب، عدالت سے مفرور، سزایافتہ، اشتہاری اور دوسرے جرائم میں ملوث مجرمان کا تبادلہ ان کے خلاف بروقت کارروائی اور ایک صوبے سے دوسرے صوبے میں نقل و حرکت کا تدارک کرنا ہے۔ تمام اقسام کی (باقی صفحہ 3 نمبر 37)

لورالائی یونیورسٹی آف لورالائی کے وائس چانسلر انجینئر پروفیسر ڈاکٹر احسان کاکڑ وقار شہید بی آر سی کالج کے طلباء سے خطاب کر رہے ہیں

پشتونخوا اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن (PSO) چمن کی ضلعی کمیٹی کا اہم تنظیمی اجلاس

پشتونخوا اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن ایک نظریاتی اور عوامی طلبہ تنظیم ہے، مقررین کا اجلاس سے خطاب

چمن (آن لائن) پشتونخوا اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن (پی ایس او) ضلع چمن کی ضلعی کمیٹی کا اہم تنظیمی اجلاس ضلعی سیکرٹری احسان اللہ اچکزئی کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس کی اسٹیج سیکرٹری کے فرائض ضلعی سینئر معاون سیکرٹری ممتاز احمد اچکزئی نے انجام دیے، جبکہ تلاوت کلام پاک کی سعادت ضلعی ایگزیکٹو رکن یونس خان نے حاصل کی۔ اجلاس میں بالائی ادارے کی جانب سے زونل آرگنائزر وارث افغان، زونل سینئر آرگنائزر مزمل شاہ وطن یار، زونل (باقی صفحہ 3 نمبر 9)

ہمارے ایک کروڑ روپے مالیت کے مکان پر پولیس حوالدار نے قبضہ کر رکھا ہے، صدرابی بی

کوئٹہ (آن لائن) سبی کی رہائشی خاتون صدرابی بی نے وزیر اعلیٰ بلوچستان اور آئی جی پولیس سے اپیل کی ہے کہ ہمارے گھر پر قبضہ کرنے والے پولیس ملازم کے خلاف کارروائی کر کے ہمارے گھر کو واگزار کرایا جائے اور گھر سے لے جایا گیا سامان واپس دلایا جائے تاکہ ہم اپنے گھر آرام سے رہ سکیں۔ یہ بات انہوں نے جمعرات کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کہی۔ انہوں نے کہا کہ میرے بیٹے نے پولیس حوالدار محمد عظیم سے موٹر سائیکل خریدی سود بڑھنے پر (باقی صفحہ 3 نمبر 10)

بلوچستان ہائی کورٹ میں ڈپٹی کمشنر خضدار اور ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر خضدار کے خلاف توہین عدالت کی درخواست دائر

خضدار (آن لائن) تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال وڈھ کی آسامیوں پر عدالتی اسٹے کے باوجود تقرریوں کا معاملہ، توہین عدالت کی درخواست دائر۔ تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال وڈھ کی (باقی صفحہ 3 نمبر 8)

بلوچستان پولیس
میں تقرر و تبادلہ

کوئٹہ (آن لائن) سینٹرل پولیس آفس کوئٹہ کے ایک اعلامیہ کے مطابق ایس ڈی پی او سوئی ڈسٹرکٹ ساؤتھ ڈیرہ بگٹی محمد خالد بزدار کو سینٹرل پولیس آفس کوئٹہ رپورٹ کرنے کی ہدایت کر دی گئی ہے۔

ریاست ایسے دہشت گردوں کو قانون کے کٹہرے میں لا کر قرار واقعی سزا دلانے کے لیے پرعزم ہے

معصوم اور محنت کش افراد کو نشانہ بنانا انسانیت کے خلاف کھلا جرم ہے، عبدالرحمن کھیتران

دشمن عناصر بلوچستان کے امن، خوشحالی اور ترقی کے سفر کو سبوتاژ کرنے کیلئے ایسی بزدلانہ کارروائیاں کر رہے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) سابق صوبائی وزیر و رکن بلوچستان اسمبلی سردار عبدالرحمن کھیتران نے بلوچستان کے ضلع کیچ میں دہشت گردوں کے ہاتھوں 6 بے گناہ غیر مقامی مزدوروں کے قتل کے افسوسناک واقعے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے شہداء کے اہل خانہ سے تعزیت اور یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ معصوم اور محنت کش افراد کو نشانہ بنانا انسانیت کے خلاف کھلا جرم ہے، جس کی جتنی بھی مذمت (باقی صفحہ 3 نمبر 11)

آزاد کشمیر انتخابات میں مبینہ دھاندلی، پیپلز پارٹی کا شفاف تحقیقات اور دوبارہ گنتی کا مطالبہ

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی سیکرٹری جنرل محمد ہمایون خان نے آزاد جموں و کشمیر کے انتخابات میں مبینہ تاریخی دھاندلی پر شدید ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ انتخابات میں دھاندلی کے الزامات انتہائی تشویشناک ہیں اور یہ پورے جمہوری عمل پر سنگین (باقی صفحہ 3 نمبر 19)

کوئٹہ، مرکزی انجمن تاجران بلوچستان کے صدر عبدالرحیم کاکڑ، حاجی دولت خان لہڑی، حضرت علی اچکزئی، یاسین مینگل، نور محمد شاہوانی اور دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

ن لیگ، پی پی آزاد کشمیر میں فارم 47 کے چھیچھڑوں پر لڑ رہی ہیں، حافظ نعیم الرحمن

ملتان (آن لائن) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن نے کہا ہے آزاد کشمیر میں ہمارے نوجوانوں کا خون بہہ رہا ہے جب کہ ن لیگ اور پی پی میں فارم سینتالیس کی صورت میں چھینکے گئے چھیچھڑوں پر لڑائی ہو رہی ہے۔ پٹرولیم لیوی بھتہ کے خلاف سات اگست کا (باقی صفحہ 3 نمبر 17)

نوشکی میں حالیہ چھ مہینوں کے جاری لاک ڈاؤن نے لوگوں کو نقل مکانی پر مجبور کر دیا، بی این پی

چاروں اطراف میں چیک پوسٹ ہونے کے باوجود عوام اپنے موٹر سائیکلوں اور گاڑیوں سے محروم ہوگئے

نوشکی (آن لائن) نیشنل پارٹی کے سینٹرل کمیٹی کے رکن خیر بخش بلوچ نے اپنے بیان میں کہا کہ صوبائی حکومت کی جانب سے رات گئے نوشکی میں اچانک کرفیو کا اعلان جبکہ (باقی صفحہ 3 نمبر 18)

اقتصادی سفارت کاری، امریکی سرمایہ کاری اور صنعتی تعاون سے برآمدات، روزگار اور ٹیکنالوجی کی منتقلی میں نمایاں اضافہ ممکن ہے

پاک امریکہ تجارت 20 ارب ڈالر تک بڑھانے کا ہدف پاکستان کیلئے گیم چینجر ثابت ہوسکتا ہے، سینیٹر محمد عبدالقادر

نوجوان اور تیزی سے ترقی کرتی ہوئی مارکیٹ تک رسائی حاصل ہوگی، جس سے دونوں ممالک کو یکساں اقتصادی فوائد حاصل ہوں گے

کوئٹہ (آن لائن) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار، سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ آئندہ پانچ برسوں میں پاکستان اور امریکہ کے درمیان دوطرفہ تجارتی حجم کو 20 ارب ڈالر تک بڑھانے کا ہدف پاکستان کی معیشت کیلئے گیم چینجر ثابت ہوسکتا ہے۔ اس سے نہ صرف دونوں ممالک کے تعلقات مزید مضبوط ہوں گے بلکہ برآمدات، صنعتی پیداوار، روزگار، جدید ٹیکنالوجی کی منتقلی اور غیر ملکی سرمایہ کاری میں بھی نمایاں (باقی صفحہ 3 نمبر 16)

حکومت کی عدم سنجیدگی سے بلوچستان میں بدامنی کی آگ جل رہی ہیں، جمعیت نظریاتی

قومی شاہراہوں پر بوزر، مال بردار گاڑیوں کو جلانے، لوٹ مار حکومت کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام نظریاتی بلوچستان کے صوبائی کنوینر مولانا قاری مہر اللہ، صوبائی ڈپٹی کنوینر مولانا محمود الحسن قاسمی، سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی، مولانا نیاز محمد، مولانا عبدالمالک، مولانا خدائے نظر، میر مبارک محمد حسنی، مفتی عبدالناصر، مولانا نعمت اللہ، مولانا شاہ محمد، مولانا رحمت اللہ حقانی، مولانا جمعہ خان نے کہا کہ بلوچستان میں قومی شاہراہوں پر بوزر، (باقی صفحہ 3 نمبر 13)

نوشکی میں تیسرے دن سے جاری کرفیو سے شہریوں کے مشکلات میں اضافہ

نوشکی (آن لائن) نوشکی میں تیسرے دن سے جاری کرفیو کے نفاذ سے شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے روزمرہ اشیاء کے ساتھ ساتھ بچوں کا خشک دودھ، خوراک، راشن اور جانوروں کے لئے چارے کی شدید قلت اور پیدا ہوگئی ہے بازار مکمل بند میڈیکل اسٹورز کی بندش سے معصوم بچوں کے لیے غذائی قلت کے مسائل پیدا ہو رہے ہیں جبکہ کرفیو اور بازار کی بندش سے (باقی صفحہ 3 نمبر 12)

نوشکی میں کرفیو کے دوران کلی غریب آباد کے آبنوشی ٹیوب ویل بجلی کی کمی کے باعث بند کر دی گئی، پانی بحران کا اندیشہ

نوشکی (آن لائن) نوشکی میں کرفیو کے دوران کلی غریب آباد کے آبنوشی ٹیوب ویل بجلی کی کمی کے باعث بند کر دی گئی پانی (باقی صفحہ 3 نمبر 15)

میرا بھائی 21 جولائی کو دوست کی شادی کا کہہ کر گھر سے نکلا ہے تاحال واپس نہیں آیا، نذیر احمد

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ کے علاقے کلی الماس کے رہائشی نذیر احمد نے کہا ہے کہ میرا بھائی 21 جولائی کو دوست کی شادی کا کہہ کر (باقی صفحہ 3 نمبر 14)

کوئٹہ، ٹریفک کی روانی بہتر بنانے کیلئے میں کوئلہ پھاٹک پر عملہ صفائی میں مصروف ہے

بلوچستان پاکستان سمیت دنیا بھر میں بھی خراب صورتحال ہے، کمشنر قلات

عوام کے دیرینہ مسائل کے حل کو یقینی بناتے ہوئے حالات کا مقابلہ کرنا ہے

پاکستان کے سب سے پسماندہ علاقے سے ہے اور میرے 8 بہن بھائی ہے

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان کی پہلی خاتون کمشنر سائرہ عطاء نے کہا ہے کہ بلوچستان پاکستان سمیت دنیا بھر میں بھی خراب صورتحال ہے ہم نے متحد ہو کر ان چیلنجز کا مقابلہ کرتے ہوئے عوام کے دیرینہ مسائل کے حل کو یقینی بناتے ہوئے حالات کا مقابلہ کرنا ہے کیونکہ بلوچستان کی خواتین میں صلاحیتوں اور قابلیت کی کوئی کمی نہیں انہوں نے ہر شعبے میں (باقی صفحہ 3 نمبر 32)

ضلع ایگزیکٹیوز کے اجلاس سے خطاب، یکم اگست کو ضلع کمیٹی کا اجلاس طلب

پارٹی اجلاسوں میں حاضری اور نظم و ضبط پر زور، تنظیمی فعالیت دوبالا کی جائے، شراف آغا

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ضلع کوئٹہ کے ضلع ایگزیکٹیوز کا اجلاس پارٹی کے صوبائی سینئر نائب صدر و ضلع کوئٹہ کے سیکرٹری سید شراف آغا کے زیر صدارت پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ کوئٹہ میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں پارٹی کے صوبائی صدر عبد (باقی صفحہ 3 نمبر 31)

ژوب دانش اسکول کی تعمیر میں کسی قسم کی رکاوٹ قابل قبول نہیں، پشتونخوامیپ

دانش اسکول کی تعمیر کو جلد از جلد مکمل کرنے کے لیے مؤثر اقدامات کریں، ضلعی بیان

ضلع ژوب کے طلبہ و طالبات جدید اور معیاری تعلیمی سہولیات سے مستفید ہو سکیں

ژوب (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ژوب کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز میں کہا گیا ہے کہ گزشتہ سال ژوب میں دانش اسکول کے قیام کی منظوری دی گئی تھی، جس پر پورے علاقے کے عوام نے خوشی اور اطمینان کا اظہار کیا۔ اس منصوبے کو علاقے کی تعلیمی ترقی کی جانب ایک اہم سنگ میل قرار دیا گیا۔ بیان میں کہا گیا کہ کلی ویالہ کے معزز عمائدین نے دانش اسکول کے قیام کے لیے انتہائی فراخ دلی کا مظاہرہ کرتے ہوئے زمین وقف کی، جس کے بعد باقاعدہ طور پر عمارت کی تعمیر کا آغاز ہوا۔ خوش آئند امر یہ ہے کہ تعمیراتی کام کا تقریباً (باقی صفحہ 3 نمبر 7)

اے ڈی سی لسبیلہ کا جام محمد یوسف عالیانی پبلک لائبریری اوتھل کا دورہ

کتب خانے کی خدمات کے منتظم قاضی محمد یاسر سے لائبریری کے معمول کے متعلق بریفنگ لی

اوتھل (خ ن) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر لسبیلہ سراج احمد بلوچ نے جام محمد یوسف عالیانی پبلک لائبریری اوتھل کا دورہ کیا، ایس ڈی او بی اینڈ آر لطیف بلوچ و بلوچستان اسپیشل ڈیولپمنٹ انیشیٹو (بی ایس ڈی آئی) ٹیم ممبران کے ہمراہ لائبریری کے انتظام و بلڈنگ کا جائزہ لیا، اس موقع پر عوامی کتب خانے کی خدمات کے منتظم قاضی محمد یاسر سے لائبریری کے معمول کے متعلق بریفنگ لی۔ اے ڈی سی لسبیلہ سراج احمد بلوچ نے کہا کہ حکومت بلوچستان، ضلعی انتظامیہ لسبیلہ کی جانب سے بی ایس ڈی آئی کے تحت اوتھل لائبریری میں قارئین کے لئے مزید بہتر (باقی صفحہ 3 نمبر 20)

رفیق بلوچ کی سربراہی میں اعلیٰ سطحی ٹیم کا مختلف ترقیاتی منصوبوں کا دورہ

تعمیراتی معیار، تکنیکی تقاضوں اور منصوبوں کی مجموعی پیش رفت کا جائزہ لیا

حب (خ ن) ضلع حب میں جاری ترقیاتی منصوبوں پر پیش رفت، معیار اور رفتار کا جائزہ لینے کے لیے پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ (پی اینڈ ڈی) مانیٹرنگ اینڈ ایویلیوایشن کے ڈائریکٹر رفیق بلوچ کی سربراہی میں اعلیٰ سطحی ٹیم نے مختلف ترقیاتی منصوبوں کا تفصیلی دورہ کیا دورہ کرنے والی ٹیم میں ڈائریکٹر پی اینڈ ڈی ایم اینڈ ای رفیق بلوچ کے ہمراہ ڈائریکٹر قلات ڈویژن لطف اللہ سمیت دیگر متعلقہ حکام بھی شامل تھے اس موقع پر ایگزیکٹو انجینئر روڈز (باقی صفحہ 3 نمبر 21)

پاکستان میں بڑھتی آبادی سے بہت سے مسائل جنم لے رہے ہیں، ظفر بلیدی

پاکستان اسوقت آبادی کے لحاظ سے دنیا کا پانچواں بڑا ملک بن چکا ہے، خطاب

بہتر صحت کی سہولیات کے ذریعے قومی ترقی کی طاقت میں تبدیل کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے

کوئٹہ (خ ن) سیکرٹری پاپولیشن بلوچستان ظفر علی بلیدی، ڈی جی پاپولیشن غلام مصطفیٰ، جمعہ خان، مشتاق مینگل، ڈاکٹر نسیم اللہ، گلبنا الرحمن، مفتی احسان اللہ، حاجرہ فضاد لاڑو نے کہا ہے کہ پاکستان میں بڑھتی آبادی سے بہت سے مسائل جنم لے رہے ہیں پاکستان اسوقت آبادی کے لحاظ سے دنیا کا پانچواں بڑا ملک بن چکا ہے، ماں اور بچے کی بہترین صحت کیلئے بچوں (باقی صفحہ 3 نمبر 27)

وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار محمد موسیٰ کا سات سال سے زیر التواء شناختی کارڈ کا مسئلہ ایک ماہ میں حل کروا دیا گیا

کوئٹہ (پ ر) وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار محمد موسیٰ کا سات سال سے زیر التواء شناختی کارڈ کا مسئلہ ایک ماہ میں حل کروا دیا گیا، درخواست گزار نے بتایا کہ ان کے خاندانی ریکارڈ میں ایک غیر متعلقہ شخص کا اندراج ہوا تھا جس کی وجہ سے ان کو مشکلات پیش آ رہی تھیں۔ جس (باقی صفحہ 3 نمبر 26)

شیر علی باچا کی 28ویں برسی پر انہیں زبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہیں، عبدالرؤف لالا، عبدالرحیم زیارتوال، نواب ایاز جوگیزئی کا خطاب

کوئٹہ کا جرگہ انتہائی اہمیت کا حامل ہوگا، پشتونخوامیپ

جمہوری حکمرانی میں رکاوٹیں ڈالنے، عدلیہ کے پر کاٹنے، صحافت کا گلہ گھونٹنے اور سیاسی عدم استحکام بڑھنے کی وجہ سے ملک ہمہ جہت بحرانوں کا شکار ہو چکا ہے

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے سابق مرکزی جنرل سیکرٹری ارو شاد شیر علی باچا کی 28ویں برسی کے موقع پر پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ میں پارٹی کے ڈپٹی چیئرمین عبدالرؤف لالا کے زیر صدارت تعزیتی ریفرنس منعقد ہوا۔ جس سے پشتونخوامیپ کے مرکزی جنرل سیکرٹری عبدالرحیم زیارتوال اور مرکزی سیکرٹری نواب محمد ایاز خان جوگیزئی نے خطاب کیا۔ اس موقع پر پارٹی کے مرکزی و صوبائی قائدین (باقی صفحہ 3 نمبر 1)

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے زیراہتمام خان میر احمد یار خان پریس کلب میں معلوماتی سیمینار

قلات (آن لائن) علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے زیر اہتمام خان میر احمد یار خان پریس کلب میں معلوماتی سیمینار، نئے داخلوں کی مہم کے حوالے سے آگاہی بریفنگ، تفصیلات کے مطابق علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی (AIOU) قلات ریجن کے زیر اہتمام خان میر احمد یار (باقی صفحہ 3 نمبر 33)

ڈرائیوروں کو جان سے مارنے کی دھمکیاں دینے کا سلسلہ جاری ہے، عبدالرحیم کاکڑ

5 روز میں قومی شاہراہوں کو سفر کیلئے محفوظ نہ بنایا تو ہم تمام تنظیمیں متحد ہو کر احتجاجی تحریک شروع کریں گی

کوئٹہ (آن لائن) مرکزی انجمن تاجران بلوچستان کے صدر عبدالرحیم کاکڑ نے مسافر کوچز، مزدا اور گڈز پرچون ایسوسی ایشن کے صدر حاجی دولت خان لہڑی، حاجی نور جان شاہوانی، محمد ابراہیم نیچاری، داد اللہ آغا، سہیل خان کاکڑ، حضرت علی اچکزئی، میر یاسین مینگل کے ہمراہ بلوچستان کی شاہراہوں پر مال بردار اور مسافر کوچز کو جلانے، فائرنگ کرنے، ڈرائیوروں، کنڈیکٹر کی قتل و غارت اور مسافروں کو زخمی کرنے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت نے 5 روز میں قومی شاہراہوں کو سفر کے لیے محفوظ نہ بنایا تو ہم تمام تنظیمیں متحد ہو کر احتجاجی تحریک شروع کریں گی

عوام حقیقت اور پروپیگنڈے میں فرق بخوبی سمجھتے ہیں، جمعیت (ف)

جمعیت علماء اسلام کے خلاف گزشتہ کچھ عرصے سے منظم انداز میں منفی پروپیگنڈا کیا جا رہا ہے، مولانا عبدالرحمن رفیق

صرف ملک کے سنجیدہ سیاسی حلقے کرتے ہیں بلکہ عوام بھی ان کی بصیرت، تدبر اور اصولی سیاست پر مکمل اعتماد رکھتے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمن رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، سیکرٹری اطلاعات عبدالغنی شہزاد، عبدالصمد حقیار، مفتی محمد ابوبکر، عبدالباری شہزاد، مولانا جمال الدین حقانی، مفتی رشید احمد حقانی اور حاجی عطاء محمد شمشوزئی نے کہا ہے کہ جمعیت علماء اسلام کے خلاف گزشتہ کچھ عرصے سے منظم انداز میں منفی پروپیگنڈا کیا جا رہا (باقی صفحہ 3 نمبر 2)

ماحولیاتی آلودگی کے تناظر میں بیپا کی مؤثر کارکردگی ناگزیر ہے، سیکرٹری ماحولیات

محفوظ اور سازگار ماحول فراہم کر کے انہیں بھرپور کردار ادا کرنے کے مواقع دیے جائیں گے

کوئٹہ (خ ن) سیکرٹری ماحولیات و موسمیاتی تبدیلی نور احمد پرکانی نے بلوچستان انوائرمنٹ پروٹیکشن ایجنسی (بیپا) کے دورے کے دوران ادارے کی کارکردگی، جاری منصوبوں، عوامی شکایات، ماحولیاتی قوانین پر عملدرآمد اور درپیش مسائل سے متعلق تفصیلی بریفنگ لی۔ اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل ظہور بلوچ، ڈائریکٹرز اور دیگر افسران بھی موجود تھے۔ نور احمد پرکانی (باقی صفحہ 3 نمبر 3)

نوشکی، رات کی تاریکی میں کرفیو کے دوران چوروں نے گوشت مارکیٹ میں نایاب پرندوں کی دکان کا صفایا کر دیا

نوشکی (آن لائن) نوشکی میں رات کی تاریکی میں کرفیو کے دوران چوروں نے گوشت مارکیٹ میں نایاب پرندوں کی دکان (باقی صفحہ 3 نمبر 30)

نوابزادہ میر شاہ دین خان شاہوانی کی سربراہی میں عظیم الشان قبائلی جرگہ، متعدد دیرینہ تنازعات کا پرامن تصفیہ

مستونگ (آن لائن) تخت ماڑی، مستونگ میں چیف آف ہیرک نوابزادہ میر شاہ دین خان شاہوانی کی سربراہی میں ایک عظیم الشان قبائلی جرگہ منعقد ہوا، جس میں مختلف قبائل (باقی صفحہ 3 نمبر 6)

کوئٹہ پولیس کی منشیات فروشوں، جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائی

قانونی طور پر رہائش پذیر 4 افغان باشندوں کو گرفتار کر کے متعلقہ حکام کے حوالے

کوئٹہ (خ ن) کوئٹہ پولیس نے منشیات فروشوں، جرائم پیشہ عناصر، غیر قانونی اسلحہ رکھنے والوں اور سنگین وارداتوں میں ملوث 9 ملزمان اور 4 افغان باشندوں کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے اسلحہ، ایمونیشن، چرس برآمد کر کے ان کے خلاف کارروائی شروع کر دی۔ پولیس کے مطابق ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ ضیاء مندوخیل کی خصوصی ہدایت پر ایس ڈی پی او صدر ڈویژن شفقت (باقی صفحہ 3 نمبر 4)

کوئٹہ میں معاشی، سماجی اور ثقافتی حقوق سے متعلق بین الاقوامی عہدنامے کے حوالے سے مشاورتی سیشن کا انعقاد

کوئٹہ (خ ن) وزارت انسانی حقوق حکومت پاکستان نے صوبائی محکمہ سماجی بہبود و انسانی حقوق کے اشتراک سے کوئٹہ میں معاشی، سماجی اور ثقافتی حقوق سے متعلق بین الاقوامی عہدنامے کے حوالے سے ایک صوبائی مشاورتی سیشن کا انعقاد کیا۔

بلوچستان فوڈ اتھارٹی اور نیوٹریشن انٹرنیشنل کے مشترکہ تعاون سے ٹریننگ کا انعقاد

آیوڈین کی کمی جیسے صحت عامہ کے مسائل پر قابو پانے کیلئے ایسے تربیتی پروگرام نہایت اہم ہیں

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان فوڈ اتھارٹی اور نیوٹریشن انٹرنیشنل کے مشترکہ تعاون سے بلوچستان فوڈ اتھارٹی کے فوڈ سیفٹی افسران (FSOs) اور سالٹ پروسیسرز کے لیے سالٹ فورٹیفکیشن پروگرام کے موضوع پر ایک روزہ ریفریشر ٹریننگ کا انعقاد کیا گیا۔ تربیتی پروگرام کا مقصد آیوڈائزڈ نمک کی معیاری پیداوار، موثر مانیٹرنگ، کوالٹی کنٹرول، پالیسیوں اور رہنما اصولوں (باقی صفحہ 3 نمبر 5)

کوئٹہ، چیئرپرسن بلوچستان کمیشن آن اسٹیٹس آف وومن محترمہ کرن بلوچ، وزارت انسانی حقوق کے ڈائریکٹر برائے بین الاقوامی تعاون ڈاکٹر عارف لغاری و دیگر شرکاء کا وزارت انسانی حقوق کے زیراہتمام محکمہ سماجی بہبود کے اشتراک سے منعقدہ صوبائی مشاورتی اجلاس کے اختتام پر گروپ فوٹو

ڈپٹی کمشنر چمن حبیب احمد بنگلزئی کی زیر صدارت اجلاس

تقریبات کو کامیاب بنانے کے لیے دیگر انتظامی امور پر بھی تفصیلی غور

چمن (خ ن) ڈپٹی کمشنر چمن حبیب احمد بنگلزئی کی زیر صدارت 14 اگست یوم آزادی پاکستان کی تقریبات کے انتظامات اور تیاریوں کے حوالے سے اہم اجلاس ڈپٹی کمشنر میٹنگ ہال چمن میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈی ایس پی چمن اشتیاق احمد ایم ایس ٹیو ڈی ایچ کیو ہسپتال چمن ڈاکٹر اویس ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر، ضلعی محکموں کے سربراہان، بوائز ڈگری کالج کے پرنسپل، میونسپل کارپوریشن، ضلعی آئی ٹی آفیسر، IRC، UNICEF اور دیگر متعلقہ اداروں کے نمائندگان نے شرکت کی۔ اجلاس میں یوم آزادی کی تقریبات کو شایان شان، (باقی صفحہ 3 نمبر 29)

کچی بیگ میں گیس لیکج کے باعث دھماکے سے گھر میں آگ بھڑک اٹھی ایک شخص زخمی

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ کے نواحی علاقے کچی بیگ میں گیس لیکج کے باعث دھماکے سے گھر میں آگ بھڑک اٹھی جس سے جھلس کر ایک شخص زخمی ہو گیا فائر بریگیڈ کے عملے نے آگ پر قابو پالیا ذرائع کے مطابق گزشتہ روز کچی بیگ کے علاقے میں ایک گھر میں گیس لیکج کے باعث (باقی صفحہ 3 نمبر 23)

علامہ محمد عمر دین پوری ڈیجیٹل لائبریری کے حوالے سے خضدار میں پیدا ہونے والا معاملہ

ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی کی دور اندیشی، تحمل اور میانہ روی کے باعث پرامن طور پر حل ہو گیا

خضدار (آن لائن) علامہ محمد عمر دین پوری ڈیجیٹل لائبریری کے حوالے سے خضدار میں پیدا ہونے والا معاملہ ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی کی دور اندیشی، تحمل اور میانہ روی کے باعث پرامن طور پر حل ہو گیا۔ تفصیلات کے مطابق اس مسئلے کو وزیراعلیٰ بلوچستان کے نوٹس میں لایا گیا انہوں نے ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی سے رابطہ کیا۔ اور رات گئے ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی خود موقع پر پہنچے۔ انہوں نے طلبہ کے نمائندگان سیر تفصیلی گفتگو کی۔ ڈپٹی کمشنر خضدار نے طلباء کے موقف کو تحمل سے سنا اور باہمی افہام و تفہیم کے ذریعے مسئلے کے حل کے (باقی صفحہ 3 نمبر 28)

جعفرآباد پولیس نے 55 کلو چرس اسمگل کرنے کی کوشش ناکام بناتے ہوئے 3 ملزمان کو گرفتار کرلیا

کوئٹہ (آن لائن) جعفرآباد پولیس نے منشیات کے خلاف بڑی کارروائی کرتے ہوئے کوئٹہ سے سندھ 55 کلوگرام چرس اسمگل کرنے کی کوشش ناکام بنا کر تین ملزمان کو گرفتار کرلیا جبکہ اسمگلنگ میں استعمال ہونے والی گاڑی بھی قبضے میں لے لی۔ پولیس کے مطابق کارروائی انسپکٹر (باقی صفحہ 3 نمبر 22)

آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن کے زیراہتمام منعقدہ تقریب سے چیئرمین ملک عبدالغفار مندوخیل، صدر عبدالسلام اچکزئی، ملک مجیب مجتزئی، عیسیٰ روشان، حاجی احسان الدین کبزئی، دارا خان جوگیزئی، عزیز خان کھیتران، سردار خیر افغان، میر محمد کریم لہڑی، حاجی عبدالمالک، اسحاق خان، میر منظور مینگل، قاضی عبدالستار کھوسہ، صاحبزادہ کلیم اللہ، میر عدنان لہڑی خطاب کر رہے ہیں

دکی میں زمینداروں اور کاشتکاروں کے مسائل کے حل کیلئے کھلی کچہری

لائیو اسٹاک کے مسائل پر کھلی کچہری، متعلقہ محکموں کو عوامی شکایات فوری نمٹانے کی ہدایت

دکی (خ ن) ضلعی انتظامیہ دکی کے زیر اہتمام زمینداروں، کاشتکاروں، محکمہ زراعت اور مال مویشی کے شعبے سے وابستہ افراد کو درپیش مسائل کے حل کے لیے ایک پروقار کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا، جس میں اسسٹنٹ کمشنر دکی محمد اکرم خان حریفال، کرنل شاہد بلال، ایس پی دکی منصور احمد بزدار، اسسٹنٹ کمشنر تھل چوتیالی عبدالسلام، اسسٹنٹ کمشنر لونی فتح محمد ہنگلزئی، تحصیلدار سردار عبدالرزاق دمڑ سمیت مختلف سرکاری محکموں کے اعلیٰ افسران نے شرکت کی۔ کھلی کچہری میں ضلع بھر سے تعلق رکھنے والے زمینداروں، کاشتکاروں اور مویشی پال حضرات نے (باقی صفحہ 3 نمبر 24)

پشتون بلوچ اقوام میں شدید بے چینی اور عدم تحفظ کا احساس بڑھتا جا رہا ہے، اے این پی

کوئٹہ (آن لائن) عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی جنرل سیکرٹری مابت کاکا نے شہدا اگست کو ان کی لازوال قربانیوں پر زبردست خراج تحسین اور خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ ان عظیم شہدا نے امن کے قیام دہشت گردی کے خلاف انسانی حقوق اور پشتون قوم کے (باقی صفحہ 3 نمبر 25)

کوئٹہ، چیئرپرسن بلوچستان کمیشن آن اسٹیٹس آف وومن محترمہ کرن بلوچ، وزارت انسانی حقوق کے ڈائریکٹر برائے بین الاقوامی تعاون ڈاکٹر عارف لغاری و دیگر مقررین وزارت انسانی حقوق کے زیراہتمام محکمہ سماجی بہبود کے اشتراک سے منعقدہ صوبائی مشاورتی اجلاس کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

چیف ایڈیٹر و پبلشر محمد عاطف خان نے السعید پرنٹنگ پریس مشن روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ تعمیر وطن کوئٹہ اسٹینڈرڈ کمپلیکس مشن روڈ کوئٹہ سے شائع کیا فون فیکس: 2824878 موبائل نمبر 03337867133 ای میل: twnisb@gmail.com tameerewatan33@gmail.com